معمولاتِ مطب سلیمی اور صمدی اکسیری مخفی نسخہ جات و سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

المسمّٰی بہ

# مجرباتِ سلطانی

LIKE US ON facebook
Tibbi Books for Atiba Karam

## اوّل تا چہارم

زبدۃ الحکماء حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار جلال الدین ہسپتال بلڈنگ لاہور

| | | | |
|---|---|---|---|
| | 45 | مجربات امراض مخصوصہ مردان | 50 |
| استسقاء زقی | 43 | کشتہ شنگرف | 51 |
| کشتہ منور (لوہے چون) | 44 | اکسیر اعظم | 51 |
| کشتہ فولاد | 44 | کشتہ شنگرف | 53 |
| کشتہ منور خاص الخاص | 45 | کشتہ چاندی | 53 |
| عرق مرکب برائے ورم احشاء | 45 | کشتہ شنگرف | 54 |
| کشتہ منور (لوہ چون) | 45 | معجون برائے سرعت انزال | 55 |
| عرق برائے طحال | 45 | کشتہ فولاد شنگرفی | 55 |
| گولیاں برائے طحال | 46 | اکسیر اعظم | 55 |
| ضماد برائے طحال | 46 | گولیاں لاثانی | 56 |
| گولیاں طحال | 46 | کشتہ پارہ | 56 |
| استسقاء..... | 46 | گولیاں مقوی باہ و ممسک نمبر1 | 57 |
| دوائے یرقان | 46 | کشتہ شنگرف قائم النار | 57 |
| مجربات امراض گردہ مثانہ | 47 | گولیاں مقوی باہ و ممسک نمبر2 | 57 |
| سفوف برائے ریگ و پتھری | 47 | کشتہ شنگرف قائم النار بے دود | 58 |
| سفوف برائے ریگ و پتھری وغیرہ | 47 | کشتہ نقرہ | 59 |
| کشتہ سنگ یہود | 47 | سفوف اکسیر جریان | 59 |
| حب درد گردہ | 48 | کشتہ قلعی برائے جریان | 59 |
| درد گردہ کی تیر بہدف دوائی | 48 | گولیاں عجیبہ قوت باہ و امساک | 59 |
| کشتہ بیضہ مرغ | 48 | کشتہ قلعی برائے جریان نمبر2 | 60 |
| سکنجبین دافع | 48 | سفوف جریان و رقت منی | 60 |
| ریگ مثانہ | 48 | معجون چوب چینی | 60 |
| سفوف حرقۃ البول | 49 | معجون جریان و قوت باہ | 61 |
| سفوف سوزاک و بول بند شدہ | 49 | کشتہ چاندی | 61 |
| دوائے ریگ گردہ | 49 | علاج کثرت احتلام | 61 |
| اکسیر سوزاک و قرحہ | 49 | طلائے نامرد | 62 |
| پچکاری سوزاک | 50 | طلائے قوت باہ | 62 |
| اکسیر سوزاک | 50 | گولیاں اکسیر باہ | 63 |
| دوائے سوزاک و قرحہ | 50 | حب خاص عنبری | 63 |


1370
2

| | |
|---|---|
| کشتہ شنگرف اکسیری | 63 |
| سفوف اکسیر جریان و کثرت احتلام | 64 |
| گولیاں ذکاوت حس و احتلام | 64 |
| معجون دافع جریان و گرمی | 65 |
| معجون مقوی باہ و مغلظ منی | 65 |
| طلائے دافع سستی و کمزوری | 66 |
| مجربات امرض زناں | 66 |
| گولیاں برائے ادرار حیض و بانجھ پن | 66 |
| گولیاں مدر حیض | 67 |
| گولیاں مدر حیض برائے سرد مزاج | 67 |
| جوشاندہ برائے اسقاط حمل | 67 |
| شربت اکسیر دافع درد حیض و بے قاعدگی | 68 |
| اختناق الرحم | 68 |
| حب نورانی | 68 |
| جوشاندہ برائے ادرار حیض | 69 |
| اکسیر ورم رحم | 69 |
| دیگر اکسیری ورم رحم | 69 |
| عرق مرکب برائے ورم رحم | 70 |
| مجربات حمیات (تپ) | 70 |
| شربت اکسیر تپ ہر قسم | 70 |
| اکسیر تپ ہر قسم | 71 |
| اکسیر تپ بلغمی | 71 |
| اکسیر تپ صفراوی | 71 |
| کشتہ ابرک برائے تپ ہر قسم | 72 |
| گولیاں تپ ہر قسم | 72 |
| اکسیر مبارکی و حب | 73 |
| اکسیر مبارکی و حب (خسرہ) | 73 |
| اکسیر اسہال مبارکی | 73 |
| دوائے چیچک | 74 |
| کشتہ سنکھ | 74 |
| مجربات امراض جلد و عام جسم | 74 |
| گولیاں اکسیر آتشک نمبر1 | 74 |
| گولیاں آتشک نمبر2 | 75 |
| اکسیر خارش خشک و تر | 75 |
| عرق مصفی خون | 75 |
| عرق آتشک و جذام | 76 |
| تریاق طاعون | 76 |
| حب اکسیر ماشرہ و حمرہ و نملہ | 76 |
| حب اکسیر داد یعنی دھری | 77 |
| مرہم عجیب      مرہم بے نظیر | 77 |
| پھوڑوں کے پکانیوالا عمدہ      پلٹس | 77 |
| نسخہ برائے چوٹ و ضرب اکسیر | 78 |
| عرق مصفی خون      ضماد اکسیر چنبل | 78 |
| اکسیر خارش وغیرہ | 78 |
| گولیاں برائے آتشک | 78 |
| گولیاں قرحہ باطنی      ضماد چنبل کہنہ | 79 |
| مرہم اکسیر خنازیر یعنی کنٹھمالا | 79 |
| دوائے مار گزیدہ نمبر1 | 80 |
| دوائے خارش تر نمبر2 | 81 |
| گولیاں برائے کنٹھیا | 81 |
| حبوب کچلہ برائے وجع المفاصل | 81 |
| روغن اوجاع      متفرقات | 82 |
| تریاق زہر پارہ، رسکپور وغیرہ | 82 |
| بال اڑانے کا بہترین عرق | 82 |
| نیلہ تھوتھہ سے تانبہ نکالنے کا سہل طریق | 83 |
| سفوف حابس      خون ہر قسم | 83 |
| گولیاں درد اعصابی و عرق النساء | 83 |
| سندات | 84 |

# مجربات سلطانی حصہ اول

## مقدمہ

الحمد للہ الذی اعطانا المجربات الصدریتہ و الرموز الخفیتہ لفیض لا نام من الخواص والعوام ووھب لنا حکمتہ بالغتہ یشفی بھا المریض شفاء کاملتہ والصلوتہ والسلام علی رسولہ الحکیم لامراض کل سقیم وعلی الہ الکرام واصحابہ لعظام الذین کانو معالجین للا سقام والذین اتبعوھم باحسان خصوصا علی سیدنا و مرشدنا والرشدنا سلطان العارفین برھان الواصلین۔ فنا فی ھوا الغنی الحضرت السلطان باھو رحمتہ اللہ علیہ وعلی مخدومنا المعصوم من لنا الموسوم بنور احمد غفرلہ الصمد

امابعد۔ التماس ہے کہ اگرچہ اس سے پیشتر مجربات کی بہت سی کتابیں چھپ چکی ہیں۔ مثلاً رموز الاطباء۔ اسرار صدری۔ اسرار الاطباء صدری مجربات۔ گلدستہ مجربات۔ مجربات مان سنگھ وغیرہ وغیرہ مگر بقول شخصے۔

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

اپنے مجربات مخفیہ وکنوز صدریہ کا یہ حقیر سا مجموعہ فیض عوام کے لئے اپنے بھائیوں کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

نیاز مند کو علم طب حاصل کرنے سے قبل ہی نسخہ جات کے سیکھنے کا بڑا شوق اور محبت تھی۔ اسی لئے جس شخص کے ہاں کوئی اچھا نسخہ سنتا۔ اسے حتی الوسع حاصل کر کے تجربہ کرتا یا لکھ کر اپنے پاس رکھ لیتا۔ اور عام طور پر سیاحوں، درویشوں، معلموں، متعلموں، فقیروں، حکیموں، سنیاسیوں وغیرہ سے نسخہ جات نیز عملیات کے متعلق استفسار کرتا رہتا۔ بدیں خیال کہ عموماً ہر ایک آدمی کے پاس کوئی نہ کوئی چھوٹا بڑا نسخہ یا عمل ضرور ہوتا ہے۔ بعدہ حصول علم طب کے دنوں میں تو اس مقصد کے لئے سعی بلیغ سے کام لیا گیا یعنی اپنے لائق فائق استادوں، ہم جماعتوں، عام حکیموں، جوگیوں، سنیاسیوں وغیرہ کی خدمتیں خوشامدیں کر کے مجرب اور غیر مجرب نسخہ جات کا بہت کچھ ذخیرہ جمع کیا۔ پھر جب اپنا مطب کھولا تو ان کا بار بار تجربہ کرنے پر جو جو نسخہ جات درست اور قابل اطمینان ثابت ہوئے انہیں محفوظ رکھنے کے علاوہ پریکٹس کے دوران میں اور بہت کچھ صدری اکسیری معتمد علیہ نسخہ جات حاصل کئے۔ خصوصاً حضرت استاد زمان لقمان دوران رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے بیاض کے نسخے اور خاص الخاص معمولات مطب قابل ذکر ہیں۔

الغرض جب مجربات میرے پاس کافی تعداد میں جمع ہو گئے۔ تو عرصہ تک زیر استعمال رکھ کر آخر مقتضائے حدیث شریف خیر الناس من ینفع الناس ان رازہائے سربستہ کو ظاہر کرنے کا خیال پیدا

ہوا۔ جو بخل وحسد کو بالائے طاق رکھ کر بلا کم وکاست پوری وضاحت سے تحریر کئے گئے ہیں اور قیمت بھی قیمتی نسخہ جات کے لحاظ سے بہت کم رکھی گئی ہے جو کہ دراصل صرف ایک ہی نسخہ کا چالیسواں حصہ بھی متصور نہیں ہو سکتی۔

پس قوی امید ہے کہ ناظرین کرام بہ نظر منصفانہ میرے ان خاص الخاص مجربات کی پوری طرح قدر فرمائیں گے۔ اور کماحقہ تجربہ کر کے اپنی قیمتی رائے سے آگاہ فرما کر مشکور و مسرور فرمائیں گے۔ فقط والسلام مع الاکرام۔

## مقدمہ طبع سوم

مجربات سلطانی کی مقبولیت عامہ کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ اس کا پہلا ایڈیشن تین چار ماہ میں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا۔ ضرورۃً دوسرا ایڈیشن چند بے نظیر نسخہ جات کے اضافہ سے پیش کیا گیا۔ جس کے کچھ عرصہ بعد ہی نیازمند "مصنف" کی طبیعت بیمار ہو گئی اور کتاب کی طرف کوئی توجہ نہ رہی اور نہ ہی کوئی اشتہار وغیرہ دیا جا سکا۔ کتاب کی خوبی کا اور بھی بھاری ثبوت ہے کہ یہ بغیر کسی اشتہار کے فروخت ہو گئی۔

مجھے زیادہ خوشی اس لئے ہے کہ اطبائے کرام نے مجربات سلطانی حصہ اول کو حاصل کرنے کے بعد بھلا نہیں دیا۔ بلکہ اس کے نسخوں کو بارہا تجربہ کیا۔ اور بعض احباب نے تو اس کے خاص نسخوں کو معمول مطب بنا لیا اور سب سے زیادہ خوشی اس بات کی ہے کہ مجربات سلطانی کو "جو نہایت خلوص اور نیک خیالی سے پیش کی گئی تھی" مقبولیت عامہ حاصل ہوئی۔

جب سے مجربات سلطانی حصہ اول شائع ہوئی ہے اس کی دوسری جلد کا عام طور پر مطالبہ کیا جا رہا۔ میں نے جان بوجھ کر اس میں تاخیر کی۔ کیونکہ میں دیکھنا چاہتا تھا کہ حصہ اول کے مجربات کہاں تک پسند کئے جاتے ہیں۔ میرا خیال تھا کہ اگر میرے مجربات ناپسند کئے گئے تو پھر مجربات شائع کرنے سے کوئی فائدہ نہ ہو گا۔

مگر جب میں نے اس تحریک میں کامیابی کے آثار دیکھے تے مجربات سلطانی حصہ دوم کے تیار کرنے پر آمادہ ہو گیا۔ چنانچہ حصہ دوم ایک مبسوط کتاب کی صورت میں نہایت آب و تاب سے چھپ گیا۔

مجربات سلطانی کے اس ایڈیشن کی ترتیب میں اور بعض بعض جگہ عبارتوں میں بھی ضرورت سمجھ کر تبدیلی کر دی گئی۔ مگر نسخہ جات میں قطعاً کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ نیز فہرست مضامین بھی لگا دی گئی ہے اسی طرح بعض اور جزوی اصلاحات کی گئی ہیں جس سے کتاب کا حجم بڑھ گیا ہے۔ مگر قیمت میں اضافہ نہیں کیا گیا۔

آخر میں اطبائے کرام و ناظرین عظام سے مودبانہ التجا ہے کہ وہ اس مفید و نایاب مجموعہ کو اپنا دستور العمل بنائیں۔ نیز اپنے احباب کو بھی ان کے معمول مطب بنانے کی طرف متوجہ کریں۔

مجھے یقین واثق ہے کہ آپ ان مجربات کو عمل کی کسوٹی پر لا کر ضرور محظوظ و مسرور ہوں گے۔ اور

اس نادر مجموعہ کو نہایت مفید پائیں گے۔ گو نسخہ جات سب سچے اور آزمودہ ہیں مگر آپ جن جن نسخہ جات کو آزمائیں۔ ان کے متعلق دفتر میں ضرور اطلاع دیں۔ تاکہ یہ تصدیقات طبع چہارم کے ساتھ چھپ کر عوام کے لئے اطمینان کا باعث ہوں۔

مولف

# مجربات سلطانی حصہ اول

## مجربات امراض سر

### • معجون مقوی دماغ و بدن

یہ نسخہ حضرت استاذ الاطباء علامہ زمان استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا عطیہ ہے۔ اعلیٰ درجہ مقوی دماغ ہے۔ بدن کو طاقت بخشتی ہے۔ حافظہ کو تیز کرتی ہے۔ بدن کو موٹا و تازہ کرتی ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کے لئے عجیب تحفہ ہے۔ جس کا کئی دفعہ تجربہ کیا جا چکا ہے۔

**اجزاو ترکیب**: دال نخود، دال ماش، دال مونگ، نشاستہ، مغز بادام مقشر، خشخاش ہر ایک ایک پاؤ، دانہ الائچی خورد، دارچینی ہر ایک دو تولہ، گھی، کھانڈ ہر ایک 1 سیر۔

پہلے دال نخود، دال ماش، دال مونگ کو کڑھائی میں بریاں کریں۔ جلنے نہ پاویں۔ پھر باریک پیس کر بمعہ نشاستہ کے گھی مذکور میں نرم آنچ پر بریاں کریں۔ جب سرخ ہو جاوے۔ تو باقی دوائیں باریک شدہ ملا لیں۔ بعد میں کھانڈ ملا کر چمچہ سے خوب ہلائیں تاکہ یکذات ہو جاویں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**: تین تین تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر موسم سرما ہو تو گرم کر لینا اچھا ہے۔ گرم ترش اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

**فوائد**: دماغ و بدن کو طاقت دیتی ہے۔ حافظہ کو تیز کرتی ہے۔ بدن کو موٹا کرتی ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کو بطور ناشتہ استعمال کرائی جاتی ہے۔

### ② معجون مقوی دماغ

مقوی دماغ و مقوی معدہ ہے۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔ نہایت آسان ہے۔

**اجزاو ترکیب**: پوست ہلیلہ زرد، پوست بہیڑہ، آملہ، خشخاش ہر ایک تین تولہ، اسطوخودوس ایک تولہ، کشنیز مقشر دو تولہ، مغز بادام پانچ تولہ، مغز تخم کدو، مغز تخم تربوز، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم خیارین، مغز نارجیل ہر ایک چھ تولہ، ورق چاندی 50 عدد مصری دیسی ایک سیر۔

پہلی تینوں دوائیں کوٹ چھان کر بادام روغن میں چرب کریں پھر باقی ادویات کو باریک کوٹ کر سب کو ملا لیں۔ اور مصری کا قوام کر کے سب دوائیں بمعہ ورق چاندی ملا کر معجون بنا لیں۔

**ترکیب استعمال**: نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

## ③ اکسیر درد سر ہر قسم

اس کا کئی دفعہ تجربہ ہوا ہے۔ پرانے اور نئے درد سر دونوں کے لئے اکسیر ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔ جن کو درد سر ہمیشہ رہتا ہو۔ وہ ضرور استعمال فرماویں۔ برسوں کے درد سر اس معجون کے استعمال سے اچھے ہوئے۔

**اجزا و ترکیب**: صندل سفید، کتھا، پوست ہلیلہ کابلی، خشخاش ہر ایک تین تولہ، آملہ پانچ تولہ، پوست ہلیلہ زرد گل سرخ ہر ایک 9 تولہ، ہلیلہ سیاہ، گل بنفشہ، مغز خیار شنبر، بریاں یعنی گودہ املتاس ہر ایک 2 تولہ، تربد یعنی تردی عمدہ، کشنیز خشک ہر ایک آٹھ تولہ۔ مغز بادام چھ تولہ۔

سب دوائیں الگ الگ باریک کوٹ چھان کر بادام روغن یا گائے کے پانچ تولہ گھی میں چرب کریں۔ پھر تین پاؤ مصری کا قوام کر کے اس میں ملا کر حل کریں اور ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گائے استعمال کرائیں۔ غذا دال ماش، دال مونگ، پالک، کدو، توری، شوربہ سری بز، شوربہ بچہ مرغ، یخنی گوشت بز، شوربہ نخود، کھچڑی، دودھ، گھی اور مکھن کثرت سے استعمال کرائیں۔ جب تک دوائی کا استعمال رہے۔ جماع سے بھی پرہیز چاہئے۔

## ④ اطریفل درد سر بوجہ ضعف دماغی

جو درد سر ضعف دماغ کی وجہ سے ہو۔ اس معجون کے استعمال سے زائل ہو جاتا ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب اور آزمودہ ہے۔ ہم اپنے مریضوں پر ہمیشہ اس کا استعمال کراتے ہیں۔

**اجزا و ترکیب**: پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست بہیڑہ، سونف ہر ایک دو تولہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، ہر ایک 2 ماشہ، مغز بادام 1 تولہ، مغز نارجیل (گری کھوپہ) 3 چھٹانک کشنیز خشک 14 تولہ، مصری دیسی 3 چھٹانک۔

پہلی چاروں ادویات کو باریک کوٹ چھان کر سات تولہ بادام روغن میں چرب کریں۔ (غریبوں کے لئے بادام روغن کی بجائے گائے کا گھی بھی کافی ہو سکتا ہے) پھر باقی دوائیں باریک کوٹ کر چرب شدہ ادویات میں ملا لیں۔ اور مصری کا قوام کر کے معجون بنائیں۔ پھر ایک ڈبیہ میں بند کر کے غلہ گندم میں دفن کر دیں۔ بارہ روز بعد نکال لیویں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**: نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے استعمال کرائیں۔

## ⑤ نسوار دافع نزلہ

درد سر بلغمی، عصابہ، شقیقہ، مرگی، ام الصبیان، بے ہوشی وغیرہ کے لئے نہایت مجرب ہے اور تیر بہدف، بظاہر تو یہ نسخہ معمولی اور حقیر نظر آتا ہے مگر قدر اسی شخص کو معلوم ہو گا۔ جو ایک دفعہ بنا کر تجربہ کرے گا۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے لائق ہے۔

**اجزا و ترکیب**: باسمتی کے چاول حسب ضرورت کسی چھوٹے سے برتن میں ڈال کر اس پر آک کا

دودھ اس قدر ڈالیں کہ چاول غرق ہو جاویں۔ پھر غبار وغیرہ سے بچا کر رکھ دیویں۔ جب خشک ہو جائے تو پھر ایک دفعہ مذکورہ بالا طریق پر آک کے دودھ سے تر اور خشک کریں۔ پھر باریک پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** نصف رتی کا قدر نسوار لیں اور بے ہوشی ہر قسم، مرگی، ام الصبیان اور سردی دماغ کے لئے ایک رتی کا قدر ناک میں زور سے چڑھائیں۔ تھوڑی دیر بعد چھینک آکر ہوش آجاوے گی۔

**احتیاط:** مقررہ مقدار سے زیادہ نسوار مت لیں اور اگر بالفرض اتنے وزن سے چھینکیں نہ آئیں۔ تو دس منٹ بعد پھر استعمال کرائیں۔ کیونکہ یہ دیر بعد اثر کرتی ہے۔

**نوٹ:** اگر چھینکیں بند کرنی مطلوب ہوں تو بادام روغن یا گرم گھی کی نسوار لیں۔

**فوائد:** درد سر بلغمی، شقیقہ، عصابہ، مرگی، ام الصبیان، بے ہوشی سردی دماغ کے لئے نہایت مفید ہے۔ درد دانت کے لئے بھی اچھی چیز ہے۔

## ⑥ نسوار برائے نزلہ

زکام، شقیقہ، عصابہ، مرگی، ام الصبیان وغیرہ کے واسطے مجرب ہے۔ رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** کندش (نک چھکنی) کشمیری پتر، اسطو خودوس ہر ایک 2 تولہ، نوشادر 7 ماشہ، چھلکا ریٹھہ 5 ماشہ۔ سب دوائیں باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت تھوڑی سی نسوار لیں۔

**فوائد:** نزلہ، زکام، شقیقہ مرگی، ام الصبیان، عصابہ کے لئے معمول ہے۔

## ⑦ لیپ درد سر بارد 1

اس درد سر کے لئے جو سردی کی وجہ سے ہو نہایت مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** جائفل دو عدد باریک کوٹ کر تلوں کا تیل اس قدر ملائیں کہ پتلا سا لیپ بن جائے۔ پھر گرم کر کے پیشانی پر لیپ کر دیں۔

## ⑧ لیپ درد سر بارد 2

تمباکو باریک پیس کر تلوں کا تیل ملا کر لیپ کریں۔

## ⑨ ضماد درد سر حار

اس درد سر کے لئے جو گرمی کی وجہ سے ہو نہایت مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** مجیٹھ باریک پیس کر بقدر ضرورت پانی ملا کر خوب گھوٹ کر پیشانی پر ضماد کریں۔

## ⑩ ضماد درد سر شدید

درد سر شدید (سخت) کو تسکین دینے کے لئے نہایت عجیب ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** گوند کیکر اصلی 3 ماشہ، افیون دو رتی، زعفران چار رتی، باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر گھوٹیں جب ضماد بن جائے تو کنپٹیوں پر ضماد کریں۔ خشک ہونے پر درد کو آرام ہو جائے گا۔

## علاج فالج، لقوہ، استرخا، تشنج، رعشہ، کزاز، تمدد

جو ارسطوئے زمان افلاطون دوران رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری مرحوم کا طریق علاج ہے۔ ہمارا بھی یہی معمول ہے۔

ان امراض کے شروع میں چار پانچ دن تک غذا مطلق نہ دیں۔ صرف ماء العسل و شوربہ کبوتر پر اکتفا کریں۔ اول طاقت کے لئے ورق طلا ایک عدد۔ مویز منقی ایک عدد صبح و شام دیا کریں۔ چار پانچ دن کے بعد جب مریض کو ذرا طاقت آجائے تو منضج ذیل شروع کر دیں۔

## (11) منضج فالج وغیرہ

یہ منضج کا نسخہ لقوہ، رعشہ، تشنج، استرخا، تمدد، کزاز وغیرہ کے لئے خصوصاً جب کہ مادہ بلغمی ہو اور پٹھوں میں بلغم نفوذ کر گیا ہو۔ عجیب الاثر ہے۔ اس کے چند روز استعمال کرانے سے مریض کو آرام ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** بیخ سونف نیم کوفتہ، بیخ کاسنی نیم کوفتہ، خبازی سونف نیم کوفتہ، خطمی۔ ہر ایک 6 ماشہ، بیخ اذخر نیم کوفتہ، بنفشہ، ملٹھی نیم کوفتہ ہر ایک 5 ماشہ، بیخ کبر نیم کوفتہ 3 ماشہ، مویز منقی 9 دانہ، گلقند بنفشہ تین تولہ۔

گلقند کے سوائے تمام دواؤں کو آدھ سیر پانی میں ابال لیا جائے۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جاوے تو گرما گرم ہی گلقند پر ڈال کر خوب مل کر اور صاف کر کے پلایا جائے۔ اسی طرح صبح و شام 9 دن استعمال کرا کر مسہل مندرجہ ذیل دیا جائے۔

**نوٹ:** جس جگہ گلقند بنفشہ نہ مل سکے۔ گلقند گلاب 5 تولہ ملائی جاوے۔

## (12) مسہل فالج وغیرہ

فالج، لقوہ، تشنج، وجع مفاصل، خنازیر، تپ بلغمی وغیرہ تمام امراض بلغمیہ کے علاوہ عام طور پر سب امراض کے لئے یہ مسہل ہمیشہ استعمال ہوتا ہے۔ تینوں اخلاط آسانی سے نکالتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** تروی، جلابہ ہر ایک 4 ماشہ، رب السوس، سونٹھ، کتیرا، غاریقون ہر ایک تین رتی، سب دوائیں باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** علی الصبح گرم پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ ایک دفعہ پھر منضج مذکورہ 9 دن استعمال کرا کر یہی مسہل دیویں۔ بعدہ یہ گولیاں شروع کرائیں۔

## (13) گولیاں برائے فالج وغیرہ

**اجزاو ترکیب:** زنجبیل' راسن' پوکھرمول' اسگندھ' جوائن دیسی' چبک جوائن' پیپلا مول' دل جوائن' پوست ریٹھہ' بھوگل سوئے' کائی پھل' آردبیخ آک' جائفل' تج' کچور' بدھارا السن یعنی تھوم' زیرہ سیاہ' چترہ' بھلاوہ' تخم حرمل' لونگ' عقرقرحا' تربد یعنی تروی' گھماں' بابڑنگ' آردبیخ سوہانجنہ ہر ایک 6 ماشہ' قند سیاہ کہنہ دو تولہ۔

سب دوائیں باریک کر کے تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر گھوٹنا شروع کریں۔ جب گولی بننے کے قابل ہو جائے تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب گرم یا ماء العسل وغیرہ استعمال کرائیں۔ یہ روغن بنا کر روزانہ دو وقت مالش کیا کریں۔

**فوائد:** فالج' ادھرنگ' لقوہ' رعشہ' تشنج' استرخا تمدد' کزاز وجع مفاصل' تمام ریحی امراض کے لئے نہایت مفید ہیں۔

## (14) روغن برائے فالج

**اجزاو ترکیب:** لونگ' جائفل' عقرقرحا ہر ایک ایک تولہ' مال کنگنی 2 تولہ' دھماں تین ماشہ' افیون ایک ماشہ' روغن السی تین تولہ' جندبید ستر 4 رتی۔

سب دوائیں کوٹ کر روغن السی میں جوش دیویں۔ جب جل جاویں تو روغن کو چھان لیں اور زعفران ایک ماشہ باریک شدہ ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** گرم کر کے دو وقت مالش کیا کریں۔

**نوٹ:** یہ چاروں نسخہ جات جناب معلی القاب مفتی صاحب کے معمول مطب ہیں۔

## (15) روغن برائے استرخاو تشنج بارد

یہ روغن استرخا اور تشنج بارد کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ حضرت مفتی صاحب کے معمولات میں سے ہے۔ جب کسی عضو کی حس و حرکت باطل ہو جائے۔ مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** روغن مال کنگنی 5 تولہ' سم الفار سفید تین ماشہ۔ سم الفار کو کھرل کر کے روغن مال کنگنی میں ایک کڑچھی میں ڈال کر جلائیں۔ یعنی خوب تین چار جوش دیویں۔ پھر شیشی میں ڈال لیں۔ جو روغن اوپر تیر آئے۔ اسے گرم کر کے مالش کیا کریں۔

**احتیاط:** سم الفار کے دھواں سے آنکھوں کو بچانا چاہئے۔

**کشتہ شنگرف** کے دو اکسیری نسخہ جات 131 و 132 نامردی کے بیان میں درج کئے گئے ہیں۔ جو کہ فالج' لقوہ' رعشہ' تشنج' استرخا' خدر' کزاز' ضعف اعصاب وغیرہ کے لئے از بس مفید ہیں۔ وہاں سے ملاحظہ فرماویں۔

نیز ایک نسخہ شنگرف و سم الفار کا مرکب مجربات سلطانی حصہ دوم میں درج ہوا ہے۔ جو نہایت اعلیٰ شے ہے۔

## (16) کشتہ از راقی (کچلہ)

جو کہ رعشہ، تشنج، استرخا، فالج، لقوہ، وجع المفاصل، پٹھوں کی ناطاقتی، ضعف باہ، امراض ریاحی وغیرہ کے لئے نہایت مفید اور بے مثل ہے۔ اس کے مدبر کرنے کی عام ترکیب یہ ہے کہ بیس پچیس دن تک ریت یا پانی میں بھگوئے رکھتے ہیں۔ پھر دودھ میں بہت کچھ ابالتے ہیں جس سے اس کا اثر تو پانی اور دودھ لے جاتا ہے۔ اور جو باقی لکڑی کی مانند سخت چیز رہ جائے اسے استعمال کراتے ہیں جس کا کوٹنا بھی ایک مصیبت ہوتا ہے۔ اور فائدہ بہت کم ہوتا ہے۔

مدت سے ایسا کامل مکمل نسخہ حاصل کرنے کا شوق تھا۔ جو ان نقائص سے پاک ہو۔ پس جب بفضلہ یہ ہمہ صفت موصوف نسخہ حاصل ہوا ہے۔ ہمیشہ بنا کر استعمال کرتا ہوں۔

**اجزاو ترکیب:** کچلہ حسب ضرورت کسی چینی کے پیالہ میں ڈال کر اس پر آب گھیکوار اس قدر ڈالیں کہ کچلہ سے دو انگل اوپر آجاوے۔ پھر سایہ میں محفوظ رکھیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو اسی طریق پر آب ادرک سے دو دفعہ تر اور خشک کریں۔ پھر ہاون دستہ میں باریک کرلیں۔ نہایت آسانی سے کوٹا جائے گا۔ یہی اس کا وصف ہے۔ دوسرے یہ کہ اس کے پتے نکالنے اور چھلکا اتارنے کی بھی کوئی مصیبت نہیں ہوتی اور اس سے کسی قسم کا ضرر وغیرہ نہیں ہوتا۔ ہاضم و قبض کشا ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی ملائی میں رکھ کر یا دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** پٹھوں کی کل امراض مثلاً فالج، لقوہ وغیرہ، وجع مفاصل، درد ریحی، ضعف معدہ، ضعف باہ، ضعف اعصاب کے لئے مفید ہے۔

## (17) ام الصبیان

یہ مرض مرگی کا ایک قسم ہے۔ جو بچوں کو عارض ہوتا ہے۔ اس میں یک لخت بچہ بے ہوش ہو جاتا ہے۔ ہاتھ اکٹھے ہونے اور کانپنے لگتے ہیں۔ کبھی منہ سے جھاگ آتی ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل داخلی، خارجی علاج مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** عود صلیب باریک پیس کر رکھیں اور لڑکے کو بلحاظ عمر 4 رتی سے ایک ماشہ تک شربت بنفشہ دو تولہ میں ملا کر صبح و شام چٹایا کریں۔

نسوار نمبر 5 مندرجہ صفحہ نمبر 12 دورہ کے وقت استعمال کرائیں۔ فوراً ہوش آجائے گی۔ بفضلہ دوسرے حد تیسرے دورہ میں ہی کلی آرام آجاتا ہے۔ نیز عود صلیب سیاہ دھاگے میں باندھ کر گلے میں لٹکائیں۔ اگر قبض ہو کسٹر آئیل، شہد ہر ایک 6 ماشہ ملا کر چٹائیں۔

## (18) شربت گاؤزبان

یہ نسخہ رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا عطیہ ہے۔ مالیخولیا خصوصاً مراقی کے لئے ازحد مفید ہے۔ دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ نہایت مجرب اور معمول مطب ہے۔

**اجزاو ترکیب**: گاؤ زبان 4 تولہ، گل گاؤ زبان 2 تولہ، بادرنجبویہ ایک تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک، عرق گاؤزبان ہرایک آدھ سیر، مصری ایک سیر۔

خشک دواؤں کو عرقیات میں چار پہر تک بھگوئے رکھیں۔ پھر دو جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: تین تین ماشہ صبح و شام دو چند پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

**فوائد**: مالیخولیا خصوصاً مراقی کے لئے ازحد مفید ہے۔ دل و دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ نہایت مفرح ہے۔

## (19) شربت برائے مالیخولیا مراقی و ریح بواسیر

مالیخولیا مراقی و ریح بواسیر کے تمام عوارض مثلاً ضعف معدہ قبض، کمی اشتہا، ضعف قلب، تبخیر، ریاح وغیرہ کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ اس سے چند دنوں میں ہی بھوک پیدا ہونے لگتی ہے۔ ہاضمہ درست ہو جاتا ہے۔ طبیعت کی پریشانی اور توحش دور ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب**: افسنتین، سونف، گل سرخ، سنبل الطیب (چھڑ کالا) گاؤ زبان، پودینہ ہر ایک چھ تولہ۔

تمام دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے۔ تو مل چھان کر سرکہ انگوری عمدہ ڈیڑھ پاؤ، مصری ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔ سرد کر کے مصطگی 4 تولہ باریک پیس کر ملا دیں۔

**ترکیب استعمال**: تین تین تولہ صبح و شام دو چند عرق گلاب یا پانی ملا کر استعمال کرائیں۔ رات کو سوتے وقت خمیرہ گاؤ زبان سادہ 4 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

**فوائد**: مالیخولیا مراقی ریح بواسیر کے عوارض ضعف جگر و معدہ و قبض، تبخیر، ریاح، توحش، تفکر وغیرہ کے لئے مخصوص ہے۔

## (20) حلوائے بادام

ضعف دماغ کو مفید ہے۔ اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے عجیب ہے۔

**اجزاو ترکیب**: مغز بادام مقشر 1 تولہ، شیر گائے آدھ پاؤ میں گھوٹ لیں۔ پھر مصری 1 پاؤ ملا کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب حلوہ تیار ہو جائے اتار کر دانہ الائچی خورد 1. تولہ باریک کر کے اور ورق نقرہ 40 عدد ملا لیں۔

**ترکیب استعمال**: ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ صبح و شام ایک ایک رتی کشتہ مرجان ملا کر استعمال کرائیں۔

## (21) حلوائے مقوی دماغ۔ دافع نسیان

نہایت مقوی دماغ و مقوی قلب ہے۔ بدن کو طاقت دیتا اور باہ کو بڑھاتا ہے۔ نہایت لذیذ اور عمدہ

ہے۔ جریان کے لئے بھی مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب**: طباشیر، دانہ الائچی خورد۔ بہمن سفید ہر ایک تین تولہ، مغز بادام، مغز اخروٹ ہر ایک د
تولہ، آردماش 10 تولہ روغن زرد، مصری کوزہ ہر ایک ایک پاؤ۔ ورق نقرہ ایک دفتری آردماش کو روغن
زرد میں بریاں کریں۔ مصری کا قوام تیار کرکے آردماش مذکور اس میں ڈالیں۔ اور پھر باقی ادویہ (جو پہلے
باریک کر کے پاس رکھی ہوں) ملا کر ورق نقرہ ایک ایک کرکے ڈالتے جائیں۔ اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔
بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**: ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

**فوائد**: مقوی اعضائے رئیسہ مقوی باہ ہے۔ جریان کے لئے مفید ہے۔ بدن کو طاقت دیتا ہے۔

## (22) مربہ ہلیلہ تیار کرنے کی عجیبہ ترکیب

جو تقویت دماغ کے لئے مخصوص ہے۔ اور عام مربہ ہلیلہ کی نسبت زیادہ موثر ہے۔ بہ نسبت عا
تراکیب مربہ ہلیلہ قبض کشا اور ہاضم زیادہ ہے۔ معدہ اور دماغ کو بھی نسبتاً زیادہ فائدہ کرتا ہے۔ تجربہ کا
اصحاب اس کی ترکیب سے ہی خوب اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ایک سادھو صاحب کا عطیہ ہے۔

**اجزاو ترکیب**: ہرڑ سبز بلاداغ آدھ سیر لے کر مٹی کے کہنہ روغن دار برتن یا مرتبان میں رکھ کر اس پ
گودہ گھیکوار ایک سیر، نمک سونچل، مرچ سیاہ، نوشادر ہر ایک ایک تولہ باریک شدہ ڈالو اور لکڑی وغیرہ سے
خوب ہلا دو۔ پھر چینی سے منہ بند کرکے گل حکمت کرو اور کھاد مویشی میں دفن کر دو۔ موسم گرما میں 11 دن
تک اور سرما میں 21 دن پڑا رہے۔ بعدہ نکال کر اوپر سے سفید ابھار اتار کر ہرڑ الگ کر لو اور ان کا شہد
خالص آدھ سیر میں حسب دستور مربہ تیار کرکے مغز بادام مقشر 10 تولہ مغز پستہ 5 تولہ، دانہ الائچی خورد 2
تولہ، زعفران اصلی 4 رتی باریک کھرل شدہ ملا دو۔ اور کچھ دن منہ باندھ کر پڑا رہنے دو۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک ہرڑ صبح اور رات کو سوتے وقت کھلائیں اور قدرے مصالحہ بھی ساتھ
کھلائیں۔ زیادہ گرم و ترش و قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

**دوسرا طریق استعمال** جو اعلیٰ درجہ مقوی دماغ مقوی معدہ اور قبض کشا ہوتا ہے۔ ہرڑ مذکور کو سکھا کر
گھی میں بریاں کر لو۔ ہرڑ مذکور بریاں شدہ 2 تولہ، نمک طعام، مرچ سیاہ، نمک سونچر ہر ایک ایک ماشہ،
الائچی خورد، اناردانہ، پودینہ، سونف، ہر ایک 6 ماشہ۔ سب دوائیں باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔
نہایت عمدہ ہاضم طعام، مخرج ریاح، قبض کشا چورن تیار ہو جاتا ہے۔

# مجربات امراض چشم

## (23) سرمہ عجیب

جو سوائے موتیا بند اور پھولا چیچک کے تمام امراض چشم کے لئے نہایت مفید ہے۔ خصوصاً رمد (آنکھ

دکھنا) پھولا' پانی جانا' دھند' ککرے' خارش' سبل' ناخنہ وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

**اجزاو ترکیب**: کوڑی زرد سوختہ' صدف خورد (چھوٹی سپیاں) سوختہ' مصری زنبور ہر ایک چار ماشہ' نیلہ تھوتھا بریاں' پھٹکڑی بریاں ہر ایک 2 ماشہ' کھماں 2 عدد' مرچ سفید 14 عدد' مرد چینی 6 ماشہ' افیون ایک ماشہ' زنگار تین ماشہ' کشتہ جست تین تولہ۔ سب کو خوب باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**ہدایات**: کوڑی زرد اور سپیاں آگ کے انگاروں میں ڈال دیں۔ جب خوب جل جائیں تو نکال لیں۔ نیلہ تھوتھا اور پھٹکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے توے پر بریاں کر لیں کشتہ جست مندرجہ ذیل ترکیب سے تیار کر لیں۔

جست حسب ضرورت کڑچھی میں ڈال کر لوہار کے دوکان میں رکھیں۔ جب پگھل جائے تو اس میں لوہے کی سیخ ہلانی شروع کریں۔ جو کشتہ تیار ہو گا۔ وہ شگفتہ ہو کر اوپر آجاوے گا۔ اور خام نیچے پانی کی طرح موجود ہو گا۔ تیار شدہ کشتہ ساتھ ساتھ کسی چیز کے ایک مٹی کے برتن میں ڈالتے جائیں۔ اور سرد ہونے پر کپڑے میں چھان لیں۔ اور وزن کے مطابق ملائیں۔

پھر تمام دواؤں کا سفوف کانسی کے برتن میں ڈال کر نیم کے ڈنڈہ سے (جس کے نیچے تانبہ کے ہی کیل سے پیسہ نصب کیا گیا ہو) رگڑنا شروع کریں۔ اور کھنگل بوٹی کا مروق پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر ایک دن تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**: حسب دستور رات کو ایک ایک سلائی آنکھ میں ڈالیں۔ اگر آنکھیں دکھتی ہوں یا ککرے یا پانی جاتا ہو تو دوائی ڈال کر اوپلہ جنگلی کی خاکستر پٹی میں لپیٹ کر آنکھ پر احتیاط سے باندھ دیں۔

**نوٹ**: کھنگل بوٹی کوٹ کر کپڑے میں اس کا پانی نچوڑ لیں۔ اسی کا نام مروق پانی ہے۔ اور جست پرانے حقہ کا ہو تو بہتر ہے۔

**فوائد**: آنکھ دکھنا' ککرے' سبل' ناخنہ' دھند' خارش' پھولا' پانی جانا وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

## (24) سرمہ مقوی بصر (صندوقچہ)

حضرت استاذنا مخدومنا رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ آپ خود اس سرمہ کو اخیر دم تک استعمال کرتے رہے۔ دھند وغیرہ کے لئے مفید ہے اور بوڑھوں کے لئے ایک عجیب تحفہ ہے۔ ہمارا بارہا کا مجرب ہے۔ اگر سن رسیدہ اصحاب اس کی مداومت رکھیں۔ تو ان کی بصارت تیز رہتی ہے۔ اکثر امراض سے بچاتا ہے۔ اور نظر ہمیشہ ٹھیک رہتی ہے۔ ایک بیش بہا تحفہ ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب**: سرمہ اصفہانی دو تولہ' تخم نیل' کباب چینی ہر ایک 6 ماشہ' سیماب 2 ماشہ۔ سب کو ایک دن تک کھرل کریں۔ پھر کافور 2 ماشہ' روح کیوڑہ 2 تولہ ملا کر دوبارہ ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ ایک یا دو وقت ایک ایک سلائی آنکھوں میں ڈالیں۔

**فوائد:** بصارت کو طاقت دیتا ہے۔ ضعف بصارت اور دھند' خارش کو مفید ہے۔ بوڑھوں کی نظر کو تیز کرتا ہے۔

## (25) پوٹلی برائے رمد چشم

اس سے رمد یعنی آشوب چشم کی تکلیف کو منٹوں میں آرام ہو جاتا ہے۔ اگر آشوب چشم سے آنکھیں سوج جائیں۔ حتی کہ آنکھ میں دوائی ڈالنی بھی مشکل ہو تو ایسے موقعہ پر اس پوٹلی سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ اور چار پہر تک استعمال کرنے سے شدت مرض کا ازالہ ہو کر مریض خود بخود آنکھ کھول دیتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** رسونت 2 ماشہ' ہلدی' چاکسو' کشنیز خشک' ہر ایک ایک ماشہ' بھنگڑی بریاں 4 رتی' افیون 1 رتی' لونگ تین عدد' مصبر 3 رتی' ترپھلا 2 ماشہ۔

**ترکیب استعمال:** سب دوائیں باریک کھرل کر کے باریک ململ کے کپڑے میں باندھ لیں اور پانی میں تر کر کے آنکھ پر پھیرتے رہیں۔

**فوائد:** رمد یعنی آشوب چشم (آنکھ دکھنا) کے لئے نہایت بہترین چیز ہے۔ اور آنکھ کی سوج کو جلد دور کر دیتی ہے۔

## (26) دوائی سیاہ (صندوقچہ)

حضرت استاذنا' مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ پھولا' جالا شقیقہ العین عصابہ' ظفرہ' رمد ہر قسم کے لئے معمول ہے۔ درد کو تسکین دیتی ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مازو' کوکنار ہر ایک ایک تولہ' پوست انار' رسوت' املی' بھنگڑی' پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 2 تولہ۔

سب کو کوٹ کر آٹھ پہر تک ایک پاؤ پانی میں تر کریں۔ پھر مل چھان کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو افیون' زعفران ہر ایک چھ ماشہ باریک کر کے ڈال دیں۔ اور نرم آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ حتی کہ گاڑھا سا لیپ بن جائے۔ بس تیار ہے کسی چینی کی ڈبیہ میں ڈال کر گرد و غبار سے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** سلائی سے آنکھ میں ڈالیں۔

**فوائد:** پھولا' جالا' ظفرہ' شقیقہ العین' عصابہ' رمد کے لئے معمول ہے۔

## (27) ضماد ورم پلک (صندوقچہ)

یہ بھی حضرت استاذ صاحب مرحوم کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ آپ اسے ہمیشہ تیار رکھتے تھے۔ (خدا غریق رحمت کرے) یہ ضماد پلکوں کی ورم' خارش' پھنسیوں کے لئے مخصوص ہے۔

**اجزاو ترکیب:** گلیسرین ڈیڑھ تولہ' زنک آکسائیڈ 1 تولہ' دونوں چینی کی ڈبیہ میں خوب ملا کر پتلا سا ضماد بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** پلکوں پر دو وقت کسی چیز سے لگائیں۔

**فوائد:** خارش، ورم اور شور اجفان کے لئے معمول ہے۔ نہایت موثر اور نایاب چیز ہے۔

## (28) شیاف امراض چشم

یہ نسخہ محبی حکیم مولوی عظمت اللہ صاحب کا عطیہ اور تجربہ شدہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** سرمہ سیاہ، چاکسو مدبر ہر ایک ایک تولہ، سمندر جھگ، پھٹکڑی بریاں، کشتہ جست، مصری کالپی، ہر ایک 6 ماشہ۔

سب دوائیں باریک کھرل کر لیں۔ رسونت ایک تولہ کو پانی میں حل کر کے دواؤں کو اس میں ملا کر شیاف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** شیاف کو پانی میں رگڑ کر لگائیں۔

# مجربات امراض گوش ودہان ودندان وغیرہ

## (29) روغن گوش ①

گوش یعنی کان کی تمام امراض مثلاً پھنسی، ثقل سماعت (بہرہ پن)، درد کان، طنین، ودی (کانوں میں آوازوں کا سنائی دینا)، کرم، زخم، ناسور وغیرہ کے لئے بے مثل چیز ہے مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب:** افسنتین 1 تولہ، ہلدی، لہسن یعنی تھوم مقشر قسط تلخ (کٹھ)، مغز بادام ہر ایک 2 تولہ، جوائن، سونٹھ، منگھی، ہینگ، بورہ ارمنی، تخم حنظل، عقرقرحا ہر ایک 6 ماشہ پیاز سفید 2 عدد۔

سب دوائیں کوٹ کر رات کو گائے کے پتہ کے پانی میں تر کریں۔ صبح آب برگ مرزنجوش (چوہے کنی)، آب برگ کریلہ، آب مولی ہر ایک 2 تولہ، سرکہ انگوری، روغن کنجد ہر ایک 5 تولہ ملا کر جوش دیں۔ جب دوائیں جل جائیں۔ تو کپڑے میں چھان کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** وقت ضرورت صرف ایک یا دو وقت کان میں ڈالیں۔

**فوائد:** پھنسی، ثقل سماعت (بہرہ پن)، درد کان، طنین، ودی، کرم وغیرہ کے لئے بے خطا چیز ہے۔

## (30) روغن گوش ②

حضرت استاذنا و مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کے مطب میں اپنے ہاتھ سے کئی بار تیار کیا۔ جو زخم و ناسور و ورم کان و ثقل سماعت (بہرہ پن) طنین و ودی کے لئے معمول ہے۔ کئی بار اس کا تجربہ ہوا ہے۔ نہایت بھروسہ کی چیز ہے۔

**اجزاو ترکیب:** افسنتین 4 ماشہ کو سرکہ 5 تولہ میں چار پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر جوش دے کر چھان لیں اور روغن بادام تلخ 5 تولہ ڈال کر دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب سرکہ جل کر صرف تیل رہ جائے تو اتار لیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام دو دو قطرہ نیم گرم استعمال کرائیں۔

**فوائد:** زخم، ناسور و ورم کان کے لئے نہایت اعلیٰ اور تمام امراض کان کے لئے مفید ہے۔

## (31) دوائے درد گوش

اگر خشک درد ہو یعنی کان بہتا نہ ہو اور زخم نہ ہو تو اس سے شرطیہ فائدہ ہوتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** سمندر جھگ، جس قدر مطلوب ہو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چٹکی بھر کان میں ڈال کر لیموں کے پانی یا سرکہ انگوری کے دو قطرے ٹپکا دیں اور مریض کو ہدایت کریں کہ دس منٹ تک لیٹا رہے۔

## (32) روغن ریم و درد گوش

اگر کان سے پیپ بہتی ہو اور درد ہو تو اس روغن سے فی الفور آرام آجاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** گل مغیلاں (کیکر کے پھول) 2 تولہ، روغن سرسوں 5 تولہ میں جلا کر تیل کو صاف کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار قطرے کان میں ڈالیں۔ سردی کا موسم ہو تو نیم گرم کر لیا کریں۔

## (33) دوائے درد دانت از کرم

**اجزاو ترکیب:** سہاگہ باریک پیس کر روئی میں لپیٹ کر دانت کے سوراخ میں رکھ کر کسی چیز سے اندر کی طرف خوب دبا دیں۔ فی الفور آرام ہو جاتا ہے۔

## (34) دوائے درد کان

**اجزاو ترکیب استعمال:** کاربالک ایسڈ قدرے روئی میں لپیٹ کر نہایت احتیاط سے دانت کے سوراخ میں رکھیں ادھر ادھر نہ لگے۔

**نوٹ:** درد دانت کا ایک اکسیری نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے جو نہایت ہی عجیب چیز ہے۔

## (35) منجن ماس خورہ دندان

ماس خورہ کا ایک اطمینانی نسخہ ہے۔ مگر پہلے کسی ماہر شخص سے فصد کرا کر بعد میں یہ منجن استعمال کرانا بہتر ہے۔ نہایت زود اثر شرطیہ حکمیہ نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** کوکنار (پوست خشخاش) 4 ماشہ، مازو 7 عدد، گل سرخ ایک تولہ، خون سیاوشان، پھٹکڑی، عقرقرحا ہر ایک 9 ماشہ، سب کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ضرورت کے مطابق دانتوں پر ملیں۔

## (36) اکسیر قلاع

قلاع (منہ آنا) ہر قسم کے لئے بے خطا ہے۔ خواہ جس قدر تکلیف ہو۔ اس اکسیری دوائی کے پہلی

دفعہ لگانے سے آرام آجاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** گل سرخ، کتھ سفید شورہ قلمی، الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ، کافور ایک ماشہ، نیلہ تھوتھا بریاں 6 رتی تمام دوائیں الگ الگ باریک کوٹ کر ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ کا قدر یا کم و بیش دوائی منہ کے چھالوں پر ملیں۔ دن میں تین دفعہ استعمال کرائیں۔

## (37) منجن دانتوں کو صاف کرنے والا ①

دانتوں کو صاف اور مضبوط کرتا ہے۔ دانتوں کے خون کو بند کرتا ہے۔ نہایت زود اثر مجرب المجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب:** پھٹکڑی، سوڈا بائی کارب مساوی الوزن لے کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** برش وغیرہ سے دانتوں پر اچھی طرح ملیں اس کے بعد سردپانی جلدی نہ پئیں۔

**فوائد:** دانتوں کو سفید چمکدار کر دیتا ہے اور مضبوط کرتا ہے۔ دانتوں کا خون بند کرتا ہے۔

## (38) منجن دانتوں کو صاف کرنے والا ②

اس سے آسان اور مختصر ہے۔ حضرت استاذنا و مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کے بیاض کا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** نمک اندرانی، جو سوختہ، سمندر جھگ ہر ایک ایک تولہ باریک کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو وقت دانتوں پر ملیں۔

## (39) ورم لثہ و ناسور دندان

لثہ یعنی مسوڑھوں کے ورم اور دانتوں کے ناسور کے لئے نہایت مفید ہے۔ حضرت استاذنا و مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کے بیاض کا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** قسط شیریں (کٹھ میٹھی) کتھ، نیلہ تھوتھہ بریاں سونٹھ ہر ایک 6 ماشہ۔ سب اشیاء کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دو وقت دانتوں پر ملیں۔

## (40) سنون لثہ دامیہ

لثہ یعنی مسوڑھوں سے خون آنے کو روکتا ہے۔ نہایت زود اثر ہے۔ حضرت استاذنا و مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کے بیاض کا نسخہ ہے۔ اور ان کا عطیہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** صندل سفید، تنتری گلنار، گل سرخ، زرورد، کتھ گلابی، مازو ہر ایک 6 ماشہ۔ سب

دواؤں کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال**: دو وقت دانتوں پر ملیں۔

### (41) منجن برائے ماس خورہ

ماس خورہ اور دانتوں کی کمزوری کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر امتلاء دموی یعنی خون کا غلبہ ہو تو پہلے فصد چہار بند کرالیں۔ ورنہ بلا فصد ہی استعمال کرائیں۔

**اجزاو ترکیب**: کاہی سرخ، بھنگڑی، صندل سرخ، بل کتھ، کتھ گلابی، مائیں کلاں، ہرمچی، عقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ، نیلہ تھوتھا 3 ماشہ، نمک سونچل، سرکہ ہر ایک 2 تولہ، گوشت خورہ، ایک تولہ، مازو سوختہ ایک عدد، نلی سوختہ ایک عدد۔

سرکہ توا پر ڈال کر نیلہ تھوتھا، کاہی سرخ، بھنگڑی کو نیم کوب کر کے اس پر ڈال دیں اور آنچ جلائیں۔ جب سرکہ جل کر تینوں اشیاء پھول جائیں تو اتار لیں اور باقی دواؤں کے ساتھ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال**: صبح و شام تھوڑی سی دوائی دانتوں پر مل کر لعاب باہر پھینک دیا کریں۔

## مجربات امراض سینہ و پھیپھڑے و پسلی وغیرہ

### (42) کشتہ بارہ سنگا

جو نمونیا، ذات الجنب (درد پسلی) ذات الصدر، ذات العرض شوصہ، برسام وغیرہ کے لئے مفید ثابت ہوا ہے۔ ان امراض میں اگر فصد کرنے سے بھی درد ساکن نہ ہو۔ یا فصد سے کوئی فائدہ ہو یا درد بہت پرانا ہو گیا ہو۔ تو اس کے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے۔ مریض خواہ جتنا بھی تنگ ہو۔ انشاء اللہ تیسری ہی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔ علی ہذا القیاس اگر نمونیہ کا مریض درد سے لاچار ہو۔ سانس الٹ گیا ہو اور مایوسی کے علامات ظاہر ہوں۔ تو صرف دو خوراک دینے سے ہی کامیابی کے آثار نظر آنے لگتے ہیں۔ اس کے علاوہ ریح کے درد، جوڑوں کے درد، دمہ، کھانسی بلغمی وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ نسخہ ایک عطائی حکیم سے بڑی تکلیف کے ساتھ حاصل ہوا تھا جو فن عزیز کی خاطر بخل کہ بالائے طاق رکھتے ہوئے ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب**: بارہ سنگا توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں۔ اور کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر آک کا دودھ اس قدر ڈالیں کہ خوب تر ہو جاوے۔ پھر چکنی مٹی سے منہ بند کر کے خشک کریں اور ہوا سے بچا کر گڑھا میں 15 سیر اوپلہ کی آگ دیں سرد ہو جائے۔ تو نکال کر پیس لیں اور اسی طرح دوبارہ آک کے دودھ سے تر کر لے 15 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ تیسری دفعہ پھر بطریق سابق 15 سیر اوپلہ آنچ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر کھرل کرلیں۔

اب تین ماشہ کشتہ میں تین ماشہ ورق طلاء کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ لاجواب اکسیر ہے۔

**ترکیب استعمال**: معمولی حالتوں اور پرانے دردوں میں ایک ایک رتی صبح و شام، عرق سونف، عرق جوائن ہر ایک 5 تولہ کے ساتھ یا منقہ وغیرہ میں لپیٹ کر استعمال کرائیں۔ اور اگر تکلیف زیادہ ہو۔ تو تین تین گھنٹہ بعد دیں۔ سردپانی اور ہوا سے پرہیز کرائیں۔

**نوٹ**: غریب آدمی ورق طلا ملائے بغیر ہی استعمال کرائیں۔ اگر درد کی جگہ پر قیروطی لگادی جائے تو بہتر ہے۔

## (43) قیروطی ذات الجنب

یہ قیروطی ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض و شوصہ نمونیا وغیرہ کے لئے بارہا کی مجرب اور بے خطا ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: مٹر، حلبہ (میتھرے) ہر ایک 1 تولہ، ملٹھی 1 تولہ، کلونجی 7 ماشہ، عقر قرحا 4 ماشہ، موم سفید 5 تولہ، روغن گل 4 تولہ، موم اور روغن گل کے سوا سب دوائیں کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔ پھر سب کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ تاکہ یکجان ہو جائیں۔ پھر اتار کر نیم گرم ہی درد کی جگہ پر لیپ کر دیں۔ انشاء اللہ ایک ہی دفعہ لگانے سے افاقہ ہو جائے گا۔

## (44) ضماد ذات الجنب

درد ذات الجنب کے لئے مجرب ہے اور آزمودہ ہے بشرطیکہ درد کا زیادہ جوش ہو۔

**اجزاو ترکیب**: شنگرف 4 رتی، مصبر ایک ماشہ باریک کر کے ایک عدد زردی بیضہ مرغ میں ملا کر درد کی جگہ لیپ کریں۔

## (45) مالش ذات الجنب

ہماری ہروقت کی معمول مطب ہے۔ عام طور پر یہی استعمال کرائی جاتی ہے۔ محلل ہے آہستہ آہستہ درد کو آرام ہوتا جاتا ہے۔ تسکین درد کی نایاب اکسیر حصہ دوم میں درج کر دی ہے۔ باقی اصولی علاج کیا جائے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: اشق گوگل، مصطگی، رائی ہر ایک 4 ماشہ، افیون 4 رتی، زعفران 1 ماشہ، موم 2 تولہ، روغن کنجد 4 تولہ۔

خشک دوائیں پیس کر موم اور روغن کے ہمراہ کڑچھی میں گرم کریں۔ اور درد کی جگہ دس منٹ تک خوب مالش کر کے روئی باندھ دیں۔ اسی طرح صبح و شام یا زیادہ مالش کر کے باندھ دیا کریں۔ ہروقت باندھے رکھیں۔

## (46) کشتہ بارہ سنگا

کئی دفعہ تیار کیا، سلسل بول، کثرت بول، ذات الجنب ذات الصدر، ذات العرض، شوصہ، دمہ بلغمی،

کھانسی بلغمی وغیرہ کے لئے مجرب المجرب اور معمول مطب ہے۔

**اجزاو ترکیب:** بارہ سنگا چیر کر انگلی کے برابر اس کے ٹکڑے بنالیں۔ ڈنڈا تھوہر لاکر اس کے بھی ایک بالشت بھر لمبے لمبے ٹکڑے کاٹ لیں۔ اور انہیں لمبائی میں چیر کر درمیان میں بارہ سنگا کے ٹکڑے رکھ دیں۔ اور اوپر سے گل حکمت کر دیں۔ خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر گڑھے میں 20 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو باریک پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک رتی صبح و شام سلسل بول کے لئے مکھن یا بتاشہ میں اور دمہ، کھانسی، ذات الجنب وغیرہ کے لئے شہد میں ملا کر چٹائیں۔

**فوائد:** ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض، شوصہ، دمہ بلغمی، کھانسی بلغمی، درد ریحی خصوصاً سلسل بول اور کثرت بول کے لئے ازحد مفید ہے۔

## (47) شربت کھانسی

یہ شربت کھانسی ہر قسم نزلہ، زکام پختہ و خام، ذات الجنب ذات الریہ، دمہ، سل کے لئے اکسیر ہے۔ اکثر ذات الریہ کے خراب حالت والے مریض اس سے شفایاب ہوئے ہیں۔ کھانسی، نزلہ و زکام و ذات الجنب وغیرہ کے لئے تو ہر وقت کا معمول ہے۔ بلغم کو پکا کر نکالتا ہے۔ اگر ذات الجنب کے علاج میں غفلت کرنے سے کھانسی اور درد پرانا ہو جائے اور زخم بن چکا ہو تو ایسی حالت میں یہ شربت عجیب اثر دکھلاتا ہے۔

اس شربت کو میرے کئی دوست معمول مطب بنا رہے ہیں اور سندات آ رہی ہیں جو احباب اسے معمول مطب بنائیں گے وہ ضرور دعا دیں گے۔ اس سے سل کے کئی مریضوں کو کمال فائدہ ہوا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** عناب 30 دانے، لسوڑیاں 50 دانے، خطمی خبازی، گل بنفشہ ہر ایک 1. تولہ، انجیر 20 عدد، زوفا، ملٹھی ہر ایک تین تولہ، پرساؤشاں 2. تولہ، مصری 2. پاؤ۔

مصری کے سوا تمام دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین تولہ شربت میں پانچ تولہ عرق گاؤزبان اور قدرے پانی ملا کر استعمال کرائیں۔ صبح و شام یا تین مرتبہ دن میں استعمال کرائیں۔ کسی وقت خالی چٹایا جاتا ہے۔ اور معمولی نزلہ و زکام و کھانسی میں عام طور پر صرف پانی ملا کر ہی دیا جاتا ہے۔

**فوائد:** کھانسی ہر قسم، نزلہ و زکام پختہ و خام و سل و ذات الجنب ذات الریہ وغیرہ کے لئے مخصوص ہے۔ خصوصاً بلغم کے پتلا کرنے اور پکانے اور سل کے لئے عجیب و غریب خاص چیز ہے۔

## (48) نسخہ ذات الریہ

یہ نسخہ نہایت مفید اور بے خطا ہے۔ اگرچہ پھیپھڑے سے پیپ یا خون آ رہا ہو اور حالت بہت

نازک ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنا پورا اثر دکھاتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: لسوڑیاں 7 عدد، تخم خیارین نیم کوفتہ، گل بنفشہ ہر ایک 6 ماشہ، ملٹھی، تخم خطمی، تخم خبازی، کوخشک ہر ایک 4 ماشہ مویز منقی 9 دانہ۔ سب دواؤں کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے گلقند بنفشہ 2 تولہ پر گرما گرم ہی ڈال دیں۔ اور مل چھان کر رکھ لیں۔ پھر مغز بادام 10 عدد آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر اس میں ملائیں۔ اور پلائیں۔ اسی طرح دو وقت تازہ بنا کر استعمال کرائیں تو ذات الریہ کو خدا کے فضل سے بہت جلد آرام ہوتا ہے۔ بظاہر تو اس کے اجزا معمولی معلوم ہوتے ہیں۔ مگر جو فائدہ میں نے اس میں دیکھا ہے وہ بڑے بڑے نسخہ جات میں بھی نہیں دیکھا گیا۔

## (49) لعوق کھانسی ہر قسم

معمول و عطیہ حضرت استاذی مخدومی علامہ زمان جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری۔

**اجزاو ترکیب**: عناب 30 دانہ، لسوڑیاں 50 دانہ، انجیر 30 دانہ گل بنفشہ، تخم خطمی، تخم خبازی ہر ایک دو تولہ، ملٹھی، زوفا خشک کو کنار ہر ایک تین تولہ، شیرہ مغز بادام، شیرہ تخم خشخاش ہر ایک پانچ تولہ، دار چینی ایک تولہ، مشک خالص 4 رتی، شہد خالص مصری ہر ایک ایک پاؤ، حسب دستور لعوق تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: دن میں تین چار بار تولہ تولہ چٹائیں۔

## (50) گولیاں کھانسی ہر قسم ①

کھانسی ہر قسم اور دمہ کے لئے مجرب و معمول ہے۔

**اجزاو ترکیب**: رب السوس، صمغ عربی ہر ایک 2 تولہ، نشاستہ افیون ہر ایک تولہ تولہ۔ سب دوائیں باریک کر کے تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر کھرل کریں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر دانہ مسور تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ کالی کھانسی کے لئے ہمراہ شیرہ مغز بادام سات عدد استعمال کرائیں۔

**فوائد**: کھانسی ہر قسم اور دمہ کے لئے معمول ہیں۔ آنکھوں کے نزول کے لئے استعمال کرائی جاتی ہیں۔

## (51) گولیاں کھانسی ہر قسم ②

**اجزاو ترکیب**: رب السوس، ست اسبغول، صمغ عربی، نشاستہ کتھا چاول کہنہ ہر ایک ایک تولہ، افیون، زعفران ہر ایک ایک ماشہ پانی سے کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب خالص استعمال کرائیں۔

## (52) لعوق کالی کھانسی الطفال ①

**اجزاو ترکیب**: ناریل (کھوپہ گری)۔ خشخاش، صمغ عربی، کتھا ہر ایک تین ماشہ، شہد تین تولہ، سب

دوائیں باریک پیس کر شہد میں ملا کر لعوق بنا لیں۔
**ترکیب استعمال:** دو دو ماشہ صبح و شام چٹائیں۔

## (53) لعوق کالی کھانسی ②

یہ لعوق مسیحائی اثر دکھلاتا ہے اور ہمارے ہاں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ ایک بے خطا چیز ہے۔
**اجزا و ترکیب:** اتیس، ملٹھی، کاکڑا سنگی، گھاس ہر ایک 3 ماشہ باریک پیس کر شہد تین تولہ میں ملا لیں۔
**ترکیب استعمال:** دن میں تین چار بار چٹائیں ایک سال کے بچے کے لئے ایک ماشہ فی خوراک۔ دو سال کے بچہ کے لئے 2 ماشہ فی خوراک استعمال ہونا چاہئے۔

## (54) گولیاں کھانسی خشک

مغز بادام، مغز کدو ہر ایک 7 ماشہ، کتیرا، مغز پستہ، مغز فندق ہر ایک 5 ماشہ، صمغ عربی، نشاستہ ہر ایک 4 ماشہ۔
تمام ادویات باریک کر کے اسبغول کے لعاب سے گولیاں بقدر جنگلی بیر کے تیار کریں۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و دوپہر و شام ہمراہ شربت بنفشہ یا آب خالص استعمال کرائیں۔

## (55) جوشاندہ برائے ہچکی ①

پہلے ہلکا سا مسہل دے کر یہ نسخہ استعمال کرائیں۔
**اجزا و ترکیب استعمال:** ملٹھی، مصری ہر ایک 6 ماشہ، تین چھٹانک پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر پلائیں۔ ایسی ایک ایک خوراک تین تین گھنٹہ بعد دیں۔

## (56) جوشاندہ برائے ہچکی ②

**اجزا و ترکیب استعمال:** سرکہ، پانی ہر ایک 5 تولہ ملا کر پلائیں۔ ایسی ایک ایک خوراک تین تین گھنٹہ بعد استعمال کرائیں۔

## (57) دوائے ضیق النفس

ضیق النفس (دمہ) بلغمی میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔
**اجزا و ترکیب:** آرد مونگ حسب ضرورت لے کر آک کے دودھ میں خوب تر کریں۔ پھر کوزہ گلی میں ڈال کر منہ چکنی مٹی سے اچھی طرح بند کر کے خشک کریں اور ہوا سے بچا کر 6 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس لیں۔
**ترکیب استعمال:** ایک ایک رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا شوربہ نخود، شوربہ گوشت بز، شلغم وغیرہ۔

## (58) گولیاں کھانسی ہر قسم ①

یہ گولیاں کھانسی کے تمام اقسام خصوصاً کھانسی بلغمی کے لئے زود اثر ثابت ہوئی ہیں۔ نیز درد شقیقہ، درد عصابہ کے لئے بھی فائدہ کرتی ہیں۔ تپ کو مفید ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** جوزمائل سیاہ تین تولہ، سونٹھ، ریوند چینی ہر ایک دو تولہ، صمغ عربی 4 تولہ، باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ یا پانی استعمال کرائیں۔

**فوائد:** کھانسی ہر قسم خصوصاً کھانسی بلغمی کے لئے مفید ہیں۔ شقیقہ و عصابہ اور تپ کو فائدہ کرتی ہیں۔

## (59) اکسیر ذات الریہ

نمونیا کا نہایت بے مثل نسخہ رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات سے ہے۔ جہاں ذات الریہ کے مریض کو سخت تکلیف ہو۔ اس نسخہ کی ایک خوراک دینے سے ہی صحت ہونی شروع ہو جاتی ہے اور نمونیا کے تمام عوارض مثلاً تپ لازی کھانسی، ضیق النفس کو فوری آرام ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** عناب ایرانی 5 دانہ، لسوڑیاں 11 دانہ، تخم خطمی، بیہدانہ، تخم خبازی ہر ایک تین ماشہ۔

سب دوائیں رات کو ڈیڑھ پاؤ گرم پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح مل چھان کر شربت بنفشہ تین تولہ، شیرہ تخم کاہو 5 ماشہ ملا کر پلائیں۔ اگر موسم سرما ہو تو اسی دوائی میں شیرہ تخم کاہو تین ماشہ ملا کر جوشاندہ بنا کر استعمال کریں۔ اس کے علاوہ ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض، درد عضلات، ابتداء دق وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر قبض کی شکائت ہو تو ایک وقت مندرجہ ذیل دوا استعمال کرائیں۔

ملوس خیار شنبر (گودہ املتاس) 4 ماشہ، بادام روغن 6 ماشہ، عرق مکو، عرق کاسنی ہر ایک سات تولہ، عرق گلاب، عرق سونف ہر ایک 5 تولہ، سب دوائیں ملا کر ایک دو جوش دیں۔ پھر مل چھان کر پلائیں۔ قبض کی شکائت رفع ہو جائے تو اسے بند کر دیں۔ سینہ اور پشت پر موم و روغن گل کی مالش کرائیں۔ اگر درد زیادہ ہو تو قیروطی نمبر 43 کا استعمال اچھا ہے۔

**فوائد:** ذات الریہ (نمونیا) ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض، درد عضلات، ابتدا دق کے لئے معمول ہے اور ایک بھروسہ کا باقاعدہ علاج ہے۔

## (60). دمہ بلغمی کا نسخہ

**اجزاو ترکیب:** شم حنظل (گودہ اندرائن خشک شدہ) ایک تولہ قند سیاہ 2 تولہ، دونوں دوائیں ہاون دستہ میں خوب کوٹ کر ملائیں پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گائے استعمال کرائیں۔ اگر اس سے بافراغت

تین گولیاں روزانہ استعمال کرائیں۔ کم از کم ایک اسہال ان سے
ایک اسہال آجایا کرے تو بہتر۔ ورنہ
شلغم، کدو، توری وغیرہ۔
روزانہ آجانا ضروری ہے۔ غذا روٹی مرغن، شوربہ گوشت، شوربہ نخود،
نوٹ: اس دوائی کے ساتھ گھی بکثرت استعمال کرنا لازمی ہے۔ اگر گھبراہٹ معلوم ہو تو پاؤ بھر دودھ میں 2
تولہ گھی گرم شدہ 2 تولہ مصری ملا کر یا شربت بنفشہ 5 تولہ میں عرق گاؤزبان، عرق گلاب ہر ایک 5 تولہ ملا کر
استعمال کرانا چاہئے۔ گرم ترش تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (61) خون بند کرنے کا عجیب نسخہ

(خون تھوکنا) قے الدم (قے کے ساتھ خون آنا) نکسیر آنا، خون بواسیر، بول الدم، سیلان الرحم وغیرہ
خواہ جس جگہ سے خون آرہا ہو۔ فوراً اس سے بند ہو جاتا ہے۔ اور پھر لطف یہ ہے کہ اس سے تکلیف
کسی قسم کی نہیں ہوتی۔ ایک قابل قدر نسخہ ہے جو مخدومنا حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول ہے۔
کئی دفعہ اس کا تجربہ ہو چکا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** سنگ جراحت 5 تولہ، برگ نیم سبز یا بکائن سبز ایک پاؤ۔
برگ نیم کو خوب گھوٹ لیں اور سنگ جراحت اس میں رکھ کر کپڑا لپیٹ کر ہوا سے بچا کر سات سیر
اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** نفث الدم، قے الدم، نکسیر، استحاضہ، خون بواسیری، بول الدم، سیلان الرحم وغیرہ تمام اعضاء کا
خون بند کرتا ہے۔ ایک بے ضرر مجرب المجرب چیز ہے۔ تپ کے لئے بھی مفید ہے۔ ہمہ صفت موصوف
لاثانی نسخہ ہے۔

## (62) اکسیر کالی کھانسی اطفال

اس مرض کے تسلی بخش نسخے بہت کم پائے جاتے ہیں۔ کھانسی اس شدت سے ہوتی ہے کہ بعض
اوقات غذا بھی قے کے ذریعہ نکل آتی ہے۔ اس کے لئے یہ دوائی بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ بلغمی کھانسی
اور دمہ بلغمی کے لئے بھی مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** سوہاگہ، نوشادر، نمک سونچر، جوکھار ہر ایک 6 ماشہ، جوائن خراسانی 1 تولہ
ثمر یعنی پھل کٹائی خورد (موکڑی) 6 تولہ۔ سب دوائیں تین گھنٹہ تک کھرل کرنے کے بعد کوزہ گلی میں ڈال
کر منہ بند کریں۔ اور خشک ہونے پر تین سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** چار چار رتی کھانڈ میں ملا کر دن میں تین چار دفعہ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** دمہ بلغمی خصوصاً کالی کھانسی اطفال کے لئے ازحد مفید ہے۔

## (63) کشتہ سنکھ

جو کہ ذات الجنب بلغمی، ذات الجنب ریحی کہنہ وغیرہ اور دردہائے ریحی کے لئے بہت نافع ہے

خصوصاً بچوں کے سنپاتی پرانے تپوں اور ڈبہ کے لئے عمدہ شے ہے۔ نیز مبارکی، تپ بلغمی مار گزیدہ اور تمام بلغمی امراض کے لئے ازحد مفید ہے۔

یہ نسخہ مکرمی محبی حکیم مولوی تاج الدین صاحب ساکن دھریمہ کا مشہور عام اور معرکہ کا نسخہ ہے۔ نیازمند نے اپنے ہاتھ سے بنایا اور مفید پایا۔

**اجزاو ترکیب**: سنکھ دس تولہ کو کلوں میں خوب گرم کر کے تیل تارا میرا میں بجھائیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ گرم کر کے تیل مذکور میں بجھائیں۔ اسی طرح دس بارہ دفعہ عمل کریں۔ پھر کوزہ گلی میں رکھ کر اس پر آک کا دودھ اس قدر ڈالیں کہ غرق ہو جائے۔ بعد ازاں گل حکمت کر کے ہوا سے بچا کر 35 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ آک کے دودھ سے بدستور تر کر کے 25 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک کھرل کر لیں۔

**ترکیب استعمال**: جوان آدمی کے لئے دو دو رتی صبح و شام بتاشہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ وزن میں حسب عمر و ضرورت کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ سرد اور ریح پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

**فوائد**: ذات الجنب بلغمی و ریحی، تپ کہنہ، ڈبہ، مبارکی، تپ سنپات، تمام ریحی دردوں وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

## (64) دوائے دمہ

ایک بزرگ کا فرمودہ ہے۔ اس کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ غریبوں کے لئے عمدہ ٹونکا ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: پیپر منٹ آئل اصلی (تیل پودینہ) شیشی میں ڈال کر مریض کے حوالہ کرو۔ جب مرض کا دورہ ہو تو ایک تنکا (تیلہ) تیل مذکور میں تر کر کے چوس لے۔ اسی طرح تمام دن تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چوستا رہے اور غفلت نہ کرے۔ کچھ دن مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو جائے۔

## (65) حب سعال نزلی و نزلہ قویہ

یہ گولیاں اس کھانسی کے لئے جو نزلہ کی وجہ سے ہو اور نزلہ سخت کے لئے جس سے لگاتار ناک سے پانی جاری ہو بے مثل ہیں۔ نزلہ اور کھانسی نزلی کو فوری فائدہ کرتی ہیں اور بے ضرر ہیں۔ ایک اصولی عمدہ نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب**: کوکنار 5 تولہ، رات کو قریباً ایک پاؤ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب خوب جل جائے۔ تو مل چھان کر دوبارہ پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے۔ مال کنگنی 2 تولہ باریک کر کے ملا دیں۔ اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ آنچ نرم رکھیں۔ نیچے اتار کر گولیاں چنے کے برابر بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** وقت ضرورت ایک گولی اور عام حالتوں میں ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** کھانسی نزلی اور نزلہ سخت کے روکنے کے لئے معمول ہے۔

# مجربات امراض معدہ و امعاء وغیرہ

## (66) عرق ہاضم

یہ عرق میں نے کئی دفعہ تیار کیا ہے۔ غذا کو خوب ہضم کرتا ہے۔ باؤ گولہ، ہیضہ، طحال اور پرسوت (سوتک) کے لئے نہایت نافع ہے۔ درد شکم اور نفخ کو فائدہ کرتا ہے۔ نہایت زود اثر اور نفیس عرق تیار ہوتا ہے اور بالکل سستا بنتا ہے۔ لطف یہ کہ مدت تک خراب نہیں ہوتا۔

**اجزاو ترکیب:** نوشادر، شورہ قلمی، نمک شیشہ ہر ایک ایک پاؤ سہاگہ آدھ پاؤ، گودہ گھیکوار ایک سیر۔ خشک دواؤں کو باریک کر کے گودہ گھیکوار سمیت کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر چپنی رکھ کر منہ کو چکنی مٹی سے خوب بند کر دیں اور کھاد میں دفن کریں۔ 15 روز کے بعد نکال کر دیکھیں۔ یہ زرد رنگ کا نہایت صاف عرق تیار ہو گا۔ کپڑے میں چھان کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ سے دس قطرہ تک صبح اور اسی قدر شام کو عرق سونف، عرق پودینہ یا پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** ہاضمہ کے تمام نقائص کو دور کرتا ہے۔ ہیضہ، طحال و تلی پرسوت و باؤ گولہ کے لئے نافع ہے۔

## (67) سفوف ہاضم

یہ سفوف سینکڑوں دفعہ تیار کیا جا چکا ہے۔ اس میں ایک لطف یہ ہے کہ نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہوتا ہے اور فائدہ میں بھی بے نظیر ہے۔ معدہ کو از حد طاقت دیتا ہے۔ ریح خارج کرتا اور غذا کو خوب ہضم کرتا ہے۔ اس سے دودھ اچھی طرح ہضم ہوتا ہے۔ اگر اسہال آتے ہوں تو ان کو بھی بند کر دیتا ہے۔ پرانے ضعف معدہ کے لئے نہایت عجیب و غریب نسخہ ہے۔

حضرت استاذنا مخدومنا حکیم ڈاکٹر محمد بخش صاحب مرحوم طبیب خاص نواب صاحب بہاول پور کا عطیہ ہے۔ ان کے بیاض خاص کا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** پوست تمر ہندی (املی جس سے بیج نکال لئے گئے ہوں)۔ پوست سماق (تتری) انار دانہ ہر ایک ایک تولہ زنجبیل، فلفل دراز، دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد، زیرہ سیاہ زیرہ سفید، ناگیسر، نمک دیسی، نمک سونچر، کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ، مصری دیسی 1 تولہ۔

سب چیزوں کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق پودینہ یا پانی استعمال کرائیں۔

**فوائد**: اعلیٰ درجہ مقوی معدہ' ہاضم غذا' مخرج ریاح' ہاضم شیر وغیرہ ہے۔ معمولی اسہال جو ضعف معدہ کے سبب سے ہوں۔ اس سے بہ آسانی بند ہو جاتے ہیں۔

## (68) نمک سلیمانی

ہر وقت کا معمول' دافع درد معدہ و ہاضم طعام مخرج ریاح ہے۔ ہیضہ کے لئے معمول ہے۔ نہایت سریع الاثر سفوف ہے۔

**اجزاو ترکیب**: نوشادر تین ماشہ' مرچ سیاہ' دانہ الائچی خورد ہر ایک 4 ماشہ' نمک سیاہ 6 ماشہ' سب اشیاء کو باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک ماشہ صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم ہو تو 2 ماشہ ہمراہ عرق سونف یا عرق پودینہ یا پانی ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔

**فوائد**: دافع درد معدہ' درد شکم' ضعف معدہ و ریاح ہے۔ ہیضہ کے لئے معمول نہایت زود اثر ہے۔ ہاضمہ کی تمام شکایات کے لئے نہایت اچھی چیز ہے۔

## (69) گولیاں درد شکم

استاذ مکرم حکیم محمد بخش صاحب بہاولپوری کے بیاض کا نسخہ ہے۔ درد شکم' باؤ گولہ' ضعف ہضم کے لئے خاص طور پر معمول ہے۔

**اجزاو ترکیب**: گل مدار (آک) خشک شدہ 2 تولہ' فلفل سیاہ' نمک دیسی ہر ایک 4 تولہ' زنجبیل 9 ماشہ' دوائیں باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر رگڑتے جائیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم ہو تو چار گولیاں گرم پانی سے دیں۔

**فوائد**: دافع درد معدہ' درد شکم' ضعف ہضم' ہاضمہ کی عام خرابیوں کے لئے اکسیر ہیں۔ مقوی معدہ درجہ کمال ہیں۔ ریاح خارج کرتی ہیں۔

## (70) سفوف مقوی معدہ

حد درجہ مقوی معدہ ہے اسہال معدی کے لئے بھی مفید ہے۔ حکیم صاحب لاہوری کا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: مصطگی رومی' دانہ الائچی خورد' طباشیر ہر ایک تین ماشہ' مصری 9 ماشہ' باریک پیس کر سفوف ملائیں۔

**ترکیب استعمال**: تین ماشہ سے چھ ماشہ تک استعمال کرائیں۔

**فوائد**: معدہ کی طاقت زیادہ کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔ معدی دستوں کے لئے دن میں تین خوراک استعمال کرائیں۔

## (71) گولیاں برائے درد شکم

درد شکم، درد امعاء، ضعف معدہ، قے، دست، ہیضہ، کثرت ریاح، ضعف ہضم وغیرہ، ہر قسم خرابی ہضم کے لئے نہایت سریع الاثر ہیں۔

**اجزا و ترکیب استعمال:** گندھک آملہ سار، نوشادر، فلفل دراز مرچ سیاہ ہر ایک تین تولہ، جوکھار، گل مدار در سایہ خشک کردہ سہاگہ بریاں، لونگ ہر ایک 6 ماشہ، ہینگ بریاں تین ماشہ، نمک سیاہ سات تولہ، ست لیموں 1 تولہ۔

سب دوائیں باریک کوٹ چھان کرپانی کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔ قے، دست، ہیضہ، درد شکم میں دو دو گھنٹہ بعد ایک ایک گولی ہمراہ عرق سونف، عرق پودینہ ہر ایک 6 تولہ، سرکہ ایک تولہ استعمال کرائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

**فوائد:** معدہ کی تمام امراض متعلقہ ہضم کے لئے اکسیر ہیں۔

## (72) سفوف تریاق شکم

دافع درد معدہ، بدہضمی، ضعف معدہ، قراقر، ہیضہ، جی متلانا، قے، کھٹے ڈکار آنا، باؤ گولہ، بھوک نہ لگنا، کثرت ریح وغیرہ تمام امراض شکم کے لئے عجیب و غریب ہے۔ ہر مطب میں اس کا تیار رہنا ضروری ہے۔ بہت بے نظیر زود اثر نسخہ ہے۔ اس سے کئی کہنہ مریض شفایاب ہوئے ہیں۔

**اجزا و ترکیب:** فلفل دراز، نمک سونچر ہر ایک 4 تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ، پودینہ خشک، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، پوست بیرون پستہ، سونف، مرچ سیاہ، جوائن، دار چینی قلمی، نمک سنگ، نمک چوڑی، نمک سیاہ، تنتڑی، گیرو ہر ایک 2 ماشہ باریک پیس کر ست لیموں، ست زنجبیل، ست پودینہ، ست جوائن، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 2 رتی ملا کر خوب پیسیں تاکہ خوب مل جاویں۔ پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم یا ہیضہ ہو تو گھنٹہ گھنٹہ بعد ہمراہ عرق سونف 7 تولہ سرکہ 2 تولہ استعمال کریں۔

**فوائد:** تریاق شکم ہے۔ سوء ہضم کی تمام امراض مثلاً درد معدہ، بدہضمی، ضعف معدہ، قراقر، ہیضہ، قے، بدہضمی کے دست، باؤ گولہ، متلی، کمی اشتہا کی بے خطا دوائی ہے۔

## (73) چٹکی اطفال

بچوں کی تمام امراض مثلاً اسہال، بدہضمی، خرابی شیر، قلاع (منہ آنا)، ورم لوزتین یعنی گلے پڑ جانا، ورم و استرخالات، ورم ثدی وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ علامہ زمان حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ جو مفت میں آپ کو مل رہا ہے۔ اگر آپ اس کی قدر نہ کریں تو بہت بے انصافی ہوگی۔

**اجزاو ترکیب:** طباشیر، کشنیز خشک، تنتڑی، بھنگڑی، مغز تخم کدو، مغز خیارین، مغز کنول گٹہ (جس کے پتے نکالے گئے ہوں) ہر ایک 2. تولہ، کتھ گلابی، کافور ہر ایک 4 تولہ، الائچی خورد، مازو، الائچی کلاں، پوست ہلیلہ زرد، مائیں، حب آلاس، صندل سرخ، صندل سفید، تخم خرفہ، بنفشہ ہر ایک 1/2 تولہ، گلنار پانچ تولہ، کیرا، صمغ عربی ہر ایک 7 ماشہ، سب دوائیں الگ الگ کوٹ چھان کر ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** وقت ضرورت ایک ایک چٹکی صبح و شام حلق میں ڈالیں۔ قلاع ہو تو چھالوں پر مل دیں۔

**فوائد:** شیر خوار بچوں کی تمام امراض مثلاً قے، اسہال، قلاع (منہ آنا) ورم لوزتین (گلے پڑنا)، استرخالہات (گھنڈی) پڑ جانا، ورم ثدی، دودھ کی خرابی، بدہضمی، تپ وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔ اس سے جما ہوا دودھ قے سے نکل کر فوری صحت ہوتی ہے۔

## (74) حبوب تریاق الاطفال

یہ گولیاں نہایت مجرب اور آزمودہ ہیں۔ بچوں کے اسہال، بدہضمی، گرمی، سوکھا یعنی بچہ کا دن بدن سوکھتے جانا اور لاغر ہوتے جانا، پیاس اور تپ کا ہونا، ساتھ اسہال اور قے کا جاری ہونا، تالو کا بیٹھ جانا، بچہ کا بے قرار رہنا وغیرہ۔

عام کمزوری، لاغری، قے اور اسہال اور بدہضمی، زردی رنگ کے لئے واقعی تریاق ہیں۔ خصوصاً بچوں کے سوکھا کے لئے نہایت ہی زود اثر ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** مروارید نا سفتہ 4 رتی، زہر مہرہ خطائی، سنگ یہود، ناریل دریائی، پوست ہلیلہ زرد، الائچی خورد طباشیر ززورد ہر ایک 6 ماشہ۔

دواؤں کو پختہ کھرل میں ایک گھنٹہ تک روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ باقی دوائیں الگ الگ کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں۔ پھر سب اشیاء کو ملا کر عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر مونگ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام شیر والدہ یا عرق گلاب میں گھس کر استعمال کرائیں۔ دودھ پلانے والی کو گرم اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (75) دوائے چہار و اطفال

اس مرض میں سبز رنگ کے اسہال آنے لگتے ہیں۔ اور لڑکا دن بدن سوکھتا جاتا ہے۔ عموماً سر میں پھوڑے بھی نکل آتے ہیں۔ جو خارجی دواؤں سے پورے طور پر اچھے نہیں ہوتے۔ اس کے لئے یہ نسخہ بہت عمدہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** طباشیر، گل سرخ، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 6 ماشہ، الائچی خورد 4 ماشہ، مروارید نا سفتہ 4 رتی، مصری کوزہ ایک تولہ۔

مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے باقی دوائیں الگ الگ باریک پیس کر سب اشیاء کو خوب ملا

لیں۔

**ترکیب استعمال**: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گائے یا عرق سونف استعمال کرائیں۔

**فوائد**: اسہال سبز' سر کے پھوڑے وغیرہ' خرابی خون اور سوکھا کے لئے ایک زود اثر چیز ہے۔

## (76) چورن قابض مقوی معدہ

**اجزاو ترکیب**: انار دانہ 2 تولہ' فلفل دراز' فلفل سیاہ' ناگیسر دار چینی' زنجبیل ہر ایک چار ماشہ' مصری 5 تولہ' سب کو کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انار 2 تولہ استعمال کرائیں۔

**فوائد**: نہایت مقوی معدہ ہے اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ اسہال معدی کو جو ضعف معدہ اور بد ہضمی سے ہوں بند کرتا ہے۔ نہایت خوش ذائقہ اور سریع الاثر ہے۔

## (77) گولیاں قبض کشا و دافع درد شکم

رئیس الاطباء حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا معمول مطب اور نیاز مند کا مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب**: صبر' عصارہ ریوند' نوشادر ہر ایک ایک تولہ' مصطگی رومی 6 ماشہ' سب دوائیں باریک پیس کر دو دو قطرہ پانی ڈالتے جائیں۔ اور گھوٹتے رہیں۔ جب گولیاں بننے کے لائق ہو جائے۔ تو گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ایک یا دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم ہو تو گرم پانی کے ساتھ تین عدد استعمال کرائیں۔

**فوائد**: قبض کشا ہیں دائمی قبض کے لئے مفید و معمول ہیں معدہ کی درد کو مفید ہیں معدہ کو صاف کرتی ہیں۔

## (78) دوائے وجع الفواد ①

وجع الفواد یعنی کوڑی کے درد کے لئے ایک بے خطا چیز ہے۔ اس کی پہلی حد دوسری خوراک سے ہی آرام ہو جاتا ہے۔ اس مرض کی یہ ایک آخری دوا ہے۔ اس کا تجربہ کر کے اس کا مسیحائی اثر دیکھیں۔ میں نے اس سے کئی مریضوں کا علاج کیا ہے۔

**اجزاو ترکیب**: اونٹنی کا دودھ 1. سیر' نمک لاہوری باریک شدہ 8 تولہ' زعفران اعلیٰ باریک شدہ چھ ماشہ' اونٹنی کا دودھ اور نمک ایک بڑی ہانڈی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو زعفران ملا کر آگ بند کر دیں۔ اور صرف کوئلوں کی آنچ پر رہنے دیں اور ہلاتے رہیں۔ جب قوام مثل حلوہ کے ہو جائے تو کسی رکابی وغیرہ میں ڈال دیں۔ جب خشک ہو جائے تو باریک پیس کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔ ایک سال تک خراب نہیں ہوتا۔

**ترکیب استعمال**: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب سرد استعمال کرائیں۔ غذا گوشت روٹی یا شوربہ تو رو پھلکا دینی چاہیے اور دودھ، چاول، دہی، چربی، چسی وغیرہ بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (79) دوائے وجع الفواد ②

اس سے کئی مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاو ترکیب**: تخم کاسنی، مصطگی رومی، زراوند طویل، الائچی خورد، سونف رومی، گل سرخ، دارچینی ہر ایک ایک تولہ، ریوند خطائی چھ ماشہ، سوڈا بائی کارب تین تولہ۔ سب دوائیں الگ الگ باریک کوٹ کرملا لیں۔

**ترکیب استعمال**: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت افستین تین تولہ، عرق سونف 12 تولہ استعمال کرائیں۔ پرہیز وغیرہ پہلے نسخہ میں تحریر کی جا چکی ہے۔

## (80) دوائے وجع الفواد ③

**اجزاو ترکیب استعمال**: ہیرا ہینگ ایک رتی منقہ میں لپیٹ کر پانی سے نگلوادیں۔

## (81) دوائے وجع الفواد ④

وجع فواد جو گرمی کے مادہ سے ہو۔ اس اکسیر کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے معمولات سے ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: گل سرخ ایک تولہ، کافور 6 ماشہ، پودینہ طباشیر ہر ایک 2 تولہ، دوائیں باریک کوٹ کرملالیں۔

**ترکیب استعمال**: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انار ترش استعمال کرائیں۔

## (82) گولیاں اکسیر ہیضہ ①

یہ گولیاں اس حالت میں بھی اپنا مسیحائی اثر دکھلاتی ہیں جب کہ مریض کی حالت بہت خراب ہو چکی ہو اور مایوسی کے علامات نمودار ہوں، یعنی نبض ساقط ہو اور ناخن سیاہ ہو گئے ہوں۔ جسم سرد ہو جائے، آنکھیں اندر کو دھنس جائیں، مریض سخت کمزور ہو وغیرہ وغیرہ۔ جو جو صاحب ان کا تجربہ کریں گے وہ ضرور داد دیں گے۔ غرض ایک چوٹی کا نسخہ ہے جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آسکتی۔

**اجزاو ترکیب**: ہلدی، چونہ، لال مرچ ہر ایک 6 ماشہ، دوائیں باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر کھرل کریں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ہر بیس منٹ کے بعد ایک ایک گولی پانی کے ساتھ دیں۔ اگر حالت زیادہ خراب ہو تو 10 یا 15 منٹ کے بعد دینی چاہیے اور پیاس کے لئے الائچی خورد، پودینہ ہر ایک 5 ماشہ، ایک سیر پانی میں گوٹ کر رکھ دیں۔ اور تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ بعض اوقات گولیاں بھی اسی کے ساتھ ہی دی جاتی

ہیں۔

## (83) اکسیر ہیضہ وبائی

علامہ استاذ الحکماء لاہوری کے معمولات سے ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** نربسی تین ماشہ پانی دس تولہ میں گھوٹ کر پلائیں۔ یہی وزن دو دو گھنٹہ بعد یا گھنٹہ گھنٹہ بعد بار بار پلائیں۔

## (84) گولیاں ہیضہ ②

**اجزاو ترکیب:** کافور، جدوار خطائی، زہرمہرہ خطائی، ناریل دریائی مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، سرکہ انگوری 10 تولہ، سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر وزن کریں پھر سرکہ تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** گھنٹہ گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ سکنجبین یا آب زلال دوغ ترش وغیرہ استعمال کرائیں۔ اگر گولی قے سے خارج ہو جائے تو فی الفور دوسری دے دیں۔

## (85) اکسیر پیچش ①

استاذ الحکماء زبدۃ الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کے فیوضات میں سے ہے جو ان کے مطب میں ہمیشہ یہی نسخہ لکھا جاتا تھا۔ مجھے جب بھی اس کے استعمال کرنے کا اتفاق ہوا ہے کبھی بھی اللہ کی مہربانی سے ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا۔ تین دن میں اس سے پوری صحت ہو جاتی ہے۔ نہایت ہی بھروسہ کا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** عناب 5 دانہ، لسوڑیاں 11 دانہ، خطمی، انجبار، ریشہ خطمی ہر ایک 6 ماشہ، بہدانہ 3 ماشہ۔

**ترکیب استعمال:** سب دوائیں رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ تھوڑا سا مل کر "زیادہ نہ ملیں" پانی نکال کر کپڑے میں چھان لیں پھر مصری تین تولہ ملا کر پہلے سلیارا تین ماشہ پھانک کر پی لیں۔ اسی دوا میں دوبارہ اسی قدر پانی ڈال کر رکھ دیں۔ شام کو مل چھان کر مصری ملا کر پہلے سلیارا تین ماشہ پھانک کر پی لیں۔ اسی ترتیب سے روزانہ استعمال کرائیں۔

اگر سلیارا کے دانے پاخانہ میں نکل آئیں۔ تو دوائی استعمال کراتے رہیں۔ تین چار دن تک آرام ہو جائے گا۔ اگر کچھ بقایا مرض رہ جائے تو اکسیر پیچش ② استعمال کرائیں۔ اور اگر سلیارا خارج نہ ہو تو اکسیر پیچش سدی استعمال کرائیں۔ تاکہ سدہ خارج ہو کر آرام ہو جائے۔

## (86) اکسیر پیچش سدی

اس سے پیچش سدی کو فی الفور آرام ہو جاتا ہے۔ اور نازک سے نازک مریض صحت یاب ہو جاتے

ہیں۔ نہایت عجیب و غریب قابل اخفا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** ریشہ خطمی ایک تولہ رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر گوودہ املتاس 5 تولہ، خمیرہ بنفشہ 4 تولہ اس میں مل کر چھان لیں۔ پھر مغز بادام 5 عدد کو 5 تولہ پانی میں گھوٹ کر ملا کر پلائیں۔ جب سدے خارج ہو جائیں تو غذا نرم مثلاً مونگ کی کھچڑی کھلائیں۔

## (87) اکسیر پیچش ②

پیچش اور اسہال کہنہ کے لئے اس کا کئی دفعہ تجربہ ہوا بشرطیکہ سدہ نہ ہو۔

**اجزاو ترکیب:** ہلیلہ سیاہ، جوائن دیسی، زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ تینوں دوائیں الگ الگ کوٹ کر گھی میں خوب چرب کر کے نرم آنچ پر بریاں کریں اور پھر ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دہی استعمال کرائیں۔ اگر دہی کے مقطر پانی سے استعمال کرائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

## (88) اکسیر پیچش ③

یعنی اکسیر زحیر صادق و اسہال کبدی اس کے استعمال سے پیچش اور اسہال کہنہ کو فوراً آرام ہوتا ہے۔ بعض دفعہ یہ گولیاں مسیحائی اثر دکھلاتی ہیں۔ بشرطیکہ سدہ نہ ہو۔ کئی بار کی مجرب ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** افیون، مصطگی رومی، شنگرف، سہاگہ ہر ایک 2 ماشہ۔ سب دوائیں کھرل کر کے پانی سے گولیاں چنے کے برابر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ غذا ہر حال میں نرم کھچڑی استعمال کرانی چاہئے۔

## (89) گولیاں اکسیر بواسیر خونی

یہ گولیاں سینکڑوں مریضوں پر استعمال کی جا چکی ہیں۔ ان سے کئی مایوس آدمی شفا پا چکے ہیں۔ ایک بھروسہ کا نسخہ ہے جسے تجربہ کر کے آپ دعا دیں گے۔

**اجزاو ترکیب:** کافور بھیم سینی تین ماشہ، ناگیسر مغز تخم نیم، رسونت، مویز منقی ہر ایک 6 ماشہ، چاروں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر اس کے بعد منقی ملا کر خوب گھوٹیں۔ جب اچھی طرح یکجان ہو جائیں تو گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں اور گرم ترش اشیاء مثلاً لال مرچ اور اچار وغیرہ سے پرہیز کرائیں۔

## (90) روغن بواسیر

**اجزاو ترکیب:** بھلاوے ٹوپی دور کردہ 5 دانہ، منسل 6 ماشہ، روغن کنجد 2. تولہ۔ اول تیل کو آگ پر

رکھیں جب خوب گرم ہو جائے تو بھلاوے دو دو ٹکڑے کر کے ڈال دیں۔ جب بھلاوے جل جائیں تو تیل سے باہر نکال لیں اور تیل کو آگ سے نیچے اتار کر منسل باریک کر کے احتیاط سے ڈال دیں اور کسی آہنی دستہ سے گھوٹ کر حل کر لیں۔ پھر اس میں دو سیر پختہ پانی ڈال دیں۔ تھوڑی دیر کے بعد تیل اس کے اوپر چڑھ آئے گا۔ اسے ہاتھ سے اتار لیں اور کھلے منہ والی شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں دو بار مسوں پر لگایا کریں۔

**تنبیہہ:** یہ تیل ہر قسم کے مسے دور کرنے کے لئے مخصوص ہے۔

**نوٹ*:** یہ تیل پیتل کے برتن میں بنانا چاہئے۔ بواسیری خون بند کرنے کا عمدہ نسخہ نمبر61 صفحہ نمبر46 امراض سینہ میں درج کیا گیا ہے وہاں سے ملاحظہ فرمائیں۔

بواسیر بادی کے لئے ایک شہرت کا نسخہ مالیخولیا مراقی کے باب میں لکھا جا چکا ہے۔

## (91) دوائے کرم شکم

**اجزاو ترکیب:** قلعی ایک تولہ باریک کر کے قینچی وغیرہ سے باریک باریک کتر لیں۔ پھر گھاں 6 ماشہ ملا کر ہاون دستہ میں اس قدر کوٹیں کہ خوب مل جائیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو تھوڑا سا قند سیاہ کھلا کر صبح 9 ماشہ دوائی ایک پاؤ دہی کے ساتھ استعمال کرائیں اور مریض کو ہدایت کریں کہ دوائی کھاتے وقت ناک بند کر لے۔

## (92) گولیاں مسہل ①

جس سے بلغم، صفرا، سودا، تینوں خلطیں نکلتی ہیں اور بے ضرر ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مغز جمال گوٹہ مدبر، مغز تخم ارنڈ، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک سات ماشہ، سہاگہ بریاں، مرچ سیاہ، پپلا مول ہر ایک تین ماشہ۔ سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر ملا دیں۔ اور تھوڑی دیر کھرل کریں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** پہلے دو روز گندم کا دلیہ یا کھچڑی کھائیں۔ صبح سات گولیاں سرد پانی یا عرق گلاب کے ساتھ نگل جائیں۔ اسہال شروع ہو جائیں گے۔ چار بجے شام اگر پیاس زیادہ معلوم ہو تو شربت صندل 10 تولہ، عرق گلاب ایک پاؤ ملا کر پئیں۔ رات کو کھچڑی کھائیں۔ دوسری صبح اور شام کو بھی کھچڑی کھائیں۔ درد شکم بدہضمی اور قبض کے لئے دو گولیاں ہمراہ عرق سونف استعمال کرائیں۔ جمالگوٹہ مدبر کرنے کی ترکیب۔ جمالگوٹہ 10 تولہ ململ کے کپڑے میں نرم سا باندھ لیں اور بھینس کا گوبر دو تین سیر کے قریب ایک ہانڈی میں ڈال کر پانی سے بھر دیں اور جمال گوٹہ کی پوٹلی اس میں لٹکا دیں اور نیچے آگ جلانی شروع کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے۔ تو نکال کر صاف کر کے دوسرے کپڑے میں اسی طرح پوٹلی باندھ کر چار سیر دودھ میں پکائیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو جمال گوٹہ صاف کر کے پتے نکال دیں۔ اور مٹی کے کورے برتن میں پیس کر دو گھنٹہ تک اسی برتن میں یہ رہنے دیں۔ تاکہ جمالگوٹہ کا تیل جذب ہو

جائے۔ پھر نکال کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ قولنج کے لئے تین یا دو رتی کا قدر مکھن یا ملائی وغیرہ میں لپیٹ کر مریض کو نگلوا دیں مسہل ہو جائے گا۔

## (93) جلاب لاجواب

جو بلا تکلیف تینوں خلطیں نکالتا ہے۔ گھبراہٹ یا قے وغیرہ مطلق نہیں ہوتی۔ ہر موسم اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ اگر منضج کر کے استعمال کرایا جائے تو اس سے گندے مواد خوب خارج ہوتے ہیں۔ بڑے بڑے نفیس مزاج امیروں کو دیا گیا۔ کسی نے آج تک تکلیف کی شکائت نہیں کی۔

غرض یہ مسہل ہمہ صفت موصوف اور ہر وقت کا معمول ہے۔ آپ بھی تجربہ کریں۔

**اجزاو ترکیب:** تربد یعنی تردی عمدہ' جلاپہ ہر ایک چار ماشہ' کتھوا' رب السوس' سونٹھ ہر ایک تین رتی' سب دوائیں کوٹ چھان کر مغز بادام 15 عدد' سونف 7 ماشہ' مصری تین تولہ کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر اس کے ہمراہ پھانک لیں۔ دیگر ضروری ہدایات گولیاں مسہل ① مندرجہ صفحہ 65 میں ملاحظہ فرمائیں۔

اور جو لوگ لمبے چوڑے منضجوں سے گھبراتے ہیں۔ انہیں یہ جوشاندہ تین دن استعمال کرا کر مسہل دے دینا چاہئے۔ اس سے خاطر خواہ مواد خارج ہو کر طبیعت صاف ہو جاتی ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** سونف' الائچی کلاں' بنفشہ' تخم کاسنی ہر ایک 6 ماشہ' گلقند 5 تولہ' حسب دستور صبح و شام جوشاندہ بنا کر دیں۔ یہ ایک وقت کے لئے ہے۔ اگر موسم گرما ہو تو گھوٹ کر استعمال کرائیں۔

## (94) قے بند کرنے کا آسان نسخہ

**اجزاو ترکیب:** زہر مہرہ' پپیتہ ولائتی' ناریل دریائی ہر ایک تین ماشہ' سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی پتاشہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

## (95) گولیاں مسہل ②

یہ گولیاں نہایت زود اثر اور بے ضرر ہیں۔ میرے ایک دوست کی عام معمول ہیں۔ سخت مزاجوں' غریبوں اور قولنج سے مریضوں اور دیہاتی آدمیوں کے لئے نہایت اعلیٰ ہیں۔ اور لطف یہ ہے کہ نہایت سستی ہیں۔ ہم نے ان کا تجربہ کیا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مغز جمالگوٹہ حسب ضرورت لے کر کپڑے میں پوٹلی باندھ کر بھینس کے گوبر اور دودھ میں پکائیں۔ جیسا کہ نسخہ 92 میں تحریر ہو چکا ہے۔ پھر ان کے چھلکے نکال کر لوہے کے توے پر گھی میں بریاں کر لیں۔ اس حد تک کہ سرخ ہو جائیں۔ پھر خوب باریک کر کے شیشی میں مضبوط کارک لگا کر محفوظ رکھیں۔ پھر مغز جمالگوٹہ مدبر مذکور 5 تولہ' مغز کرنجوہ 8 تولہ' مغز بادام 5 تولہ' کتیرا 1. تولہ الگ الگ باریک

کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو سے تین گولی تک جوان آدمی کے لئے ہمراہ شیرہ مغز بادام یا دودھ یا پانی استعمال کرائیں۔ قولنج کے لئے مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ مفصل ہدایات نسخہ نمبر 92 میں ملاحظہ فرمائیں۔

### (96) دوائی اکسیر کرم شکم

**اجزاو ترکیب:** قلمی 5 تولہ، سریش 1.تولہ، قلمی باریک کر کے باریک کتر لیں۔ اور سریش کو کپڑا تر شدہ میں چار پہر تک لپیٹ رکھیں تاکہ پھول جائے۔ پھر دونوں اشیاء کو آہرن پر اس قدر کوٹیں۔ کہ خوب یکجان ہو جائیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو دلیہ گندم یا چاول شیریں کھلا کر صبح نہار 6 ماشہ دوائی پانی میں رگڑ کر پلائیں۔ اور دوائی پیتے وقت ناک بند کر لیں۔

## مجربات امراض قلب (دل)

### (97) اکسیر القلب

ضعف دل، خفقان، دل دھڑکہ وغیرہ تمام امراض قلب کے لئے بے نظیر ہے۔ اور چار خوراکوں میں ہی اپنا اثر دکھلاتی ہے۔ قوت و انبساط حاصل ہو کر انسان قوی اور دلیر ہو جاتا ہے۔ میرے مہربان جناب حکیم محمد عبدالغنی صاحب سیالوی کا عطیہ ہے۔ انہوں نے اس نسخہ کی نہایت تعریف کی تھی۔ جو تجربہ کرنے پر واقعی اکسیر الاثر ثابت ہوا۔

**اجزاو ترکیب:** کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، کشتہ یشب، ست گلو، طباشیر، الائچی خورد، مغز کنول گٹہ ہر ایک ایک تولہ ورق نقرہ ایک دفتری کلاں، ورق سونا 20 عدد۔ سب دوائیں باریک کھرل کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** چار چار رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں اور اوپر سے پاؤ بھر دودھ پلائیں۔

**فوائد:** ضعف قلب، خفقان، دل دھڑکہ وغیرہ تمام امراض قلب کے لئے بے خطا ہے۔

### (98) کشتہ مرجان

جو ضعف قلب، ضعف معدہ، ضعف باہ وغیرہ کے لئے عمدہ اور ہمیشہ کا معمول ہے۔

**اجزاو ترکیب:** شاخ مرجان تین تولہ ہو وہ گھیکوار ایک پاؤ ایک کوزہ گلی میں پہلے نصف گودہ گھیکوار رکھ کر شاخ مرجان بچھائیں اور اوپر باقی گودہ ڈال کر چکنی مٹی سے منہ بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس لیں۔ سفید کشتہ تیار ہو گا۔

ترکیب استعمال: دو رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: ضعف قلب، ضعف معدہ، ضعف باہ کے لئے مخصوص ہے۔ بواسیری خون بند کرتا ہے۔

## (99) شربت مفرح

یہ شربت تقویت قلب و معدہ و مالیخولیا مراقی وغیرہ کے لئے بہت عمدہ چیز ہے۔ اس کا تجربہ کر کے مجھے اطلاع دیں۔

اجزاو ترکیب: مربہ آملہ، مربہ سفرجل، مربہ نارنج ہر ایک آدھ پاؤ، مربہ سیب، عرق گلاب ہر ایک ڈیڑھ ... روح کیوڑہ دو تولہ، مصری آدھ سیر، مربہ جات کو عرق گلاب میں گھوٹ کر قریباً ایک پاؤ پانی اضافہ کر کے مصری ملا کر شربت تیار کریں۔ آخر میں روح کیوڑہ ملالیں۔

ترکیب استعمال: تین تین تولہ صبح و شام عرق بید مشک 6 تولہ ملا کر استعمال کرائیں۔

فوائد: دل اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ مفرح قلب ہے مالیخولیا مراقی کے لئے عمدہ چیز ہے۔ تپ کو فائدہ ...تا ہے۔ اشتہا پیدا کرتا ہے۔

## (100) خفقان اور ضعف قلب کا عمدہ نسخہ

یہ نسخہ استاذ الحکماء عمدۃ الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا عطیہ ہے۔ اور ان کے ...ب کا معمول ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: مربہ پیٹھہ ایک تولہ، مغز بادام مقشر 7 عدد ورق چاندی تین عدد، مغز بادام ...ایک کر کے مربہ پیٹھہ میں ملا کر اوپر ورق لگا کر ہمراہ شربت صندل تین تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک ہر ... 4 تولہ استعمال کرائیں۔

تفریح اور تقویت قلب کے لئے ایک عجیب نسخہ مالیخولیا مراقی میں درج ہو چکا ہے۔ وہاں سے ملاحظہ ...یں۔

# مجربات امراض جگر و طحال وغیرہ

## (101) اکسیر جگر

جس کے پندرہ روزہ استعمال سے پرانے سے پرانے یرقان کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ ضعف و صلابت و ... جگر چلنے پھرنے سے دم چڑھنے کے لئے اکسیر ہے۔ اور ضعف معدہ، گرمی مثانہ، کمی خون، اورام ...و پا کے لئے عمدہ چیز ہے۔ دارالصحت سلطانیہ میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اس کی جتنی تعریف کی ...کم ہے۔ بہت اعلیٰ مجرب المجرب دوا ہے اور بالکل بے خطا ہے۔

اجزاو ترکیب: خبث الحدید (لوہے چون) ہاون دستہ میں کوٹ کر چھلنی میں چھان لیں اور پانی سے دھو کر صاف کر لیں پھر اس میں سے ایک پاؤ لے کر اس میں پوست ہلیلہ زرد، پوست بہیڑہ، آملہ ہر ایک

ایک پاؤ باریک کر کے ملائیں۔ اور سب پر گائے کا دہی اس قدر ڈالیں کہ چار انگل اوپر آجائے۔ ہر روز دیا کریں۔ جب وہی خشک ہو جائے۔ دوبارہ اتنا ہی ڈال کر خشک کریں۔ اسی طرح تین مرتبہ تر و خشک کر کے فلفل دراز، فلفل سیاہ سونٹھ ہر ایک تین تولہ باریک کر کے ملالیں۔ بس لاجواب اکسیر تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ صبح دہی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ غریب لوگ لسی سے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ گرم ترش اشیاء سے قطعی پرہیز ہے۔

## (102) سفوف ضعف و گرمی جگر

ضعف جگر گرمی جگر اور یرقان کے لئے مخصوص ہے۔ اپنا ہی مجوزہ و مخترعہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** خبث الحدید مدبر، طباشیر ہر ایک ایک تولہ، کاسنی الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، مصری 2 تولہ، کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انار وغیرہ استعمال کرائیں۔

## (103) کشتہ فولاد بارد

یہ کشتہ ضعف و گرمی جگر، استسقاء، جریان و گرمی مثانہ و اسہال جگری و اسہال معدی وغیرہ کے لئے نہایت مفید عجیب الاثر ہے۔ استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول ہے۔

**اجزاو ترکیب:** برادہ فولاد اصلی آدھ پاؤ، آب پھلی درخت مغیل (جن میں ابھی دانہ نہ بنا ہو) ایک بوتل۔ آب مذکور تھوڑا تھوڑا ڈال کر فولاد کو کھرل کریں۔ حتی کہ تمام بوتل خرچ ہو جائے۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** تخم بالنگو 4 ماشہ، آب خالص 3 تولہ میں آدھ گھنٹہ تک بھگو رکھیں۔ اس میں 1 ... کشتہ رکھ کر استعمال کرائیں اور استسقاء کے لئے بیضہ نیم برشت میں دیں۔

**فوائد:** ضعف جگر، ضعف معدہ، گرمی جگر و مثانہ جریان، استسقاء اسہال جگری، اسہال معدی، کمی خون، زردی رنگ و ضعف بدن اور ہر قسم کے جریان خون کے لئے معمول ہے ایک خاص چیز ہے۔

## (104) کشتہ فولاد حار

علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ ہے۔ مقوی جگر، دافع ضعف جگر و ضعف معدہ، خون صالح پیدا کرتا ہے۔ اور ضعف باہ کو مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب:** برادہ فولاد 10 تولہ، آب کنڈیاری بوٹی یعنی موہ کڑی آدھ پاؤ میں کھرل کریں (مگر گھنے والا نہ ہو) پھر کوزہ گلی میں ڈال کر بوٹی مذکور کا ایک پاؤ پانی زائد ڈالیں اور گل حکمت کر کے 30 اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر دوبارہ بوٹی مذکور کے آدھ پاؤ پانی میں کھرل کر کے بطریق سابق 30 آگ دے کر اور پیس کر رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی مکھن یا ملائی میں استعمال کرائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** اعلیٰ درجہ مقوی جگر و معدہ مولد خون، دافع ضعف جگر و ضعف باہ و ضعف بدن وغیرہ۔

## (105) معجون جگر

علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات سے ہے۔ سدہ جگر، درد جگر، درد گردہ استقاء، ورم طحال نفخ جگر کے لئے نہایت مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب**: فلفل سیاہ، جنطیانہ رومی ہر ایک 10 ماشہ، قسط شیریں، ریوند چینی، سنبل الطیب ہر ایک 2 تولہ نہایت باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں اور شہد 5 چھٹانک میں ملا لیں۔

**ترکیب استعمال**: نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف، عرق کاسنی ہر ایک تین تولہ استعمال کرائیں۔

**فوائد**: سدہ جگر، درد جگر، درد گردہ، استقاء، ورم طحال، نفخ جگر کے لئے معمول ہے۔

## (106) گولیاں برائے استقاء زقی

علامہ حکیم نور الدین صاحب بھیروی کا نسخہ ہے۔ جو تجربہ پر نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزاو ترکیب**: تربد یعنی تردی، پوست ہلیلہ زرد، کمیلہ، جمالگوٹہ مدبر ہر ایک 6 ماشہ، پوست بیخ حنظل، آملہ سار، پارہ ہر ایک چار ماشہ، ریوند چینی 7 ماشہ، پارہ اور آملہ سار کو ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ دوسری دوائیں الگ پیس لیں۔ پھر سب کو ملا کر شیر ڈنڈا تھوہر میں کھرل کر کے گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح و شام اونٹنی کے دودھ سے استعمال کرائیں۔

## (107) کشتہ منور (لوہے چون)

جو سلسل بول، کثرت بول، ضعف جگر، ضعف معدہ، ضعف مثانہ، ضعف اعصاب خصوصاً بھس کے لئے اکسیر ہے۔ اس کے تھوڑے ہی دن استعمال کرنے سے اس قدر فائدہ ہوتا ہے۔ کہ فولاد بھی اس کے مقابلہ میں ہیچ سمجھا جاتا ہے۔ بھوک بے انتہا پیدا ہو کر دودھ، گھی جس قدر استعمال کیا جائے ہضم ہو جاتا ہے۔ جس سے خون بڑھتا اور بدن سرخ ہو جاتا ہے۔ غرض بہت ہی اچھا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب**: منور 15 تولہ کوٹ چھان کر اس قدر دھوئیں کہ چمکنے لگے۔ اور خوب صاف ہو جائے۔ پھر شیرمدار سے تر کریں اور کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے گل حکمت کر دیں۔ خشک ہونے پر 15 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو کچھ دیر کھرل کرنے کے بعد پھر شیرمدار سے تر کر کے 15 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح بیس آنچیں پوری کریں۔ ہر دفعہ شیرمدار سے تر کر کے بیس سیر اوپلہ کی آگ دیتے رہیں۔ اکیسویں آگ سرکہ انگوری میں تر کر کے دیں۔ اور کھرل کر لیں۔ نسواری رنگ کا عمدہ کشتہ تیار رہ جائے گا۔ جو پانی پر ڈالنے سے پھیل جائے گا۔

**ترکیب استعمال**: نصف نصف رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد**: سلسل بول، کثرت بول، ضعف جگر و ضعف معدہ، ضعف مثانہ خصوصاً بھس کے لئے ازحد مفید ہے۔

## (108) کشتہ فولاد

جو ضعف جگر، یرقان، تلی، زردی چہرہ، سلسل بول، جریان تقویت باہ کے لئے بہت مجرب اور آزمودہ
ہے۔ نیز فتق، بواسیر، کرم شکم، درد شقیقہ کے لئے مفید ہے۔ ایک کہنہ بیاض کا نسخہ ہے اور معتبر نسخوں میں
سے ہے۔

**اجزاو ترکیب:** گندھک 2 تولہ، پارہ تین تولہ، بورہ فولاد 12 تولہ، گندھک اور پارہ ملا کر ایک گھنٹہ تک
خوب کھرل کریں۔ فولاد کو بول مادہ گاؤ تازہ میں تر کر کے دھوپ میں خشک کریں۔ پھر سب کو ملا کر گھیکوار
کے پانی میں دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ بعدہ کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب دھواں نکلنا بند ہو
جائے۔ تو کوزہ گلی میں ڈال کر شیر آک سے تر کریں۔ اور منہ بند کر کے 25 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی
طرح دو آنچیں گھیکوار میں اور ایک ترپھلہ کے پانی میں تر کر کے دیں۔ تیار ہو جائے گا۔

**ترکیب استعمال:** دو رتی مکھن یا دہی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** ضعف جگر، عظم طحال، یرقان، زرد رنگ بدن سلسل بول جریان، قوت باہ، بواسیر، فتق، کرم شکم،
سنپات، درد شقیقہ کے لئے مفید ہے۔

## (109) کشتہ منور خاص الخاص

جسے ایک خاندانی حکیم صاحب کثرت سے تیار کرتے اور ان سے دوسرے حکیم قیمتاً لے جاتے تھے۔
باوجود بہت کوششوں کے بھی کسی کو انہوں نے یہ صدری نسخہ نہ بتلایا۔ مگر بندہ کو اپنے ایک شاگرد کے
ذریعہ (جو کچھ مدت ان کے شفاخانہ میں کام کرتا رہا تھا۔ تجربہ کرنے پر جیسا سنتا تھا ویسا نکلا۔ ہر سال سیروں
کی مقدار دارالصحت سلطانیہ میں تیار ہو کر فروخت ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** اس کے چار پانچ دن استعمال کرنے سے ہی بھوک بڑھ جاتی ہے۔ دودھ، گھی جس قدر
استعمال کیا جائے ہضم ہو جاتا ہے۔ زرد اور کملایا ہوا بے رونق چہرہ سرخ ہونے لگتا ہے۔ عام بیماریاں جو
ضعف اعضاء رئیسہ وغیرہ اور کمی خون کی وجہ سے پیدا ہوئی ہوں دور ہو کر بدن موٹا اور سرخ ہو جاتا ہے۔
غرض نہایت ہی بے مثل نسخہ ہے۔ جو بخل کو بالائے طاق رکھ کر ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جائے گا۔

**اجزاو ترکیب:** منور ایک سیر لوہار کے دوکان میں گرم کر کے بول گائے میں 12 دفعہ بجھاؤ دیں۔ پھر دوغ
ترش یعنی لسی میں 12 دفعہ بجھاؤ دیں۔ پھر دھو کر باریک کوٹ کر پانی سے اس حد تک دھوئیں کہ چمکنے لگے۔
پھر کپڑ چھان کر کے چار پہر ہاتھی سونڈی بوٹی کے پانی میں خوب تر کریں۔ خشک ہونے کے بعد آب لیموں
اور آب انار میں ایک ایک بار تر اور خشک کریں۔ پھر دوبارہ ہاتھی سونڈی بوٹی کے پانی میں تر اور خشک
کریں۔ بعدہ کھرل کر کے پانی پر ڈالیں۔ اگر تیر جائے تو بہتر ورنہ ایک بار بوٹی مذکور کا پانی دیں۔ اب کوزہ گلی
میں ڈال کر سرکہ تیز سے تر کریں اور گل حکمت کر کے کمہاروں کی بھٹی میں (جہاں خام برتن پکائے جاتے
ہیں تیاری کے وقت برتنوں کے ساتھ رکھ دیں۔ سرد ہونے پر تیزاب گندھک سے خوب تر کر کے اسی

طرح پھر آگ دیں۔ شنگرفی رنگ کا اعلیٰ درجہ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ جسے دیکھ کر آپ کی طبیعت خوش ہو جائے گی۔

**ترکیب استعمال**: دو رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد**: مقوی جگر و مقوی معدہ و مقوی باہ، گرمی جگر، کمی خون، سلسل بول، زردی رنگ وغیرہ خصوصاً ضعف جگر و بھس کے لئے ازحد مفید ہے۔

## (110) عرق مرکب برائے ورم احشاء

یہ عرق جگر و طحال و معدہ کی ورم اور ریاح وغیرہ تمام نقائص کے لئے نہایت مفید ہے۔ جگر و معدہ کی تمام خرابیوں کا واحد علاج ہے ہمیشہ کا معمول ہے۔

**اجزاو ترکیب**: مکو خشک، دار چینی ہر ایک 10 تولہ، سونف، پودینہ ہر ایک پاؤ، کاسنی آدھ سیر، ان کا عرق بقدر تین بوتل نکالیں۔

**ترکیب استعمال**: پانچ پانچ تولہ صبح و شام، اگر مرض زیادہ ہو تو اکسیر جگر نمبر 101 مندرجہ صفحہ 72 صبح و شام استعمال کرائیں۔

**فوائد**: ورم جگر و معدہ و طحال و ریاح وغیرہ کے لئے مخصوص ہے۔ پیٹ کی تمام امراض کو مفید ہے۔

## (111) کشتہ منور (لوہ چون)

یہ کشتہ بھس یعنی کمی خون، ضعف جگر، سوء القنیہ وغیرہ کے لئے تیر بہدف نیز ضعف باہ کے لئے جو کمزوری جگر اور کمی خون کی وجہ سے ہو عمدہ چیز ہے۔

**اجزاو ترکیب**: منور ایک پاؤ کوٹ کر سو دفعہ دھوئیں اور کڑچھی آہنی میں ڈال کر لوہار کے دوکان میں خوب گرم کر کے گائے کے پیشاب میں بجھائیں۔ سرد ہونے پر دوبارہ یہی عمل کریں۔ سات دفعہ بجھانے کے بعد اسی طریق پر سات سات دفعہ شیر گاؤ، دہی گاؤ، آب گھیکوار ہر ایک ڈیڑھ سیر میں بجھاؤ دیں۔ پھر کوزہ گلی میں بمعہ شیر مدار آدھ سیر ڈال کر گل حکمت کر کے 25 سیر اپلہ دشتی کی آگ دیں۔

**ترکیب استعمال**: نصف رتی ہمراہ شیر گاؤ جس میں 5 تولہ روغن زرد گرم کر کے ملایا گیا ہو، گرمی معلوم ہو تو لسی اور ادھ رڑکہ استعمال کرائیں۔

## (112) عرق برائے طحال (تلی)

یہ عرق ہمیشہ کا معمول اور بے خطا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب**: سلفیٹ آف آئرن، کونین سلفاس ہر ایک ایک ڈرام، پیپر منٹ آئل، سلفیورک ایسڈ ہر ایک 30 بوند، میگنیشیا تین چھٹانک، سب دوائیں ایک بوتل میں ڈالیں اور ڈیڑھ پاؤ پانی میں ملا کر خوب ہلائیں۔ جب حل ہو جائیں تو بوتل کو پانی سے بھرلیں بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**: اڑھائی اڑھائی تولہ صبح و شام بوتل ہلا کر پلایا جائے۔ اگر طحال بڑی اور پرانی ہو تو دو

بوتلیں پلانی ہوں گی۔ ورنہ ایک ہی بوتل سے آرام ہو جاتا ہے۔ آج تک کبھی اس دوا نے خطا نہیں کی۔ غذا دودھ، چاول، گھی کثرت سے استعمال کرائیں۔ تیل والی اور میٹھی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

## (113) گولیاں برائے طحال

یہ گولیاں عظم طحال (تلی) کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان سے روزانہ دو تین اسہال ہو کر پیٹ ہلکا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ بھوک خوب پیدا ہوتی ہے۔ نیز درد معدہ، کثرت ریاح قبض کے لئے عمدہ چیز ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** صبر، ہلدی، سہاگہ بریاں، ہینگ بریاں ہر ایک 5 تولہ، تمام دوائیں الگ الگ کوٹ چھان کر وزن کر کے ملالیں اور آب گھیکوار میں تین گھنٹہ تک کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو گولی صبح و شام ہمراہ آب گرم استعمال کرائیں۔ گوشت مچھلی، قند سیاہ، اچار وغیرہ بادی اور ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

**فوائد:** تلی، درد معدہ، قبض کلانی شکم کے لئے مفید ہیں۔

## (114) ضماد برائے طحال

خوردنی دوائی کے ہمراہ اس ضماد کا بھی استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** انزروت، کیرا، اشق، زراوند مدحرج ہر ایک ایک تولہ، ان کو کوٹ چھان کر تیز و تند سرکہ میں خوب حل کریں۔ اس میں سے ایک موٹے کپڑے پر (جو بقدر طحال کتر لیا گیا ہو) لگا کر طحال پر لگائیں۔ جب کپڑا اتر جائے تو پھر اسی طرح تیار کر کے لگائیں۔

## (115) گولیاں طحال و استسقاء

یہ نسخہ حکیم مولوی سلطان احمد صاحب برنالوی کا تجربہ شدہ و عطیہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** چاروں اجوائن دو دو تولہ، چاروں نمک تولہ تولہ قلمی شورہ تین تولہ، نوشادر 5 تولہ، سب دوائیں باریک کھرل کر کے ڈنڈا تھوہر کے دودھ میں تین دفعہ تر اور خشک کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ہمراہ دودھ شیریں 1. پاؤ اور ایک ایک گولی شام کو ہمراہ آب گرم استعمال کرائیں۔ گولی کھلانے سے پہلے حلوئی گرم کا ایک لقمہ کھلا دینا ضروری ہے۔ غذا دودھ چاول، دوائی 14 یوم تک استعمال کرائیں۔ اور روٹی بالکل نہ دیں۔ اس سے اسہال آتے رہیں گے اور مواد خارج ہوں گے۔

## (116) دوائے یرقان

اس سے دو تین اسہال ہو کر صفرا خارج ہو جاتا ہے اور مریض کو دو تین یوم تک آرام ہو جاتا ہے جس سے ایک ہی دن میں فائدہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** پوست ہلیلہ زرد 4 تولہ' املی 8 تولہ' آلو بخارا 30 عدد' عناب 10 دانہ' سوڑیاں' کشنیز خشک' گل بنفشہ' گل سرخ' تخم کاسنی' تخم کشوث ہر ایک ایک تولہ' سکنجبین سادہ 10 تولہ' کل ادویہ کو 1. سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو چھان کر سکنجبین ملا کر پلائیں۔ اگر تمام ایک دفعہ نہ پیا جاسکے تو دن میں دو تین دفعہ پلایا جائے۔ گرم اشیاء سے پرہیز کرائی جائے۔

# مجربات امراض گردہ و مثانہ

## (117) سفوف برائے ریگ و پتھری

علامہ استاذ الحکماء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا ہمیشہ کا معمول ہے۔ ہمارے ہاں بھی استعمال ہوتا ہے۔ نہایت آسان اور سریع الاثر ہے۔

**اجزاو ترکیب:** شورہ قلمی' سنگ یہود' سنگ سرماہی' جو کھار' مولی کھار ہر ایک ایک تولہ' سب دوائیں باریک کوٹ کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ۔

## (118) سفوف برائے ریگ و پتھری وغیرہ

یہ بھی ریگ گردہ و مثانہ و سنگ گردہ و مثانہ' نیز اس درد گردہ کے لئے جو ریگ یا سنگ گردہ کے سبب سے ہو نہایت عمدہ ہے۔ اس سے خصوصاً درد گردہ کے کئی مریض شفایاب ہوئے ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** شورہ قلمی تین تولہ' قدرے پانی ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب خشک ہو جائے تو سنگ یہود 1 تولہ' نوشادر 6 ماشہ' سہاگہ تین ماشہ' چھلکا ریٹھہ ایک عدد (جو پہلے کوٹ کر رکھے ہوں) ملا کر اور حل کر کے اتار لیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** چار چار رتی صبح و شام ہمراہ شیر بزو آب ہم وزن دیں۔ جب پتھری بڑی ہو تو مغز [illegible] 1. ماشہ فی خوراک اضافہ کرلیا کریں۔

**فوائد:** مثانہ و گردہ کی پتھری اور ریگ (ریت) اور درد گردہ کے لئے جو پتھری کی وجہ سے ہو نہایت عمدہ ہے۔

## (119) کشتہ سنگ یہود

یہ عجیب و غریب کشتہ سنگ گردہ و مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کی تصدیق بھی ہو چکی ہے۔ کسی بزرگ کا عطیہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** بیخ زنبق ایک پاؤ' سنگ یہود پانچ تولہ' بیخ زنبق کوٹ کر اس کے درمیان سنگ یہود رکھیں۔ اور کوزہ گلی میں پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: ریگ گردہ و مثانہ و سنگ گردہ کے لئے مفید ہے۔

## (120) حب درد گردہ

اجزاو ترکیب: بندق ہندی یعنی ریٹھہ ایک عدد کا چھلکا اور اس کا مغز (جس سے سیاہی اور درد زردی دور کی گئی ہو) باریک پیس کر پانی سے پانچ گولیاں بناؤ۔ ایک گولی پانی کے ساتھ استعمال کراؤ۔ ...
اثر ہوگا۔

## (121) درد گردہ کی تیر بہدف دوائی

عموماً اس کی پہلی یا دوسری خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: سہاگہ، نوشادر، مرچ سیاہ، نمک سیاہ، ہینگ، جو کھار، مولی کھار، شورہ قلمی ...
ایک تین ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سرکہ عمدہ تیز دو تولہ ملائیں اور ہر پندرہ منٹ کے بعد تین تین ...
چٹاتے رہیں۔

## (122) کشتہ بیضہ مرغ

جو کثرت بول، سلسل بول اور ضعف مثانہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔ نیز مقوی باہ و دافع ...
ہے۔ اس کشتہ سے نوشادر کا تیل ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: قشر یعنی چھلکا بیضہ مرغ کو نمک والے پانی میں آٹھ پہر تک بھگو کر ...
دھوئیں تاکہ اندرونی پردہ دور ہو جائے پھر باریک کر کے شیر مدار سے تر کریں۔ اسی طرح سات دفعہ ...
خشک کریں۔ اور چونہ وغیرہ کے بھٹہ میں رکھوا دیں۔ تاکہ خاکستر سفید ہو جائے۔ اگر بھٹہ کی آگ ...
ہو سکے تو ایک من اوپلہ کی آگ گڑھے میں دیں۔ ایک رتی مکھن وغیرہ میں دیں۔

فوائد: کثرت بول، سلسل بول، ضعف مثانہ، جریان، ضعف باہ کے لئے مفید ہے۔

نوٹ: کشتہ بارہ سنگا نمبر 42 سلسل بول اور کثرت بول کے لئے بہت مفید ہے۔ وہاں سے ملاحظہ فرمائیں۔

## (123) سکنجبین دافع ریگ مثانہ

ریگ مثانہ کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے اور نہایت بے ضرر ہے۔ ایک بزرگ سے حاصل ...

اجزاو ترکیب: کلتھی 4 تولہ، پرسیاؤشاں 1. تولہ، حب القرطم تخم خرفہ ہر ایک تین تولہ، پوست ...
کاسنی، پوست بیخ سونف تخم کاسنی، خار خسک ہر ایک 5 تولہ، اجوائن 2. تولہ، برگ انگور 12 تولہ، سونف ...
تولہ، سونف رومی ایک تولہ، تخم بادرنگ 9 تولہ، سرکہ ایک پاؤ، مصری ایک سیر، حسب دستور شربت ...
کریں۔

ترکیب استعمال: تین تین تولہ صبح و شام گرم پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

## (124) سفوف حرقۃ البول

اجزاو ترکیب: طباشیر، بیروزہ خشک، شورہ قلمی ہر ایک 3 ماشہ، کہربا 6 ماشہ، زیرہ سفید ایک تولہ، سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری استعمال کرائیں۔

## (125) سفوف سوزاک و بول بند شدہ

اجزاو ترکیب: زیرہ سفید، شورہ قلمی ہر ایک ایک تولہ، سنگ یہود 6 ماشہ، باریک کر کے سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر بزو آب مساوی الوزن استعمال کرائیں۔

## (126) دوائے ریگ گردہ

اجزاو ترکیب: شورہ قلمی 5 تولہ، سہاگہ، نوشادر، جوکھار ہر ایک ایک تولہ، سنگ یہود 2 تولہ، بندق ہندی یعنی ریٹھہ 3 تولہ بھلاوے 8 عدد، سوائے شورہ قلمی اور بھلاوہ کے سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر رکھ لیں۔ اول کڑاہی میں شورہ قلمی ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تو سہاگہ ڈال دیں۔ پھر سنگ یہود اور ریٹھہ و بھلاوے جوکھار علی الترتیب ڈال کر نرم نرم آگ جلاتے جائیں۔ جب تمام اشیاء پگھل کر خشک ہو جائیں تو اتار لیں۔ اور پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ و آب ہم وزن استعمال کرائیں۔

نوٹ: دوائی کو سیخ آہنی سے ہلاتے رہیں اور آنکھوں کو دھواں سے بچائیں۔

## (127) اکسیر سوزاک و قرحہ

یہ نسخہ دوران تعلیم مدرسہ طبیہ لاہور میں ایک شاگرد نے محبت سے بتلایا۔ اور کہا کہ ہمارا یہ خاندانی نسخہ ہے۔ اسے بنا کر ضرور آزمائش کرنا جو تجربہ کرنے پر واقعی عجیب اور بے مثل ثابت ہوا۔ نہایت مخفی نسخہ ہے جو پبلک کی ضرورت کو مد نظر رکھ کر ظاہر کر دیا گیا ہے۔

اجزاو ترکیب: بیروزہ مصفی تین تولہ، کشتہ سنگ جراح، طباشیر، گوکھرو ہر ایک 8 ماشہ، دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ، سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر وزن کر کے ملا لیں۔

ترکیب استعمال: مغز تخم خیارین ایک تولہ کو آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر شربت نیلوفر تین تولہ ملا کر اول چار ماشہ دوائی کھلا کر اوپر سے پلائیں۔ اسی طرح شام کو استعمال کرائیں۔

ترکیب کشتہ سنگ جراح: آک کے پھول یا نرم کونپلیں ایک کوزہ گلی میں سنگ جراح 5 تولہ کے نیچے اوپر رکھ کر گل حکمت کر کے 10 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس لیں۔

گندہ بیروزہ صاف کرنے کی ترکیب: ایک بڑی ہانڈی نصف تک پانی سے بھر کر اس کے منہ پر ململ کا کپڑا باندھ دیں اور اوپر بیروزہ ایک پاؤ کوٹا ہوا بچھا کر کسی کپڑے سے ڈھانک دیں۔ نیچے آگ جلائیں

جب بیروزہ پگھل کر ہانڈی میں چلا جائے تو اور تھوڑا سا ٹھنڈا پانی ڈال دیں۔ تاکہ اکٹھا ہو جائے۔ پھر سا بز
پانی سب نکال کر نیا ڈالیں۔ اور پہلے کی طرح صاف کریں۔ اسی طریق پر چار پانچ دفعہ عمل کرنے سے بیروزہ
صاف ہو جائے گا۔

## (128) پچکاری سوزاک

**اجزاو ترکیب:** نیلہ تھوتہ، پھٹکڑی ہر ایک 6 ماشہ، دونوں اشیاء توا آہنی پر الگ الگ بریاں کریں۔ با
باریک کھرل کرکے دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر پانچ سیر پانی ڈالیں۔ اور جوش دیں جب دو سیر رہ جائے تو
بوتلوں میں بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** حسب دستور دو وقت پچکاری کریں۔

## (129) اکسیر سوزاک

ریاست بہاول پور کے ایک صاحب سے جو اس مرض کے مشہور معالج تھے۔ یہ نسخہ بصد مشکل
حاصل ہوا جو ہمیشہ دارالصحت سلطانیہ میں تیار رہتا ہے۔ اور آج تک جس مریض کو دیا گیا کسی نے بھی
ناکامی کی شکائت نہیں کی۔ ایسے کم خرچ بالانشیں نسخہ جات کے بتانے سے ہی لوگ بخل کرتے ہیں۔ جن پر
خرچ وغیرہ بھی کچھ نہ آئے اور فائدہ میں بے خطا ہوں۔ واقعی اس نسخہ کے اجزا تو معمولی معلوم ہوتے ہیں
مگر فائدہ کے لحاظ سے سوزاک کے سب نسخہ جات کا سرتاج ہے۔

**اجزاو ترکیب:** دانہ الائچی کلاں، شورہ قلمی ہر ایک 4 تولہ، دونوں دوائیں باریک کرکے ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ آب خالص استعمال کرائیں۔ گرم ترش اشیاء مثل سرخ
مرچ وغیرہ سے پرہیز کرائیں۔

## (130) دوائے سوزاک و قرحہ

**اجزاو ترکیب:** قلمی شورہ دس تولہ، کیلہ کے تین سیر پانی میں پکائیں۔ جب خشک ہو جائے اس میں
گوکھرو یعنی بھکڑہ دس تولہ ست گندہ بیروزہ اصلی 5 تولہ باریک کرکے ڈالیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ماشہ ہمراہ لسی خام یعنی شیر و آب ہم وزن استعمال کرائیں۔ ترش، بادی، گرم
اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

**نوٹ:** گندہ بیروزہ صاف کرنے کی ترکیب نسخہ سوزاک نمبر127 کے ضمن میں تحریر ہے۔

# مجربات امراض مخصوصہ مرداں

فی زمانہ جوانی کی غلط کاریوں اور عیاشیوں وغیرہ سے نامردی، سستی، جریان وغیرہ کے مریض بہت
پائے جاتے ہیں۔ ایسے تھوڑے آدمی ہوں گے۔ جنہیں کمزوری کی شکایت یا دوائی قوت باہ کی تلاش نہ
ہو۔ اور پھر اکثر کی یہی فریاد ہوتی ہے۔ کہ کوئی دوائی فائدہ نہیں کرتی۔ ہمارے خیال میں اس کی بھاری وجہ

ہے۔ کہ جس قدر ان امراض نے ترقی کی ہے۔ اس کے مقابلہ میں تسلی بخش دوائیں بہت کم میسر ہوتی ہیں۔ کیونکہ اول تو اتفاقاً جسے کوئی اچھا نسخہ مل جائے۔ وہ کسی کو بتاتا نہیں۔ دوسرے یہ کہ موثر دوائیں اکثر محنت سے بننے والی ہوتی ہیں۔ اور آج کل کے طبیب اس قدر آرام طلب ہو گئے ہیں کہ جو نسخہ کچھ بھی تکلیف و محنت سے بننے والا ہو۔ اس کی طرف خیال تک نہیں کرتے۔ برعکس اس کے اگلے زمانہ کے سنیاسی لوگ ایک ایک دوائی پر بہت بہت محنتیں کرتے اور کئی آدمی مل کر صرف ایک دوا مکمل کرتے تھے۔ اسی لئے سنیاسیوں کا نام آج تک زندہ اور باعزت چلا آتا ہے۔

اب ہم چند ایک اطمینانی اور پوشیدہ نسخہ جات درج کرتے ہیں۔ جنہیں اپنے ہاتھ سے بنا کر کئی مریضوں پر تجربہ کیا گیا ہے۔ آگے ان کی قدر کرنا یا نہ کرنا پبلک کے اختیار میں ہے۔

## (131) کشتہ شنگرف اکسیر اعظم

دارالصحت سلطانیہ کا مایہ ناز مشہور و معروف نسخہ ہے۔ جو اکسیر الاجسام کے نام سے اشتہاروں وغیرہ کے ذریعہ تیس روپیہ فی تولہ کے حساب سے فروخت ہوتا ہے۔ جو کہ نامردی، سرعت انزال سستی وغیرہ کے بے خطا علاج اور چوٹی کا مقوی باہ، نیز لقوہ، فالج رعشہ، استرخا، وجع المفاصل کے لئے بہت عمدہ چیز ہے۔

**اجزا و ترکیب:** شنگرف رومی کی پانچ ڈلیاں بنا کر ان پر ریشم کی تار لپیٹ دیں اور کڑچھی آہنی میں ابرک کا ورق رکھ کر اس پر شنگرف کی ڈلیاں بچھا دیں اور آگ پر رکھیں۔ پھر آب پیاز میں کپڑا یا روئی تر کر کے شنگرف پر نچوڑتے جائیں۔ جب آب پیاز خشک ہو جائے۔ دوبارہ تر کر کے نچوڑ دیا کریں۔ یہی سلسلہ جاری رکھیں۔ حتی کہ 18 سیر آب پیاز خرچ ہو جائے۔ ایک دن میں قریباً ڈیڑھ سیر آب پیاز خرچ ہو جاتا ہے۔ اس حساب سے 12 دن میں کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ جو کم از کم دس پندرہ مایوس نامردوں یا تیس چالیس معمولی کمزوروں کے لئے کافی ہوتا ہے۔

بات اصل میں یہ ہے کہ ایسا اطمینانی اور یقیناً تیار ہو جانے والا کشتہ ملتا ہی مشکل سے ہے۔ اور اگر محنت کے بعد مقصد پورا ہو جائے تو سب تکلیفیں وغیرہ دور ہو جاتی ہیں۔ مشقت کرنے کی جرات صرف ان کشتہ جات پر ہی نہیں ہو سکتی۔ جن کے جلنے یا اڑ جانے کا اندیشہ ہو۔ اس نادر الوجود کشتہ کی یہی وصف ہے کہ فائدہ میں کمال ہونے کے علاوہ ایک ناواقف آدمی بھی باآسانی تیار کر سکتا ہے۔ اور اس پر محنت کرنے کی ضرورت بھی ایسے مریضوں کے لئے ہی پڑتی ہے جو تمام کشتہ جات یا قوتیاں وغیرہ کھا کر مایوس ہو چکے ہوں اور کمزور ہونے کی وجہ سے مجامعت کے قابل نہ ہوں۔

**ترکیب استعمال:** معمولی کمزور کو نصف رتی اور نامرد کو ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**عجیب طریق استعمال:** ایک عمر رسیدہ تجربہ کار حکیم سے (جو نامردی کے مشہور معالج تھے) شنگرف وغیرہ کا یہ عجیب طریق استعمال معلوم ہوا۔ جس سے یقیناً کامیابی ہوتی ہے۔ لہذا ہم یہ کشتہ شنگرف نیز دیگر کشتہ جات نامردوں کو اسی طریق سے استعمال کراتے ہیں۔ جو بالتفصیل لکھ دیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ

میرے ہم پیشہ بھائی اسے پسند فرمائیں گے۔ وہ طریق استعمال یہ ہے کہ صبح ایک چھٹانک تازہ مکھن میں قدرے مصری ملا کر پہلے تھوڑے سے حصہ میں ایک رتی کشتہ رکھ کر کھلا دیں۔ باقی مکھن اوپر سے کھلا دیں۔ دوسرے روز اسی طرح ڈیڑھ چھٹانک مکھن اور ڈیڑھ رتی کشتہ کھلائیں۔ تیسرے روز آدھ پاؤ مکھن 2 رتی کشتہ۔ چوتھے روز تین رتی اور پانچویں روز چار رتی اسی طرح اگر مریض مکھن زیادہ کھانے سے نفرت کرے تو آدھ پاؤ ہی روز کھاتا رہے۔ علیٰ ہٰذالقیاس دودھ بھی روزانہ ایک سیر سے کم نہ پئے۔ زیادہ ہو تو بہتر ہے۔ اگر مکھن نہ کھایا جاسکے تو اس کی بجائے ملائی بھی کام دے سکتی ہے۔

غرض روزانہ چار رتی کشتہ مندرجہ بالا طریق پر استعمال کرایا جائے۔ غذا گوشت، پلاؤ، انڈے، فرنی وغیرہ ہم نے اس طریق سے چھ چھ سات سات رتیاں کشتہ کھلایا ہے۔ جس کے ساتھ آدھ سیر تک مکھن اور چار سیر تک دودھ ہضم ہو جاتا ہے۔

آلہ تناسل میں کوئی نقص ہو تو ساتھ ہی نکور اور طلا وغیرہ بھی استعمال کرائیں۔ اگر اللہ کا فضل شامل حال ہوا تو چوتھے روز مریض کہے گا کہ دوائی نے مجھے اثر کر دیا ہے۔

شائد کوئی صاحب یہ گمان کریں کہ روزانہ اس قدر دودھ گھی استعمال کرنے سے دوائی کے بغیر بھی طاقت پیدا ہو سکتی ہے۔ اور دوائی نے کیا اثر کیا۔ تو ان کا یہ خیال غلط ہے۔

کشتہ جات چونکہ بہت گرم اور خشک ہوتے ہیں۔ اگر ان کے ہمراہ دودھ اور مکھن استعمال نہ کرایا جائے تو تکلیف ہوتی ہے۔ فائدہ بھی کم ہوتا ہے۔ خصوصاً زیادہ تیز اور گرم کشتہ جات تو دودھ وغیرہ کے بغیر تپ بھی چڑھا دیتے ہیں۔ اور پھر لطف یہ کہ ان کے ہمراہ جتنا دودھ گھی استعمال کرایا جائے جزو بدن بن کر خون بافراط پیدا ہوتا ہے۔ اگر معترض صاحب کو ہماری اس بات پر یقین نہ آئے تو دوائی کے بغیر ڈیڑھ پاؤ آدھ سیر مکھن اور تین چار سیر دودھ ایک دن میں ہضم کر کے دکھلائیں۔

اس نسخہ کو تیار کر کے ضرور آزمائیں اور نتیجہ سے اطلاع بخشیں۔

میرا اپنا معمول یہ ہے۔

ایک رتی کشتہ شنگرف مذکور اور ایک چھٹانک مکھن سے شروع کر کے روزانہ ایک رتی کشتہ شنگرف اور ایک چھٹانک مکھن زیادہ کرتے جائیں۔ جس دن مریض کو شہوت محسوس ہو اس دن ان کا بڑھانا موقوف کر دیں۔ اور یہی وزن (جس پر مایوس مریض کو فائدہ محسوس ہوا ہے) شروع رکھیں۔ مثلاً ساتویں روز اس کو فائدہ ہو گیا ہے تو روزانہ صبح سات رتی وزن کر کے مکھن میں رکھ کر استعمال کراتے رہیں ساتھ مکھن بھی سات چھٹانک تک 24 گھنٹہ میں کھلا دیں۔ یعنی جس قدر صبح آسانی سے کھا سکے کھلا دیں۔ باقی دوسرے وقتوں میں کھلا دیں۔ ویسے نہ کھا سکے تو گوشت میں یا چوری بنا کر کھلا دیں۔ اگر کسی خاص عضو میں نقص ہو مثلاً ضعف قلب یا ضعف دماغ یا ضعف جگر ہو یا آلہ تناسل میں کوئی شکائت ہو تو ان کا خیال بھی ضرور کریں۔ انشاء اللہ بفضل خدا ضرور کامیابی ہوگی۔ ہم نے اس طریق سے کئی مایوس مریضوں کا علاج کیا ہے۔ اور صرف پندرہ بیس یوم تک استعمال کرانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

فوائد: ضعف باہ، نامردی کا واحد علاج ہے۔ نیز فالج، لقوہ، استرخا، تشنج، وجع مفاصل کے لئے نہایت مفید ہے۔ اعلیٰ درجہ محرک باہ ہے۔ تمام ریاحی امراض اور امساک کے لئے مفید ہے۔

## (132) کشتہ شنگرف

### (خاص نسخہ)

یہ کشتہ دارالصحت سلطانیہ میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ اور آج تک کئی مریضوں پر تجربہ کیا جا چکا ہے جو نامردی، سرعت انزال، قوت باہ کے لئے عجیب تحفہ اور مرض رعشہ، فالج، لقوہ، درد مفاصل وغیرہ کا عمدہ علاج ہے۔

**اجزاو ترکیب:** بھلاوہ، مال کنگنی، تخم حرمل ہر ایک ایک پاؤ تینوں دوائیں قدرے شیر مدار سے تر کریں۔ بعدہ ایک ہانڈی لے کر اس کو نصف تک گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اس کے نیچے چار یا پانچ سوراخ بنوا لیں۔ اور دوائیں ڈال کر منہ بند کر دیں۔ پھر زمین میں گڑھا کھود کر اس کے درمیان ایک چھوٹا سا گڑھا اور بنا دیں۔ جس میں چینی کا پیالہ پورا آجائے۔

پھر چھوٹے گڑھا میں پیالہ رکھ کر اس کے منہ پر ہانڈی رکھیں۔ نیز لب پیالہ اور ہانڈی کو خوب مٹی لگا دیں۔ تاکہ ہوا کا رستہ نہ رہے بعدہ ہانڈی کے چاروں طرف چھ سیر مینگنی بز ڈال کر آگ لگا دیں بعد دو روز جب سرد ہو جائے تو حفاظت سے تیل نکال لیں۔ پھر شنگرف بقدر دو تولہ سالم ڈلی لے کر اول روغن مذکور میں تر کریں۔ بعدہ اس پر چار عدد برگ مدار پر لپیٹ کر چکنی مٹی کا انگل بھر موٹا لیپ کریں اور کوئلوں کی آگ میں ڈال کر پکائیں۔ جب غلولہ سرخ رنگ ہو جائے۔ تو فوراً باہر نکال کر قدرے سرد کر کے توڑ کر دوبارہ روغن مذکور میں تر کر کے اسی طرح پکائیں۔ علیٰ ہذا القیاس چالیس آنچیں دیں۔ قائم النار عجیب و غریب کشتہ تیار ہو جائے گا۔ اسے روح کیوڑہ دو تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** معمولی کمزور کے لئے نصف رتی اور نامرد کے لئے ایک رتی 5 تولہ مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اگر طریق استعمال مندرجہ صفحہ 91 کے مطابق استعمال کرایا جائے۔ تو نامرد کو شنگرف نہایت عمدہ فائدہ کرتا ہے۔

**نوٹ:** لیپ والی مٹی میں روئی ملا کر حمام دستہ میں خوب کوٹ لینا چاہئے۔ تاکہ آگ پر رکھنے سے پھٹ نہ جائے کیونکہ اگر تھوڑا سا شگاف بھی آجائے تو شنگرف جل جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ دیگر غلولہ کو تھوڑی تھوڑی دیر بعد ہلاتے اور دیکھتے رہیں تاکہ ایک طرف سے زیادہ آگ نہ پہنچ جائے۔

**فوائد:** نامردی، ضعف باہ، سرعت وغیرہ فالج، لقوہ، اوجاع مفاصل گنٹھیا کے لئے مفید ہے۔

## (133) کشتہ چاندی

### (صندوقچہ کا خاص نسخہ)

آج کل وہی کشتہ چاندی پسند کیا جاتا ہے جو بوٹی میں بننے والا ہو اور ایک ہی تھوڑی سی آگ میں تیار

ہو جائے۔ لہٰذا یہ ان اوصاف والا عجیب کشتہ جو کہ آج تک سینہ میں مقفل تھا، بلا دریغ ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ یہ نسخہ ایک سیاح سے بڑی محنت کے ساتھ حاصل ہوا تھا۔ جو کہ کوڑیوں کے مول آپ کو مل رہا ہے۔ لہٰذا اس کی قدر کرنا۔

**اجزاو ترکیب:** کھنگل بوٹی جسے کھٹی انبی کہتے ہیں۔ حسب ضرورت لے کر گھوٹ کر کپڑے میں نچوڑ لیں اور کسی برتن میں سنبھال کر رکھیں۔ ایک گھنٹہ تک فضلہ وغیرہ تہ نشین ہو جائے گا۔ اور سرخ رنگ صاف پانی اوپر تیر آئے گا۔ اب پختہ کھرل میں (جو گھسنے والا نہ ہو) ایک تولہ برادہ چاندی اور ایک تولہ سیماب ڈال کر اس پانی سے رگڑنا شروع کریں یعنی تھوڑا تھوڑا صاف پانی ڈال کر 12 گھنٹہ تک خوب زور سے کھرل کریں۔ حتیٰ کہ چاندی کی چمک وغیرہ ملنے سے معلوم نہ ہو۔ پھر ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ اور اوپلہ کلاں کے درمیان رکھ کر ان کے لب ملالیں۔ اور ہوا سے محفوظ جگہ گڑھا میں رکھ کر ان کے نیچے اوپر چھ سیر اوپلے اور ڈال دیں۔ اور آگ لگائیں۔ انشاء اللہ سفید رنگ کا عمدہ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ گھنٹہ تک خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** مقوی باہ، مقوی قلب، مقوی دماغ، مقوی معدہ ہے اور منی پیدا کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت دیتا ہے۔

## (134) کشتہ شنگرف

یہ کشتہ نامردی اور قوت باہ کے لئے اکسیر ہے۔

**اجزاو ترکیب:** آک کے پتوں کا دونا بنا کر اس میں ایک تولہ ڈلی شنگرف رکھ کر شیر آک سے تر کریں۔ دوسرے تیسرے روز بھی شیر آک اور ڈالیں اور رکھ چھوڑیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو آک کے زرد پتے دس سیر ایک مٹکے میں دونا مذکور کے نیچے اوپر دے کر مٹکے کا منہ بند کر دیں۔ مگر یاد رہے کہ مٹی میں روئی کوٹ لیں جب خشک ہو جائے تو اس پر دو دفعہ گل حکمت کریں۔ تاکہ ہوا باہر خارج نہ ہو سکے۔ جب اچھی طرح خشک ہو جائے۔ تو نیچے پانچ پہر تک تیز آگ جلا دیں۔ پھر سرد کر کے نکال لیں اور ایک چھٹانک قیمہ گوشت بنوا کر ایک چھٹانک میں ڈلی شنگرف مذکور رکھ کر گھی اکیس چھٹانک میں بریاں کریں۔ جب گوشت خوب سرخ ہو جائے تو نکال کر سرد کر کے شنگرف کو الگ کر لیا کریں۔ اور پھر ایک چھٹانک قیمہ گوشت میں لپیٹ کر گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح اکیس چھٹانک قیمہ گوشت میں بریاں کریں۔ پھر شنگرف پیس کر اس میں ایک تولہ کشتہ چاندی مندرجہ بالا نمبر 133 ملالیں۔ بس اکسیر باہ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اگر طریق استعمال نسخہ نمبر 136 کے مطابق استعمال کرایا جائے تو نہایت مفید ثابت ہو گا۔ گوشت اور گھی کو محفوظ رکھیں۔ روزانہ ایک چھٹانک گوشت اور 2 تولہ گھی استعمال کرنا چاہیے۔ ایک آدمی اس سے بھی شفایاب ہو جائے گا۔ دوران استعمال میں جماع اور ترش اشیاء

## (135) معجون برائے سرعت انزال

نیز مقوی اعضاء رئیسہ، مقوی باہ، مخلط منی دافع جریان ہے۔ عالی جناب استاذ الاطباء حضرت استاذی مخدومی جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا عطیہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** موصلی سیاہ، موصلی سفید، موچرس، تخم انگن، دارچینی، بہمن سرخ، بہمن سفید، خار خسک، بیج بند، مغز تخم کدو، تخم پیاز، اندر جو شیریں، برگ بھنگ، طباشیر ہر ایک 4. ماشہ، تال مکھانہ، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ، عاقر قرحا 6 ماشہ، مروارید ناسفتہ ایک ماشہ، مصری آدھ پاؤ، مروارید کسی پختہ کھرل میں ایک گھنٹہ تک روح کیوڑہ کے ساتھ کھرل کریں۔ دوسری دوائیں الگ الگ باریک پیس کر سب چیزوں کو ملالیں۔ اور مصری کا قوام کرکے پھر معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کرائیں۔

## (136) کشتہ فولاد شنگرفی اکسیر اعظم

(صندوقچہ کا نسخہ)

جو نامردی قوت باہ، امساک کے لئے عجیب الاثر ہے۔ تیسرے چوتھے دن ہی اپنا مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔ دارالصحت سلطانیہ کا ایک مشہور و معروف نسخہ ہے جو ہمارے مطب میں کثرت سے خرچ ہونے کے علاوہ اشتہارات کے ذریعہ بھی بارہ روپے فی تولہ کے حساب فروخت ہوتا ہے۔ غرض نہایت ہی نفیس نسخہ ہے جو تحفہ کے طور پر ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

**اجزاو ترکیب:** برادہ فولاد 10 تولہ، شنگرف رومی 4 ماشہ کو پختہ کھرل میں ڈال کر 2. چھٹانک شراب دیسی میں ایک دن کھرل کرکے قرص بنادیں اور ایک دن پڑا رہنے دیں۔ دوسرے دن کوزہ گلی میں رکھ کر اس کا منہ خوب چکنی مٹی سے (جس میں روئی کوٹ کر ملائی گئی ہو) بند کردیں۔ خشک ہونے پر 6 سیر اوپلہ کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر پھر 4 ماشہ شنگرف ملاکر 2. چھٹانک شراب میں کھرل کرکے اسی طرح آگ دیں۔ علی ہذا القیاس آٹھ آنچیں پوری کریں۔ پھر بطریق مذکورہ بالا آٹھ آنچیں آب گھیکوار میں کھرل کرکے دیں۔ ہر دفعہ چار ماشہ شنگرف ملاکر تین چھٹانک آب گھیکوار میں کھرل کرکے قرص بنائیں اور ایک دن کھرل کرکے دوسرے دن چھ سیر اوپلہ جنگلی کی آگ دیں۔ کل سولہ آنچوں میں تیار ہو جائے گا۔

**ترکیب استعمال:** معمولی کمزور کے لئے ایک رتی اور نامرد کے لئے 1. رتی پانچ تولہ مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھلائیں اور دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

## (137) گولیاں لاثانی

### (خاص الخاص نسخہ)

تقویت باہ و جگر و دل دماغ و گردہ و مثانہ و اعصاب و رقت منی سرعت انزال و جریان کے لئے خاص الخاص ہیں۔ یہ عجیب و غریب گولیاں کئی بار تیار کر کے سینکڑوں مریضوں پر تجربہ کی گئی ہیں۔ جہاں تک ہمارا خیال ہے ان سے بڑھ کر گولیوں کا اور کوئی جامع الفوائد زود اثر نسخہ نہیں ہو گا۔ مجلوق و کمزور اور قوت باہ کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔ جو فیض رسائی خلائق کے لئے بلا دریغ درج کی جاتی ہے۔

**اجزاو ترکیب**: سافٹ پل آف فاسفورس، کشتہ شنگرف، کشتہ مرجان، کشتہ صدف، کشتہ قلعی ہر ایک تین ماشہ، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ 6 ماشہ، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 1. ماشہ، کشتہ فولاد شنگرفی ایک ماشہ، ان کو ایک جگہ کھرل کریں۔ بعدہ زعفران 1. ماشہ، عنبر اشہب، مشک خالص ہر ایک 6 رتی، افیون، مومیائی کانی ہر ایک ایک ماشہ، جندبید ستر، ورق نقرہ ہر ایک 1. ماشہ، ورق سونا چھ رتی، اکٹھے ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے پہلی دواؤں میں ملا دیں۔ پھر مغز پستہ، مغز بادام، مغز بنولہ، مغز فندق ہر ایک تین ماشہ، بیر بہوٹی، خراطین مغسول ہر ایک 1. ماشہ کوٹ کر ملا دیں۔ اس کے بعد عقرقرحہ، ریگ ماہی ہر ایک 1. ماشہ، جائفل، بہمن سرخ، بہمن سفید شقاقل ہر ایک تین ماشہ، جدوار خطائی دو ماشہ کوٹ چھان کر ملا دیں اور سب دوائیں دو گھنٹہ کھرل کرنے کے بعد قدرے شہد ملا کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح و شام آدھ سیر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ غذا گوشت، پلاؤ، فرنی، انڈے وغیرہ اور گرم ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

**فوائد**: مقوی باہ، مقوی اعضاء رئیسہ و مقوی گردہ و مثانہ، مغلظ منی، دافع جریان و سرعت انزال و مقوی اعصاب وغیرہ ایک جامع الفوائد نسخہ ہے۔

## (138) کشتہ پارہ

قوت باہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔ لطف یہ کہ آسان اور بے ضرر ہے۔

**اجزاو ترکیب**: بیخ کیلہ قریباً ایک بالشت لے کر اس میں تھوڑا سا سوراخ بنا دیں۔ پھر اس میں دو تولہ پارہ ڈال کر قدرے آب مکو سبز ڈالیں پھر کیلہ کی جڑھ سے ہی سوراخ بند کر کے گل حکمت کریں۔ اور ہانڈی خام فراخ منہ والی میں رکھ کر اس کا منہ چپنی سے بند کر کے خوب گل حکمت کر دیں۔ اور ہوا سے بچا کر ہانڈی مذکور کو 30 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو پارہ نکال لیں اور پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال**: دو چاول بھر مکھن وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد**: مغلظ منی، مقوی باہ، بدن کو طاقت دیتا، دودھ گھی ہضم کرتا ہے۔ چالیس سال سے زائد عمر کے لئے نہایت مفید ہے۔

## (139) گولیاں مقوی باہ و ممسک ①

یہ گولیاں قوت باہ اور امساک پیدا کرنے نیز سرعت انزال کے لئے نہایت مفید ہے۔ ضعف باہ کے شاکیوں اور مجلوقوں کے لئے تجربہ کی جا چکی ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** جائفل، جلوتری، افیون، مازو، تخم حرمل، مصطگی رومی، زعفران، ناگیسر، موچرس، تج، گل سپاری، چھالیہ، الائچی سفید، طباشیر، جوائن خراسانی ہر ایک تین ماشہ۔ ہر ایک دوائی الگ الگ باریک پیس کر بہدانہ اور اسبغول کے لعاب سے کچھ دیر کھرل کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر اور امساک کے لئے جماع سے تین گھنٹے پہلے ایک گولی کھا کر دودھ پینا چاہئے۔ غذا اس دن نہیں کھانی چاہئے صرف دودھ ہی پینا چاہئے۔

**فوائد:** مجلوق اور ضعیف الباہ کی سستی اور امساک کے لئے معمول ہیں۔

## (140) کشتہ شنگرف قائم النار

یہ کشتہ قوت باہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔ اور پندرہ دن کے استعمال سے نامرد مرد بن جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** شنگرف رومی ڈلی سالم ایک تولہ، مال کنگنی عمدہ ایک پاؤ۔ مال کنگنی کو خوب باریک کوٹیں۔ اور اس کے درمیان شنگرف رکھ کر غلولہ بنا کر ایک ہانڈی میں تین سیر ریگ ڈال کر اوپر یہ غلولہ رکھ کر اوپر تین سیر اور ریگ ڈال کر آگ پر رکھ کر چار پہر متوسط آگ جلا دیں۔ جب ریگ خوب گرم ہو جائے اور اوپر مکی کا دانہ رکھنے سے بریاں ہو جائے تو آگ بند کر دیں۔ صبح سرد ہونے پر شنگرف نکال لیں۔ اسی طرح پر ایک آگ اور دیں۔ قائم بے دود کشتہ تیار ہو جائے گا۔ دو تولہ روح کیوڑہ یا گلاب میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار چاول مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** یہ نہایت مقوی باہ ہے۔ ریاح کو زائل کر دیتا ہے۔

## (141) گولیاں مقوی باہ و ممسک ②

یہ بھی نہایت مجرب اور آزمودہ ہیں اور نہایت سریع الاثر ہیں۔ قوت باہ اور امساک پیدا کرنے کے لئے ایک خاص نسخہ ہے۔ ایک دوست کا خاص الخاص عطیہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 16 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن ایک ڈرام، ایکسٹریکٹ بلاڈونا 8 گرین، کونین سلفاس 30 گرین، سلفیٹ آف آئرن 4 گرین، گولڈ کلورائڈ سوڈیم 15 گرین، سم الفار سفید 2 رتی، کشتہ فولاد 1 ماشہ، سب دوائیں الگ الگ پیس کر سب اشیاء کو خوب ملا کر 60 گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا استعمال کرائیں۔

**فوائد:** مقوی باہ و ممسک ہیں۔ ان سے دائمی امساک پیدا ہوتا ہے اور قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔ نہایت اعلیٰ درجہ مقوی و ممسک و محرک باہ اور دودھ، گھی ہضم کرنے والی گولیاں ہیں۔

## (142) کشتہ شنگرف قائم النار بے دود

یہ کشتہ تین دفعہ تیار کیا گیا ہے جو تقویت باہ کے لئے ازحد مفید ثابت ہوا۔ لطف یہ کہ بالکل آسان اور بلاقیمت ہے۔ قائم النار بے دود تیار ہوتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** درخت جھجھرہ کی تازہ لکڑی ایک گز لمبی لا کر اس کے درمیان میں بڑھئی سے ایک انچ مربع سوراخ بنوائیں۔ اس میں شنگرف رومی 2 تولہ سالم ڈلی رکھ کر جھجھرہ کی ہی لکڑی سے سوراخ اس طرح مضبوط بند کریں کہ ہوا باہر نہ نکلے۔ اب ایک گز لمبا گڑھا کھود کر اس میں لکڑی مذکورہ رکھ دیں۔ نیچے اوپر اس کے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں اور اوپلے ڈال کر دونوں طرف سے آگ لگا دیں۔ ساتھ ساتھ خشک لکڑیاں اور اوپلے وغیرہ ڈالتے جائیں۔ تاکہ لکڑی مذکور کے دونوں سرے آہستہ آہستہ جلتے جائیں۔ اس بات کا خیال رہے کہ تمام لکڑی کو اکٹھی ہی آگ نہ لگ جائے۔ بلکہ دونوں رخ سے بتدریج جلتی رہے۔ جب درمیان سے چار پانچ انگشت کے برابر رہ جائے تو آگ بجھا دیں اور سرد کر کے شنگرف نکال لیں۔ اب آگ پر ڈال کر امتحان کریں۔ اگر قائم ہونے میں کچھ فرق ہو تو اسی طرح ایک آگ اور دے لیں۔ عمدہ قائم النار بے دود کشتہ تیار ہو جائے گا۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چار چاول صبح مکھن یا ملائی یا پیڑے وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** مقوی باہ، دافع نامردی و امراض ریاحی و امراض اعصابی و امراض بلغمیہ کو مفید ہے۔

**نوٹ:** لکڑی نو انچ کے قریب موٹی اور سیدھی بلا گرہ ہو نیز شنگرف رکھتے وقت لکڑی کا سوراخ تیل تارا میرا سے چپڑ لیا جائے۔ گڑھا درمیان سے اونچا اور دونوں طرف سے جہاں لکڑیاں اور اوپلے ڈالنے ہیں) گہرا ہو۔

## (143) کشتہ نقرہ

### (خاص الخاص)

یہ کشتہ قوت باہ، جریان، رقت منی، گرمی مثانہ وغیرہ کے لئے عجیب ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے مجلوق کے تمام عوارض مثلاً ضعف باہ و معدہ و دماغ و اعصاب و قلب و گردہ وغیرہ زائل ہو۔ انسان طاقتور ہو جاتا ہے۔ طالب علمی کے زمانہ میں ایک سنیاسی سے ملا تھا۔ جو تجربہ پر ہمہ صفت موصوف ثابت ہوا۔ کئی دفعہ تیار کیا گیا ہے اور ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** ڈنڈا تھوہر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں اور کونڈا ڈنڈا میں گھوٹ کر پانی نکال لیں۔ اب اس پانی سے برادہ چاندی 2 تولہ کو چار پہر تک خوب کھرل کریں۔ اور کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے 15 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر پھر ڈنڈا تھوہر کے پانی سے چار پہر کھرل کر کے 15 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں دیں اور کھرل کر لیں۔ نہایت ملائم کشتہ تیار ہو گا۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** دافع جریان و رقت منی ضعف و گرمی و مثانہ و ضعف باہ و اعضاء رئیسہ خصوصاً قوت باہ کے لئے ازحد مفید ہے۔

## (144) سفوف اکسیر جریان

### (صندوقچہ کا نسخہ)

یہ مجرب نسخہ دیکھنے میں تو معمولی معلوم ہوتا ہے مگر فوائد کے لحاظ سے جریان کے سب نسخہ جات کا سرتاج ہے۔ خصوصاً پرانے جریان کے مریض کے لئے (جو منی بکثرت خارج ہونے کے سبب سے بہت کمزور اور تمام دوائیں سے مایوس ہو چکا ہو) ایک اطمینانی نسخہ ہے۔ بشرطیکہ مرض کی تشخیص اور پرہیز وغیرہ میں فرق نہ ہو آزما کر دیکھیں۔

**اجزاو ترکیب:** ستاور، سنگ جراح ہر ایک دس تولہ، مصری ایک پاؤ تینوں چیزیں الگ الگ کوٹ چھان کر ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ، غذا چنوں کی مرغن روٹی، دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ دیگر سب چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

**نوٹ:** اگر قبض ہو تو مربہ ہلیلہ دو عدد رات کو سوتے وقت کھلایا جائے۔

**فوائد:** جریان کہنہ کے لئے جو کسی اور دوائی سے اچھا نہ ہوتا ہو مفید ہے۔

## (145) کشتہ قلعی برائے جریان

یہ کشتہ رقت منی، جریان، قوت باہ کے لئے عمدہ چیز ہے اور لطف یہ کہ سالم ڈلی کشتہ ہو جاتی ہے۔

**اجزاو ترکیب:** قلعی 2 تولہ کڑچھی وغیرہ میں گرم کریں۔ جب پگھل جائے تو گائے کے پیشاب میں بجھا دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور پھر گرم کر کے بجھائیں۔ اسی طرح سات دفعہ عمل کرنے کے بعد سات دفعہ تلوں کے تیل میں بجھائیں۔ پھر کوٹ کر باریک پترہ بنالیں اور بوٹی لاجونتی پانچ تولہ کوٹ کر اس میں پترہ مذکور رکھ دیں اوپر کچھ پھٹا پرانا کپڑا لپیٹ کر چکنی مٹی کا پتلا سا لیپ کریں۔ خشک ہو جائے تو ہوا سے بچا کر گڑھا میں دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔ پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی مکھن یا کسی معجون وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اگر ایک آنچ سے فائدہ نہ ہو۔ تو ایک آنچ اور دے دیں۔

**فوائد:** رقت منی، جریان، ضعف باہ، کثرت احتلام کے لئے نہایت مفید ہے۔

## (146) گولیاں عجیبہ قوت باہ و امساک

یہ گولیاں صرف عیش پسند امراء اور شائقین اصحاب کے لئے مخصوص ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مشک خالص ایک ماشہ، کچلہ مدبر (جو گھی میں بریاں کر لیا گیا ہو) 6 رتی، لونگ گدار 21 عدد، سب دوائیں باریک کھرل کر کے ملالیں۔ اور شہد کے ساتھ گولیاں بقدر ایک ایک ماشہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک گولی جماع سے تین گھنٹہ پہلے چائے اور دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ غذا اس دن بہت کم کھلائیں۔ اور دودھ جس قدر پیا جا سکے پئیں۔ بلکہ پیاس کے وقت بھی دودھ ہی پلائیں۔

فوائد: قوت باہ و امساک پیدا کرتی ہیں۔ باہ میں تحریک کرتی ہیں۔ دودھ خوب ہضم کرتی ہیں۔

## (147) کشتہ قلعی برائے جریان ②

یہ کشتہ جریان، رقت منی اور سوزاک کے لئے مفید ہے۔ قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ معمول مطب ہے۔

اجزاو ترکیب: قلعی دو تولہ کوٹ کر باریک کتر لیں۔ اور نغدہ برگ کیکر میں تہ بہ تہ دے کر کپڑے سے لپیٹ کر چکنی مٹی کا پتلا سا لیپ کریں۔ خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر ڈیڑھ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: جریان کو مفید ہے۔ قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ گرمی مثانہ اور سوزاک کے لئے نہایت مفید ہے۔

## (148) سفوف جریان و رقت منی

یہ سفوف جریان، رقت منی، کثرت احتلام، سرعت انزال کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ جو استاذ الاطباء علامہ زمان حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کا نہایت نرالا نسخہ ہے۔ جو بلا تکلیف آپ کو مل رہا ہے اس کی قدر کریں۔

اجزاو ترکیب: بہمن سرخ، بہمن سفید، ثعلب مصری ہر ایک 2 تولہ، صمغ عربی 1/2 تولہ، سبوس اسبغول 2 تولہ، مغز تخم تمر ہندی (املی)، کھانڈ سفید ہر ایک 1 پاؤ، سب دوائیں الگ الگ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

فوائد: جریان، رقت منی، کثرت احتلام، سرعت انزال وغیرہ کو دور کر کے منی کے تمام نقائص کو دور کرتا ہے۔

## (149) معجون چوب چینی

یہ معجون برائے ضعف باہ، ضعف اعضاء رئیسہ وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ مفرح قلب، مولد خون، مصلح دماغ، درد کمر وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: برادہ چوب چینی 4 تولہ، گل گاؤزبان 6 ماشہ، گل منڈی، صندل سفید، مغز بادام، تودری، تخم کاہو، تخم کدو، آرد سنگھاڑا، آرد نخود بریاں، مغز تخم املی مقشر، ستاور ہر ایک 1 تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، زنجبیل بے ریشہ، صمغ عربی، کتیرا ہر ایک تین ماشہ، طباشیر 4 ماشہ، پنیر مایہ شتر اعرابی، جدوار اصلی ہر ایک 6 ماشہ، طباشیر 4 ماشہ، گوند خرما 2 ماشہ، ورق نقرہ 50 عدد، ورق طلا 5 عدد، مشک خالص 4 رتی، زعفران ایک ماشہ، مروارید ناسفتہ ایک ماشہ، روح کیوڑہ 2 تولہ، روح گلاب 1 تولہ، مصری ایک سیر، حسب

دستور معجون بنادیں۔

**ترکیب استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** مقوی باہ، مقوی اعضاء رئیسہ (دل، دماغ، جگر، معدہ) مفرح قلب، مولد خون، درد کمر وغیرہ نہایت عمدہ چیز ہے۔

## (150) معجون جریان و قوت باہ

شمس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کا مجرب المجرب نسخہ ہے جو کوڑیوں کے مول آپ کو مل رہا ہے۔ جریان اور قوت باہ کا واحد علاج ہے اور بالکل بے ضرر ہے۔ منی کو غلیظ کر کے باہ پیدا کرتی ہے۔

**اجزاو ترکیب:** طباشیر، دانہ الائچی خورد، کرکس، صمغ عربی، صمغ ڈھاک، موچرس، سرولی، بیج بند، مغز تم ہندی، ستاور، ثعلب مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ، شہد خالص آدھ پاؤ، مصری ا پاؤ، ترنجبین تین چھٹانک۔ کوٹنے والی دوائیں کوٹ چھان کر اور شہد و مصری و ترنجبین کا قوام تیار کر کے معجون بنادیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک تولہ صبح و شام آدھ سیر دودھ کے ساتھ استعمال فرمائیں۔

**فوائد:** جریان، رقت منی اور ضعف باہ کو نیست و نابود کر کے حد درجہ قوت باہ پیدا کرتی ہے۔

## (151) کشتہ چاندی

قوت باہ اور تقویت دماغ اور تقویت بصر کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ خصوصاً عمر رسیدہ اصحاب اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے نہایت مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب:** چاندی ایک تولہ کوٹ کر باریک پترہ بنالیں اور آگ میں خوب سرخ کر کے 50 دفعہ شراب خالص میں بجھائیں پھر بوتہ گلی میں نیچے اوپر ہڑتال ورقیہ 4 تولہ باریک پسی ہوئی دے کر منہ چکنی مٹی سے خوب بند کریں۔ اور گل حکمت کر کے 20 سیر اوپلہ جنگلی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو چاول صبح مکھن یا خمیرہ گاؤزبان میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** باہ کو طاقت دیتا ہے۔ خصوصاً طاقت دماغ اور طاقت بصر کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔

## (152) علاج کثرت احتلام

**اجزاو ترکیب:** جست 3 تولہ کڑچھی میں ڈال کر لوہار کے دوکان میں رکھیں۔ جب پگھل جائے تو بجی کا تھوڑا سا پانی ڈالیں۔ اور بیخ آہنی سے ہلاتے رہیں۔ جب گرم ہو کر شعلہ اٹھنے لگے تو پھر پانی مذکور کا چھینٹا دیں۔ اسی طرح عمل کرتے جائیں۔ حتی کہ تمام جست کشتہ ہو کر پھول جائے۔ بعدہ باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ بجی ڈیڑھ تولہ کوٹ کر آدھ پاؤ پانی میں

چار پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر اس کا پانی چھان لیں۔ دوسرے وقت یہ سفوف استعمال کرائیں۔ دال ماش مقشر، کوزہ مصری ہر ایک ایک پاؤ باریک، پیس کر سفوف بنا لیں۔ اور چار بجے شام بقدر تین تولہ پھانک کر
گھنٹہ کے بعد پاؤ بھر دودھ پیئیں۔

## (153) طلائے نامرد

اس کے ایک ہفتہ استعمال کرنے سے ہی مجلوق کے تمام عوارض مثلاً کجی، لاغری، باریکی، رگوں میں پانی بھر جانا، سستی وغیرہ نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** میٹھا تیلیہ 2 تولہ، عقرقرحا ایک تولہ، سندھور 6 ماشہ، شیرمدار، روغن گاؤ ہر ایک 8 تولہ، پہلی دونوں دوائیں پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔ اور پھر سب کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر نیم کی لکڑی سے (جس کے منہ میں پیسہ لگایا گیا ہو) 24 گھنٹے تک خوب رگڑیں۔ بس طلائے لاجواب تیار ہے۔ رات کو ایک ماشہ گرم کر کے حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں۔ اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ رکھ کر کچے سوت وغیرہ سے باندھ دیں۔ صبح کھول کر دوسرے دن پھر اسی طرح مالش کریں۔ بہتر ہے کہ طلاء استعمال کرنے سے پہلے کھردرے کپڑے سے مل لیں۔ تاکہ جلد سرخ ہو جائے۔ اگر تیسرے چوتھے دن دانے نکل آئیں۔ تو یہ اچھی علامت ہے۔ اس وقت طلا بند کر دیں۔ اور گھی جلا کر صبح و شام لگایا کریں۔ آرام ہونے پر پھر طلا شروع کریں۔

**فوائد:** مجلوق و نامرد کے تمام عوارض مثلاً آلہ تناسل کی کجی، لاغری، کوتاہی رگوں میں پانی بھر جانا، سستی وغیرہ دور ہو کر مکمل مرد بن جاتا ہے۔

## (154) طلائے قوت باہ

لاغری، سستی، باریکی وغیرہ آلہ تناسل کے تمام نقائص کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ لطف یہ کہ آسان ہے اور آبلہ وغیرہ سے مبرا ہے۔ جس کے اکثر اصحاب متلاشی ہوتے ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** سم الفار سفید، شنگرف، ہڑتال ورقی، گندھک، زنجبیل، مال کنگنی، رتن جوت، میٹھا تیلیہ، کچلہ، لونگ، جائفل، آملہ سار، جاوتری، کیسر، دارچینی ہر ایک 6 ماشہ، آب برگ مدار، آب برگ دھتورا، آب برگ ارنڈی ہر ایک 3. تولہ۔ جوان آدمی کے سر کے بال 1. تولہ، تلوں کا تیل آدھ سیر۔ خشک دوائیں الگ الگ پیس کر تین گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ اور پھر سب اشیاء کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ تیل سرخ رنگ کا ہوگا۔ حشفہ اور سیون بچا کر دو تین رتی کا قدر مالش کر کے پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیں۔ اگر اس میں دس تولہ چربی سانڈہ اور 5 تولہ روغن بیضہ مرغ ملا لیا جائے تو اور بھی اچھا ہے۔

**فوائد:** آلہ تناسل کے کل نقائص مثلاً کجی، لاغری، کوتاہی، باریکی، سستی وغیرہ کو دور کر کے طاقت و توانائی بخشتا ہے۔

## (155) گولیاں اکسیرباہ

یہ گولیاں استاذ الحکماء رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کا عطیہ ہے۔ آپ کے مطب میں یہ گولیاں خاص اہتمام سے تیار کرائی جاتی ہیں۔ جو قوت باہ اور جریان اور تقویت اعضاء رئیسہ اور امساک کے لئے نہایت عجیب و غریب ہیں۔ اس میں تمام وہ اوصاف موجود ہیں۔ جن کی آج کل ضرورت ہے۔ ایک جامع الفوائد قابل قدر نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** کشتہ سونا' کشتہ مرگانگ' موتی ناسفتہ عمدہ' کشتہ شنگرف اعلیٰ' کشتہ سنگ یشب' اسٹرکنیا ہر ایک ایک ماشہ' کشتہ چاندی تین ماشہ' کشتہ سم الفار 5 رتی' کشتہ سکہ' کشتہ عقیق' کشتہ ابرک سیاہ سو آتشہ' کشتہ فولاد سو آتشہ' کشتہ مرجان ہر ایک 2 ماشہ' مشک خالص' عنبر اشہب ہر ایک 2 رتی' افیون مدبر 4 رتی' مارفیا 10 گرین' کیفین نصف ڈرام' مروارید کو روح کیوڑہ میں دو گھنٹہ تک خوب کھرل کرلیں۔ پھر قدرے شہد ملا کر گولیاں بقدر مسور تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح آدھ سیر دودھ کے ساتھ اور گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ امساک کے لئے جماع سے تین گھنٹہ پہلے ایک گولی کھلائیں۔ غذا اس دن کم کھلائیں۔ زیادہ تر دودھ پر ہی اکتفا کرائیں۔

**فوائد:** قوت باہ و امساک اور تقویت اعضاء رئیسہ کے لئے نہایت مفید ہیں۔ نیز جریان کو فائدہ کرتی ہیں۔ آج کل کی شکایات کے لئے بہت مفید ہے۔ دودھ' گھی خوب ہضم کرتی ہیں اور ہر مزاج کے موافق ہیں۔ بدن میں طاقت پیدا کرتی ہیں۔

## (156) حب خاص عنبری

یہ حبوب قوت باہ کے لئے کمال درجہ مفید ہیں۔ نیز جریان' ضعف اعضاء رئیسہ' غشی' حرارت غریزی' کمردرد' سردرد وغیرہ کے لئے نافع ہیں۔ یہ نسخہ بڑی محنت سے حاصل ہوا اور صاحب نسخہ کی ہدایت تھی کہ اسے عام نہ کرنا مگر میں اسے اپنے پیارے بھائیوں کے لئے پیش کئے بغیر رہ نہیں سکتا۔

**اجزاو ترکیب:** عنبر اشہب' مشک نیپالی' زعفران' ورق چاندی' ورق طلا' مروارید ناسفتہ' جوہر لوبان' کشتہ چاندی' ریگ ماہی کشتہ فولاد' کشتہ قلعی' جند بید ستر ہر ایک 1/8 گرین' یوہمبن کلورائیڈ 1/10 گرین' یہ ایک گولی کا وزن ہے۔ مروارید کو عرق گلاب میں کھرل کریں۔ پھر سب دوائیں ایک جگہ کھرل کریں۔ اور تھوڑے شہد ملا کر گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی رات کو سوتے وقت آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھالی جائے۔ درمیان میں ایک دن ناغہ کرلیا جائے تو اچھا ہے۔ کل پندرہ بیس گولیوں سے تجاوز نہ کیا جائے۔

## (157) کشتہ شنگرف اکسیری

یہ کشتہ نامردی' ضعف باہ اور ریاحی امراض کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ یہ نسخہ ایک کہنہ مشق

موسی نے کمال شفقت سے عطا فرمایا تھا۔ جو بعد تجربہ بلا بخل اپنے بھائیوں کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** شنگرف معدنی ڈلی سالم 6 ماشہ ' گھیکوار کا پتہ جو موٹا اور پختہ ہو۔ بالشت بھر کاٹ کرایک طرف سے چیر دیں اور ڈلی مذکور درمیان میں رکھ کر اوپر سوت یا کپڑا وغیرہ لپیٹ دیں اور میگنی یا اوپلہ جنگلی کی خوب گرم بھوبھل میں دفن کریں۔ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد دیکھتے اور پھیرتے رہیں۔ حتی کہ پتہ اچھی طرح ابل کر اس کا پانی خشک ہو جائے۔ مگر جلنے تک نوبت نہ پہنچے۔ پھر نکال کر گھیکوار کے دوسرے بالشت بھر ٹکڑے میں بدستور پکائیں۔ اسی طرح 80 دفعہ آنچ دیں۔ اعلیٰ درجہ قائم النار بادامی رنگ کشتہ تیار ہوگا۔ باریک کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک دو چاول مکھن یا ملائی میں رکھ کر دودھ گھی بکثرت استعمال فرمائیں۔

**نوٹ:** کشتہ ہذا چھ سات دن میں تیار ہو جاتا ہے۔ اور یہ وزن قریباً آٹھ دس مریضوں کے لئے کافی ہے۔ الا ماشاء اللہ۔

واضح رہے کہ آگ زیادہ نہ ہونے پائے۔ ورنہ ڈلی بکھر کر ضائع ہو جائے گی۔

**فوائد:** نامردی' سستی کے لئے ایک خاص الخاص کشتہ ہے۔ ریاحی امراض کو فائدہ کرتا ہے۔

## (158) سفوف اکسیر جریان و کثرت احتلام

یہ سفوف ہمارے ہاں خاص اہتمام سے تیار ہوتا ہے جو جریان' کثرت احتلام' رقت منی' سرعت انزال کے لئے نہایت نافع ہے۔ ان عوارض کے لئے ایک خاص الخاص بھروسہ کی چیز ہے۔ کئی مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ آپ بھی تجربہ کر کے دیکھیں۔

**اجزاو ترکیب:** تال مکھانہ' تخم کونچ' موصلی سیاہ' موصلی سفید' بیج بند' گوکھرو یعنی تخم بھکڑہ' تخم اٹنگن' تیج بل' اکلیل الملک چاول ساٹھی' کرکس' تخم کاہو' اندر جو شیریں' سمندر سوکھ' ستاور' سنگھاڑہ' سروالی' پوست بیخ اونٹ کٹارہ یعنی اشترخار ہر ایک 6 ماشہ' کھانڈ سفید 10 تولہ' سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر اور کھانڈ ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** 6 ماشہ صبح ہمراہ شیر گائے یا بز گرم' بادی' تیل والی اشیاء سے پرہیز' غذا مرغن۔

**فوائد:** جریان' کثرت احتلام' سرعت کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ مولد منی ہے۔

## (159) گولیاں ذکاوت حس و احتلام

کثرت احتلام اور ذکاوت حس کے لئے معمول ہیں۔ ہمہ صفت موصوف ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** ایکسٹریکٹ ہائیو سائمس 1 ماشہ' ایکسٹریکٹ بلا ڈونا 2 رتی' کافور ایک ماشہ' پہلے کافور باریک کر کے دوسری دونوں دواؤں کے ساتھ ملا کر خوب کوٹیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو اس کی بارہ گولیاں بنالیں۔ روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی پانی کے ساتھ کھلائیں۔

زکاوت حس دفع ہو جانے کے بعد مندرجہ ذیل سفوف پندرہ بیس روز استعمال کرائیں۔ نسخہ سفوف یہ ہے۔ ثعلب مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، ست اسبغول ہر ایک ایک تولہ، مصطگی رومی چھ ماشہ کشتہ قلعی تین ماشہ، مصری کوزہ پانچ تولہ، سب دوائیں باریک کرکے ملالیں۔

**ترکیب استعمال**: سات سات ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

**فوائد**: زکاوت حس اور کثرت احتلام کی مجرب گولیاں ہیں۔

## (160) معجون دافع جریان و گرمی

یہ معجون نہایت ہی عجیب شے ہے۔ جریان کو دور کرنے کے علاوہ ضعف دماغ، نزلہ کہنہ، رقت منی کو فائدہ کرتی ہے۔ گرم مزاجوں کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ جو کئی دفعہ کی مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب**: مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربوزہ، مغز فندق، تخم کاہو، کتیرا، صمغ عربی، نشاستہ، شقاقل، بہدانہ، ست اسبغول، ثعلب مصری، برگ نیلوفر، تخم نیلوفر، گل گاؤزبان، گاؤزبان، برنج کشنیز، طباشیر، خشخاش سفید، تخم کاسنی ہر ایک چھ ماشہ، مصری دو پاؤ، مصری کا قوام تیار کرکے دوسری ادویہ (جو پہلے باریک کرکے پاس رکھی ہوں) اس میں ملائیں۔ اور ورق چاندی 20 عدد بھی ایک ایک کرکے ملا دیں۔ اگر کسی امیر کے لئے تیار کرنا ہو تو مشک خالص 6 رتی ملائیں۔

**ترکیب استعمال**: ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ تمام گرم ترش اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں ایک ماہ تک ضرور استعمال کرائیں۔

**فوائد**: جریان، ضعف دماغ، نزلہ کہنہ، رقت منی کے لئے مخصوص ہے۔

## (161) معجون مقوی باہ و مغلظ منی

یہ معجون جہاں قوت باہ پیدا کرتی ہے۔ مغلظ و مولد منی بھی ہے۔ منی پیدا کرتی ہے۔ نہایت عمدہ اور سستی چیز ہے۔

**اجزاو ترکیب**: مغز بادام مقشر 12 تولہ، شقاقل مصری 5 تولہ، بہمن سفید تین تولہ، دارچینی، الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ، زعفران عمدہ 6 ماشہ، زردی بیضہ مرغ 25 عدد، شہد مصفی سوا تین پاؤ، زعفران کو عرق گلاب 5 تولہ میں دو گھنٹہ تک کھرل کرکے رکھ لیں۔ انڈوں کو ابلتے ہوئے پانی میں ڈالیں۔ جب دو چار جوش آجائیں تو نکال کر زردی الگ کرلیں۔ باقی دوائیں الگ پیس لیں۔ اب شہد کو آگ پر چڑھائیں اور جھاگ وغیرہ صاف کرکے زردی بیضہ مرغ ملائیں۔ پھر باقی پسی ہوئی دوائیں ملا دیں۔ ان کے بعد زعفران ملا کر اتار لیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر استعمال کرائیں۔ اگر موسم گرما ہو تو شہد کی بجائے مصری استعمال کریں۔

## (162) طلائے دافع سستی و کمزوری

یہ طلا کئی دفعہ تیار کر چکا ہوں۔ نہایت زود اثر ہے۔ پہلے، دوسرے ہی دن اپنا اثر دکھلاتا ہے۔ مجرب الاطباء کا فیض ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مغز جمالگوٹہ، مغز پستہ ہر ایک 5 تولہ، دونوں کو ملا کر پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں۔ پھر اس روغن میں بحساب ایک تولہ روغن کے فاسفورس خشک 2 گرین، زعفران کشمیری ایک ماشہ، مکھی سبز سر بریدہ پانچ عدد داخل کر کے تین پہر تک کھرل کریں۔ اور شیشی میں رکھیں۔ رات کو سوتے وقت دو قطرے عضو مخصوص پر مل کر پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیں۔ باقی ہدایات طلائے مجلوق نمبر 152 مندرجہ کتاب ہذا میں ملاحظہ فرمائیں۔

**نوٹ:** مکھی سبز بوچڑ خانوں میں ملتی ہے۔ جو گوشت پر بیٹھی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کا رنگ سبز ہوتا ہے اور شکل و شباہت معمولی مکھی کی طرح ہوتی ہے۔ قد میں اس سے دو گنا سہ گنا زیادہ ہوتا ہے۔

**فوائد:** سستی، کمزوری اور مجلوق کے تمام عوارض کو دور کر دیتا ہے۔ رگوں کے فاسد مادہ کو خارج کرتا ہے۔ نہایت مقوی باہ ہے۔

# مجربات امراض زنان

## (163) گولیاں برائے ادرار حیض و بانجھ پن

عقر (بانجھ پن) عموماً حیض کی بندش سے ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا یہ گولیاں بندش حیض کی شکایت کو رفع کر دیتی ہیں۔ اور حمل قرار پا جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل ترتیب کے ساتھ استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی یقینی ہوتی ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مصبر، ریوند عصارہ ہر ایک ایک تولہ، ہیرا کسیس سبز عمدہ، زعفران ہر ایک چھ ماشہ، سب کو الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام چائے یا دودھ کے ساتھ موسم و مزاج کے لحاظ سے کمی بیشی بھی کی جا سکتی ہے۔ ٹھیک اندازہ ہے کہ قبض نہ رہے۔ قریباً ایک ماہ متواتر استعمال کرنے سے حیض بخوبی کھل جاتا ہے۔ پھر اسی نسخہ میں مرمکی، برادہ ہاتھی دانت ہر ایک ایک تولہ ملا کر اسی طرح کچھ دن استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

**فوائد:** حیض کو کھولتی ہیں اور عقر (بانجھ پن کی عادت) کو دور کرتی ہیں۔ ان سے حیض کھل کر حمل قرار پا جاتا ہے۔

## (164) گولیاں مدر حیض

ان گولیوں کے فوائد بھی وہی ہیں جو مندرجہ بالا گولیوں کے ہیں۔ خصوصاً سرد مزاج کے لئے ازحد

مفید ہیں۔ نیز جوڑوں کے درد قوت باہ کے لئے بھی مفید ہیں۔ ایک بزرگ کا عطیہ ہے۔

**اجزاو ترکیب**: زعفران، افستین، ہیراکسیس سبز عمدہ ہر ایک تین ماشہ، مصبر، ریوند خطائی ہر ایک 6 ماشہ، سب دوائیں الگ الگ باریک کرکے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح وشام ذیل کے جوشاندہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ نسخہ جوشاندہ یہ ہے۔ آردبنولہ (پنبہ دانہ) 4 تولہ کوٹ کر پاؤ بھر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف کے قریب رہ جائے تو 2 تولہ گلقند ملا کر مل چھان لیں اور اس کے ساتھ گولی استعمال کرائیں۔ اسی طرح صبح وشام استعمال کیا جائے۔ طبیعت اور موسم کے لحاظ سے بجائے اس کے شربت بزوری کے ساتھ بھی استعمال کی جا سکتی ہیں۔

**فوائد**: بندش حیض کو کھولتی ہیں۔ اس کے بے قاعدہ آنے، درد کے ساتھ آنے، کم آنے کے لئے عمدہ ہیں۔

## (165) گولیاں مدر حیض برائے سرد مزاج

استاذ الحکماء رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم ومغفور کے بیاض کا نسخہ ہے۔ جو بندش حیض، تھوڑا آنا، بے قاعدگی سے آنا اور درد کے ساتھ آنا۔ تمام شکایات کے لئے عجیب الخواص ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب**: کچلہ مدبر با آب ایک تولہ، مرچ سیاہ 2 تولہ، زعفران اصلی 6 ماشہ، تینوں دوائیں باریک کرکے 6 گھنٹہ تک آب گھیکوار کے ساتھ کھرل کریں اور گولیاں بقدر نصف رتی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی تین پاؤ دودھ کے ساتھ (جس میں تین چار تولہ گھی اور قدرے مصری ملائی گئی ہو) استعمال کرائیں۔

**فوائد**: بندش حیض خصوصاً گرم مزاج عورت کے لئے۔ نیز وجع مفاصل قوت باہ، امساک کے واسطے نہایت مفید ہیں۔

**کچلہ مدبر کرنے کی ترکیب**: کچلہ حسب ضرورت لے کر چھ سات دن تک ریگ میں بھگوئے رکھیں اور روزانہ تازہ پانی ڈال دیا کریں جب بیرونی چھلکا اترنے لگے تو صاف کرکے اسی وقت ہاون دستہ میں باریک کوٹ لیں۔

## (166) جوشاندہ برائے اسقاط حمل

اخراج جنین مردہ وپاک کردن رحم از خون غلیظ ونفاس وغیرہ مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: پودینہ جنگلی ایک تولہ، پوست املتاس کوفتہ 9 ماشہ، پوست خربزہ، تخم خربوزہ، سونف، پرسیاؤشاں ہر ایک 7 ماشہ سب کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے صاف کر کے قند سیاہ پانچ تولہ یا شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پلائیں۔

**فوائد:** مسقط حمل و مخرج بچہ مردہ، رحم کو خون غلیظ سے صاف کرتا ہے۔ نفاس کے خون کو جاری کرتا ہے۔ نہایت سریع الاثر مجرب المجرب ہے۔

## (167) شربت اکسیر دافع بے قاعدگی و درد حیض و اختناق الرحم

اس سے حیض باقاعدہ آنے لگتا ہے۔ نیز بند شدہ حیض جاری ہو جاتا ہے۔ نہایت بے ضرر اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ میرے مکرم و محترم دوست جناب حکیم مولوی تاج الدین صاحب نے اس نسخہ کی بے حد تعریف کی تھی جو واقعی ہمہ صفت موصوف ثابت ہوا۔ نسخہ عجیبہ یہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** پوست املتاس، سکمپرہ مع بیخ و برگ وغیرہ ہر ایک چار تولہ، پودینہ، سداب، ریوند چینی، ابہل ہر ایک 2 تولہ، خرما 12 عدد، تخم گندر، سوئے، تخم حلبہ، کلونجی، کنجد سیاہ، برگ و گل کپاس، پکھابید، کو خشک، برگ بانس، جوائن، اندرجو، اظفار الطیب، چترہ ہر ایک ایک تولہ، زنجبیل، چوب اگر، تگر، لونگ، چھڑکالہ، دار چینی، الائچی کلاں، بادرنجبویہ ہر ایک 6 ماشہ، مویز سیاہ ایک پاؤ، کشمش، گودہ گھیکوار ہر ایک آدھ سیر۔ سب دوائیں جوکوب کر کے چھ گنا پانی میں آٹھ پہر تک تر کر چھوڑیں۔ پھر جوش دیں۔ حتی کہ پانی ایک چوتھائی باقی رہ جائے۔ پھر صاف کر کے شہد خالص ایک سیر مصری 1. سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** تین تین تولہ صبح و شام گرم پانی ملا کر ایام حیض سے آٹھ یوم پہلے شروع کرائیں۔

**فوائد:** حیض کی بندش، درد، اختناق الرحم، حیض کا کم آنا، خصوصاً بے قاعدگی حیض کے لئے ازحد مفید ہے۔

## (168) حب نورانی

### (صندوقچہ کا نسخہ)

اکسیر احتباس و بے قاعدگی حیض و پرسوت و عقر وغیرہ ہے۔ نیز چھپاکی، سنگرہنی اور وجع مفاصل اور ریحی دردوں کے لئے مفید ہیں۔ یہ متبرک نسخہ غوث زمان قبلہ عالمیان حضرت مرشدنا و مخدومنا خواجہ نور احمد صاحب مرحوم سجادہ نشین دربار عالیہ سلطان العارفین قدوۃ السالکین سلطان الفقراء فنافی ہو حضرت سلطان باہو صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا عطیہ ہے جو ان کے عین حیات میں ہمیشہ تیار ہوتا اور حاجتمندوں کو مفت دیا جاتا تھا۔ جس سے احتباس حیض والی سینکڑوں مایوس عورتیں شفایاب ہو کر صاحب اولاد ہوئیں۔ عاجز نے بھی ان گولیوں کا بہت تجربہ کیا ہے جو دارالصحت سلطانیہ میں بکثرت خرچ ہوتی ہیں۔ نیز اشتہارات کے ذریعہ بھی عام فروخت ہوتی ہیں۔ ایک خاص الخاص اور معمول مطب نسخہ ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے ظاہر کر دیا گیا۔

**اجزاو ترکیب:** ہڑتال ورقی، شنگرف، جائفل، جاوتری، عقرقرحا، دار چینی، لونگ، فلفل دراز، سونٹھ، گوگل، تخم حرمل، الائچی کلاں، چاکسو، زعفران ہر ایک تین ماشہ، افیون 2 ماشہ، مشک خالص 1. ماشہ ہر ایک

دوائی الگ الگ باریک پیس کر کونڈہ ڈنڈہ میں پانی کے ساتھ آٹھ گھنٹہ تک خوب رگڑیں پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح وشام چائے یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ بے قاعدگی حیض کے لئے ایام حیض سے آٹھ دن پہلے شروع کرا کر بارہ چودہ دن استعمال کرائیں۔

**فوائد**: حیض کی بندش، بے قاعدگی، درد، کی وغیرہ کو دور کر کے بانجھ عورت کو بااولاد کر دیتی ہیں۔ ان سے حیض کھل کر رحم کی اصلاح ہو جاتی ہے اور بے اولاد عورت کو حمل بھی ٹھہر جاتا ہے۔

## (169) جوشاندہ برائے ادرار حیض

یہ جوشاندہ حیض اور نفاس کو جاری کرتا ہے۔ مشیمہ کو خارج کرتا ہے نیز حمل گراتا ہے۔ نہایت زود اثر اور ہر وقت کا معمول ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: سوئے، بابرنگ، چترہ، سونف، الائچی کلاں، تخم گھکھرو یل ہر ایک 6 ماشہ، کلونجی 4 ماشہ، قند سیاہ 2. تولہ، تمام دواؤں کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر سرد کر کے بعد میں تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ اسی طرح صبح وشام تازہ بنا کر دیں۔

## (170) اکسیر ورم رحم

اس مرض میں تپ خفیف اور ناف کے نیچے درد رہتا ہے اگر اس کا علاج مندرجہ ذیل طریق سے کیا جائے تو یقینی کامیابی ہوتی ہے۔ سینکڑوں دفعہ کا مجرب علاج ہے۔ نیز قروح رحم اور رطوبات فاسدہ کے لئے مفید ہے۔ استاذ مرحوم کا اور میرا معمول ہے۔

**اجزاو ترکیب**: بیروزہ خشک، شکر تری کوری ہر ایک 6 ماشہ بابرنگ، شیشہ نمک، سمندر جھاگ ہر ایک تین ماشہ، سب دوائیں خوب باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال**: تین ماشہ کا قدر لے کر ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر رحم کے منہ کے آگے رکھائیں۔ آٹھ پہر کے بعد دوسری پوٹلی تبدیل کر دیں۔ پینے کے لئے شربت بزوری تین تولہ میں عرق گلاب، عرق سونف، عرق مکو، عرق کاسنی ہر ایک تین تولہ ملا کر صبح اور اسی قدر شام کو دیں۔

ناف کے نیچے یہ ضماد صبح وشام لگائیں۔ بنفشہ، گل سرخ، مکو خشک ہر ایک 6 ماشہ، بابونہ تین ماشہ پانی میں گھوٹ کر تین تولہ روغن بابونہ یا روغن زرد ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب اچھی طرح دو جوش آ جائیں تو نیم گرم ضماد کریں۔

**فوائد**: ورم رحم، قروح رحم اور رطوبات فاسدہ کے لئے بے خطا مجرب المجرب دوائی ہے۔

## (171) دیگر اکسیر ورم رحم

**اجزاو ترکیب**: گودہ املتاس، شہد خالص ہر ایک 2 تولہ، روغن گل 4 تولہ، سمندر جھاگ ایک تولہ۔ سب دوائیں عرق مکو میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام تھوڑی سی روئی اس میں تر کر کے رحم کے منہ کے آگے رکھائیں۔

## (172) عرق مرکب برائے ورم رحم

استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کا نسخہ ہے جو چند داموں میں آپ ک
ل رہا ہے۔ ورم رحم اصلاح جگر تپ صفراوی کے لئے معمول ہے۔

**اجزاو ترکیب:** عناب، نیلوفر، کشنیز خشک، مکو خشک، گل بنفشہ تخم کاسنی، گاؤ زبان، شاہترہ ہر ایک آدھ پا
ان کا عرق بقدر چھ سیر نکالیں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ پانچ تولہ صبح و شام جس میں تین تولہ شربت اکسیر حمیات نمبر 173 مندرجہ صفحہ
127 یا شربت بزوری ملایا گیا ہو۔

# مجربات حمیات (تپ)

## (173) شربت اکسیر تپ ہر قسم

### (خاص الخاص نسخہ)

تپوں کا سب سے بہتر اور قانونی علاج یہ ہے کہ خلط کے مطابق نضج کر کے مسہل دے دیا جائے۔
چونکہ ہر ایک مرض کسی ایک خلط کے بگاڑ یا کمی بیشی سے ہی ہوتا ہے۔ اس لئے اگر متعفن (گندہ) خلطیں
نضج پا کر خارج ہو جائیں۔ تو مرض خدا کے فضل سے دور ہو جاتا ہے۔ حکماء متقدمین کا یہی طریق علاج
ہے۔

اس شربت کا یہ وصف ہے کہ خلطوں کی اصلاح کرنے کے باوجود ایک مکمل منضج ہے۔ اور تپ
اتارنے کا مکمل علاج ہے۔ لہٰذا اس کے استعمال کرنے سے روزانہ جوشاندے وغیرہ تیار کرنے کی تکلیف
نہیں رہتی۔ معمولی اور نئے تپ تو اس کے استعمال سے بغیر مسہل وغیرہ کے ہی رفع ہو جاتے ہیں۔ اور اگر
تپ پرانا ہو یا خلط کا بگاڑ زیادہ ہو۔ تو ہلکا سا مسہل دینے سے۔ بفضلہ کلی آرام ہو جاتا ہے۔

عام طور پر تپ سوداوی کے سوا دوسرے تپوں میں 9 دن یہ شربت استعمال کرا کر مسہل دیا جاتا ہے۔
اور سوداوی میں 15 دن کے بعد حکماء حاذقین سے اپیل ہے کہ وہ اس شربت کو ضرور اپنا معمول بنائیں اور
تمام عمر مجھے دعائیں دیں۔

مسہل کا نسخہ جو صفحہ 66 پر لکھا گیا ہے موزوں ہے۔ اور ہر مزاج کے موافق اور ہمہ صفت موصوف
ہے۔ نیز یہ شربت ورم رحم، سدہ جگر، یرقان، ورم احشاء، خرابی جگر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب:** گل سرخ، تم خرفہ، گل غافث ہر ایک 5 تولہ نیلوفر، تخم خطمی، گلو خشک ہر ایک 6 تولہ،
تخم خیارین، شاہترہ تخم خربوزہ، سونف، گاؤزبان، پوست بیخ کاسنی، بیہدانہ ہر ایک تین تولہ، تخم کاسنی،
پوست بیخ کبر ہر ایک 2 تولہ، مکو خشک، ملٹھی ہر ایک 7 تولہ، برگ بانسہ 6 ماشہ، عناب 50 دانہ، مصری 2

حسب دستور شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چار چار تولہ صبح و شام پانی دو چند یا سہ چند ملا کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** تپ ہر قسم، سدہ جگر، خرابی جگر، یرقان، ورم احشاء کے لئے معمول ہے۔ نیز تینوں خلطوں کا منضج ہے عجیب اوصاف رکھتا ہے۔

## (174) اکسیر تپ بلغمی

رئیس الاطباء استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کا تمام عمر کا معمول مطب و مجرب الجرب مفید ترین نسخہ ہے۔ تپ بلغمی خالص و تپ مرکب کہنہ و شطرا لغب کا تریاق ہے جو تپ بلغم و صفرا سے مرکب ہوں۔ یا جگر اور معدہ کی خرابی سے پیدا ہوئے ہوں۔ ان کے لئے نہایت مفید ہے۔ تمام بلغمی امراض کا منضج ہے اس کے استعمال کے بعد مسہل کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔ تپ خود بخود اتر جاتا ہے اس کو معمولی تصور نہ کریں۔ بلکہ اپنا معمول مطب بنا کر دعا دیں۔

**اجزاو ترکیب:** گلو خشک، مکو خشک ہر ایک تین ماشہ، گل سرخ بیخ سونف، بیخ کاسنی، گل بنفشہ، نیلوفر ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب استعمال:** رات کو آدھ سیر یا ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو رکھیں صبح تھوڑا سا مل کر اس کا پانی نکال کر شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر یا شربت دینار یا مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔ پھر اسی میں پانی ڈال کر رکھ دیں۔ شام کو مل کر شربت وغیرہ مل کر پلائیں۔ موسم سرما میں گرم کر لینا چاہئے۔ اگر کھانسی ہو تو ملٹھی 6 ماشہ اضافہ کریں۔ شطرا لغب میں آلو بخارا چار دانہ شاہترہ تین ماشہ بڑھائیں۔

**فوائد:** تپ بلغمی و تپ مرکب کہنہ و شطرا لغب کا تریاق ہے۔ جو تپ بلغم و صفرا سے مرکب ہوں یا جگر اور معدہ کی مشارکت سے ہوں ان کے لئے نہایت مفید ہے۔ تمام بلغمی امراض کا منضج ہے۔

## (175) اکسیر تپ صفراوی

یہ بھی رئیس الاطباء استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات سے ہے۔ جو تپ صفراوی و دموی و کھانسی و نزلہ و زکام حار اور منضج صفرا و دم (خون) کے لئے بے خطا ہے۔ ہمیشہ کا معمول ہے۔ جو احباب کی خاطر درج کتاب کر دیا گیا۔ حضرت مفتی صاحب قبلہ کی تعریف محتاج بیان نہیں۔ آپ کی حذاقت اور قابلیت کی تمام دنیا معترف ہے۔ اکسیر تپ بلغمی اور اکسیر تپ صفراوی جناب کے ہمیشہ معمول رہے جو نہایت ہی بے خطا ہیں اور ہمیشہ استعمال ہوتے ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** عناب ولائتی 5 دانہ، لسوڑیاں 11 دانہ، گاؤزبان، خطمی، بہدانہ ہر ایک تین ماشہ، بنفشہ 6 ماشہ۔

**ترکیب استعمال:** رات کو آدھ سیر یا ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح تھوڑا سا ہاتھ سے مل کر اس کا پانی نکال کر کپڑے میں چھان کر شربت بنفشہ یا شربت زوفا یا مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔ دوبارہ پانی ڈال کر

رکھ دیں شام کو مل چھان کر شربت بنفشہ یا زوفا یا مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔ اگر کھانسی یا نزلہ یا زکام ہو تو
ملٹھی زوفا ہر ایک 6 ماشہ بڑھا دیں۔ موسم گرما میں گرم کر کے پلا دیں۔

**فوائد:** تپ صفراوی و دموی و کھانسی و نزلہ و زکام حار اور نفخ صفرا اور خون کے واسطے معمول ہے۔
نہایت بے خطا دوسرے تمام نسخہ جات سے مستغنی کرنے والا نسخہ ہے۔

## (176) کشتہ ابرک برائے تپ ہر قسم

(صندوقچہ)

یہ کشتہ ہمارے ہاں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ تپ کے علاوہ جریان اور گرمی جگر اور تمام گرم مرضوں میں
استعمال ہوتا ہے۔ گرمی والے مریضوں کو کشتہ فولاد بارد کے ہمراہ اس کا استعمال کرانا اکسیر کا کام دیتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** ابرک سفید 5 تولہ لے کر ورق ورق بنا دیں۔ اور مقراض سے باریک کتر لیں۔ پھر آب
مولی کے ساتھ کونڈہ ڈنڈہ میں تین گھنٹہ تک خوب گھوٹیں۔ باریک ہو کر ایک چمکدار نغدہ بن جائے گا۔ پھر
5 تولہ گلو خشک لے کر آدھ پاؤ پختہ پانی سے گھونٹ کر چھان لیں۔ اور اس میں قند سیاہ سات تولہ۔ شورہ
قلمی 15 تولہ خوب گھوٹ کر ملائیں۔ پھر سب ایک فراخ کوزہ گلی میں ڈال کر آدھ پاؤ دہی ملا لیں اور دھوپ
میں رکھیں۔ ایک دن کے بعد اس کا منہ چینی سے بند کر کے تمام کوزہ پر مٹی اور روئی کا پتلا سا لیپ کر کے
خشک کریں۔ پھر ہوا سے بچا کر آٹھ سیر پختہ اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو کپڑ چھان کر کے فضلہ کو دور
کریں۔ اور چھنے ہوئے میں پانی بیس حصہ ملا کر آدھ گھنٹہ تک رکھ کر پانی نتھار لیں۔ اسی طرح سات دفعہ
عمل کریں۔ تاکہ شورہ قلمی کا اثر نکل جائے۔ پھر اسے آگ پر رکھ کر خشک کر لیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک رتی دن میں تین بار ہمراہ شربت اکسیر تپ ہر قسم مندرجہ صفحہ 127 یا
شربت بنفشہ وغیرہ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** تپ صفراوی و تپ کہنہ وغیرہ تمام اقسام کے تپوں کے لئے نیز گرمی جگر اور جریان کے لئے نہایت
مفید ہے۔

## (177) گولیاں تپ ہر قسم

یہ گولیاں تپ ہر قسم خصوصاً تپ کہنہ کے لئے بہت عمدہ ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** کشتہ ابرک سفید، اتیس، ست گلو اصلی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، کونین فولادی ہر ایک
تین ماشہ۔ سب دوائیں الگ الگ پیس کر وزن کریں۔ پھر لعاب صمغ عربی کی مدد سے گولیاں بقدر مٹر تیار
کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری وغیرہ استعمال کرائیں۔ تپ ہر قسم
خصوصاً تپ کہنہ کے لئے ازحد مفید ہیں۔

## (178) اکسیر مبارکی و حصبہ

یہ نسخہ ہم مبارکی اور حصبہ (خسرہ) کے لئے ہمیشہ استعمال کراتے ہیں۔ جہاں اسہال ہوں۔ نسخہ نمبر 180 استعمال کرایا جاتا ہے۔ آپ سب نسخہ جات کو چھوڑ کر اس کو اپنا معمول مطب بنائیں۔ اس طریق علاج سے یقیناً کامیابی ہوتی ہے۔ ہمیشہ کا معمول مطب مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** خوب کلاں، تخم کشوث در پارچہ بستہ ملکو خشک ہر ایک تین ماشہ، مویز منقی 7 دانہ، عناب 5 دانہ ملٹھی 4 ماشہ سونف 6 ماشہ۔

**ترکیب استعمال:** ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے۔ مل چھان کر پلائیں۔ چھوٹے بچے کے لئے جوش دے کر تمام دن میں تین چار دفعہ کر کے پلائیں۔

**فوائد:** مبارکی حصبہ (خسرہ) اور عام تپ کے لئے مفید ہے۔

## (179) اکسیر مبارکی و حصبہ (خسرہ)

رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا معمول ہے جو ہزاروں دفعہ کا مجرب المجرب کم خرچ بالا نشین نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** منقی 7 دانہ، خوب کلاں ایک تولہ، ایک سیر پانی میں جوش دے کر انکبلب (ابھارہ) کریں۔ پھر اس میں مصری ملا کر پلاتے رہیں۔

**فوائد:** مبارکی اور خسرہ اور چھپاکی کے لئے مفید ہے۔

## (140) اکسیر اسہال مبارکی

مبارکی میں اسہال شروع ہو جائیں تو یہ ایک ردی علامت ہوتی ہے۔ اور عام قابض دوائیں استعمال کرانے سے نفخ ہو کر مریض کو تکلیف پہنچتی ہے۔ اس کی یہ وصف ہے کہ اس سے مریض کی تکلیف میں "آناً فاناً" فرق پڑ جاتا ہے اور مبارکی و حصبہ کے دانے جلدی نکل آتے ہیں اور اس سے اسہال بند ہو جانے کے علاوہ مبارکی بڑے زور شور سے نکلنی شروع ہو جاتی ہے۔ اور نفخ وغیرہ مطلق نہیں ہوتا۔ جو صاحب اس نسخہ کو آزمائیں گے وہ ضرور قدر کریں گے۔

**اجزاو ترکیب:** سنکھ حسب ضرورت لے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنالیں۔ اور ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے 5 سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کریں۔ ایک ایک رتی دن میں چار دفعہ بتاشہ وغیرہ میں کھلا کر بعدہ ان عرقیات کے دو دو گھونٹ پلاتے رہیں۔ عرق مکو، عرق سونف، عرق پودینہ ہر ایک 12 تولہ، عرق الائچی، عرق اذخر، عرق دار چینی ہر ایک 5 تولہ، لال شربت اصلی 5 تولہ، ست پودینہ 2 رتی سب کو بوتل میں ملالیں۔

**فوائد:** مبارکی کے اسہال بند کرنے میں اکسیر ہے۔ عام طور پر مبارکی کے تمام عوارض کے لئے نہایت سریع الاثر نسخہ ہے۔

## (181) دوائے چیچک

یہ نسخہ چیچک کی ہر حالت میں نہایت مفید ہے۔ خصوصاً جب کہ چیچک کے دانے اندر چلے جائیں علامات ردیہ نمودار ہوں یا دانے نکلنے میں رکاوٹ ہو رہی ہو۔ نہایت مفید پڑتا ہے اور فوری اثر ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** زعفران عمدہ دو رتی' خوب کلاں 6 ماشہ' انجیر 4 عدد' مویز منقی 9 دانہ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔

## (182) کشتہ سنکھ

مبارکی' خسرہ' چیچک' کلب الکلب (گزیدہ سگ دیوانہ) کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** پیاز دس تولہ' شہد 2 تولہ' گھی ایک تولہ پیاز کوٹ کر شہد اور گھی کے ساتھ اچھی ملائیں اور دو تین تہ کپڑا یا بوری کے ٹکڑہ پر بچھا کر درمیان میں سنکھ بقدر 4 تولہ رکھیں اور خوب لپیٹ پندرہ بیس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر سنکھ نکال کر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو دو رتی صبح و شام پتاشہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اس سے مبارکی کے دانے خوب نکلتے ہیں اور تپ بتدریج رفع ہو جاتا ہے۔ سگ گزیدہ کو قند سیاہ میں استعمال کرایا جا

**نوٹ:** اگر اسی طرح دو یا تین آنچیں دے کر سنکھ خوب سفید کر لیا جائے تو نہایت زود اثر ہو جاتا ہے۔

**فوائد:** مبارکی' خسرہ' چیچک سگ دیوانہ کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔

# مجربات امراض جلد و عام جسم

## (183) گولیاں اکسیر آتشک ①

یہ گولیاں بلا کسی تکلیف کے مرض کو بیخ و بن سے اکھیڑ دیتی ہیں۔ منہ آنا' اسہال' گرمی' گھبراہٹ' تے وغیرہ تکالیف مطلق ان سے نہیں ہوتیں۔ اور نہ ہی مرض عود کرتا ہے۔ نیز ناسور بھگندر' خنازیر' پھوڑا ہر قسم کے لئے آزمودہ ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** رس کپور' نیلہ تھوتھہ ہر ایک ایک تولہ' ہلیلہ سیاہ تین تولہ' سب کو باریک پیس کر ان سو عدد لیموں کا پانی کھرل کے ذریعہ جذب کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی اچار آم کے بیرونی چھلکا میں رکھ کر یا دہی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ مرغی یا بکرے کا گوشت جس میں گرم مصالحہ تیز ڈالا گیا ہو۔ اور دال نخود مرغن استعمال کرائیں۔ دیگر اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ خنازیر وغیرہ پر پانی میں گھس کر دو وقت لگائیں۔

**فوائد:** آتشک' بھگندر' ناسور' خنازیر' پرانا پھوڑہ ہر قسم کے واسطے اکسیر ثابت ہوئی ہیں۔

## (184) گولیاں آتشک ②

یہ گولیاں نہایت آسان اور نہایت مجرب ہیں۔ ان کے ساتھ ایک اسہال روزانہ ہو جاتا ہے۔ اور مادہ خارج ہو کر آتشک کا استیصال ہو جاتا ہے۔ ہمہ صفت موصوف ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مردہ سنگ، کتھ گلابی ہر ایک 1. ماشہ، رسکپور تین ماشہ، مغز جمالگوٹہ دس عدد۔ جمال گوٹہ کے سوائے دوسری دوائیں باریک کھرل کر لیں۔ پھر سب چیزوں کو مرغی کے انڈہ میں تھوڑا سا سوراخ کر کے ڈال کر کسی چیز سے ہلا دیں۔ پھر اس پر آٹے کا دو انگل موٹا لیپ کر کے گرم بھوبھل میں دفن کریں۔ حتی کہ آٹا سرخ ہو جائے۔ بعدہ کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام گھی کے ساتھ یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں اور گھی روٹی وغیرہ میں زیادہ استعمال کرائیں۔ غذا گوشت مرغ، شوربہ نخود، مرغن روٹی، اور لال مرچ کم استعمال کرائیں۔

**فوائد:** آتشک نر و مادہ نیا و پرانا ہر قسم کے لئے عجیب صفت ہیں آتشک کے مادہ کو اسہال کے ذریعہ خارج کرتی ہیں۔

## (185) اکسیر خارش خشک و تر

اس نسخہ پر جتنا بھی ناز کیا جائے کم ہے۔ یہ خارش کا نایاب نسخہ ہے جو کہ ہمیشہ میرے پاس تیار رہتا ہے۔ یہی میرا معمول ہے تین دن تک خارش کا نام نہیں رہتا۔

**اجزاو ترکیب:** پارہ، آملہ سار، کالا چھڑ، سفیدہ ہر ایک 6 ماشہ نیلہ تھوتھہ 4 ماشہ، پارہ اور آملہ سار نصف گھنٹہ تک ایک جگہ کھرل کریں۔ پھر باقی دوائیں باریک کر کے ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو ماشہ یہ دوائی تولہ بھر مکھن میں (جو سو دفعہ پانی میں دھو لیا گیا ہو) ملا کر دو وقت مالش کریں۔ لال مرچ اور اچار سے پرہیز۔

## (186) عرق مصفی خون

دافع خارش، آتشک، پھوڑے، پھنسی، جوش خون وغیرہ مصفی خون ہر قسم، نیز تپ ہر قسم، ورم احشاء کے لئے بھی مفید ہے رئیس الاطبا حکیم مفتی حلیم اللہ صاحب کا عطیہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** پوست نیم، چرائتہ، کشنیز خشک، گلو خشک، صندل سفید، صندل سرخ، شاہترہ ہر ایک ایک پاؤ۔ حسب دستور اس کا پانچ سیر عرق نکالیں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ پانچ تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

**فوائد:** مصفی خون و دافع جوش خون اعلیٰ درجہ ہے۔ خارش ہر قسم آتشک، پھوڑہ، پھنسی، داد، جذام وغیرہ جلدی امراض کے لئے معمول و مجرب المجرب ہے۔

## (187) عرق آتشک و جذام

یہ نسخہ جس قدر سادہ معلوم ہوتا ہے اسی قدر فوائد اس میں موجود ہیں ہر قسم کے فساد خون خارش، پھوڑے، پھنسیاں، آتشک جذام وغیرہ کے لئے ایک مخصوص چیز ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب الم ہے۔

**اجزاو ترکیب:** عشبہ 4 تولہ، چرائتہ 8 تولہ، میگنیشیا 15 تولہ، پہلی دونوں دوائیں باریک کر کے 2 سیر میں 12 پہر تک تر رکھیں۔ اور جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر دو بوتلوں میں بھر لیں۔ میگنیشیا نصف نصف ملا کر رکھ دیں۔

**ترکیب استعمال:** تین تین تولہ صبح و شام بوتل ہلا کر استعمال کرائیں۔ غذا دال مونگ کھچڑی وغیرہ دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** خارش، پھوڑے، پھنسیاں، آتشک، جذام وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک صدری نسخہ ہے۔

## (188) تریاق طاعون

رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مہتمم مدرسہ طبیہ سلیمیہ و ممتحن طبیہ کالج پنجاب یونیورسٹی لاہور کا ایک خاص الخاص اور شہرہ آفاق اور سینکڑوں بار کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** گیرو، صندل سرخ، کشنیز خشک ہر ایک 2 تولہ، کافور 1 تولہ، عرق گلاب 5 تولہ میں گھوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** وقت ضرورت دن میں تین یا چار گولیاں ہمراہ شربت ذیل استعمال کرائیں۔ شربت صندل، عرق صندل، عرق کاسنی، عرق گلاب عرق بید مشک ہر ایک 15 تولہ، روح کیوڑہ 2 تولہ، عرق شاہ دس تولہ۔ نیز یہی گولیاں عرق گلاب میں گھس کر گلٹی پر دن میں دو تین دفعہ لگائیں۔ اس کے داخلی خار باقاعدہ استعمال سے مریض کی طبیعت پر فوری اثر ہوتا ہے اور حفظ ماتقدم کے طور بھی کامیاب ثابت ہے۔ ایک نایاب تحفہ ہے۔ جو فیض عام کی خاطر ظاہر کیا گیا۔

## (189) حب اکسیر ماشرہ و حمرہ و نملہ

(خاص الخاص اور اطمینانی نسخہ)

جس جگہ بھی اس کا استعمال ہوا۔ کبھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا۔ نہایت ہی بے خطا ہے اس پہلے دن آرام ہو جاتا ہے۔ حکیم صاحب لاہوری کا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** طباشیر، تخم خیارین، تخم خرفہ، گیرو، کشنیز خشک ہر ایک تین ماشہ، صندل سرخ 1 ماشہ، نشاستہ ایک ماشہ، کافور 4 رتی، زعفران 2 چاول پانی میں گھوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین بار شربت انار کے ساتھ ایک ایک گولی استعمال کرائیں۔ نیز صندل سرخ و سفید، گیرو، کشنیز خشک مساوی الوزن عرق کاسنی میں گھوٹ کر اوپر لیپ کریں۔

فوائد: باشرہ و حمرہ و نملہ کے لئے اکسیر ہے۔

## (190) حب اکسیر داد یعنی دھدری

یہ گولیاں داد یعنی دھدری کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان سے صرف تین دن میں اللہ کے فضل سے آرام ہو جاتا ہے۔ شرطیہ حکمیہ مفید ہیں۔

اجزاو ترکیب: گوگل عمدہ، تخم مولی ہر ایک ایک تولہ، نیلہ تھوتھ 6 ماشہ، مولی کے پانی سے کھرل کر کے لمبی لمبی گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال: آب مولی سے یا صرف پانی سے گھس کر لگا دیں۔

## (191) مرہم عجیب

یہ اکسیری مرہم ہر قسم کے پھوڑے، پھنسیوں کو فوری فائدہ کرتی ہے۔ بیسیوں دفعہ بن چکی ہے اور نہایت سریع الاثر ہے۔

اجزاو ترکیب: مردہ سنگ، سفیدہ کاشغری، رال، دم الاخوین ہر ایک ایک تولہ، نیلہ تھوتھ تین ماشہ، موم سفید تین تولہ، روغن کنجد 10 تولہ، دم الاخوین کو پیس کر الگ رکھیں۔ اور دوسری ادویہ کو بغیر موم کے الگ کھرل کر لیں۔ پھر روغن کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب جل جائے تو مردہ سنگ وغیرہ ملائیں۔ تھوڑی دیر بعد اتار کر دم الاخوین اور موم ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: حسب دستور کپڑے پر لگا کر استعمال کرائیں۔

## (192) مرہم بے نظیر

استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کا نسخہ ہے۔ جو ثبور القضاء یعنی ارٹنگل، پھوڑہ اور جراحات خبیثہ کے لئے (جو عام مرہموں سے اچھے نہیں ہوتے) مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاو ترکیب: کافور، مردہ سنگ، سفیدہ ہر ایک ایک تولہ، شنگرف تین ماشہ، زنگار دو ماشہ، موم سفید 4 تولہ، سفیدی بیضہ مرغ دو عدد، روغن گل دس تولہ، سفیدی بیضہ مرغ اور کافور کھرل میں حل کریں۔ دوسری دوائیں الگ الگ پیس کر رکھ لیں۔ پھر روغن گل جلا کر مردہ سنگ ملا دیں۔ جب سیاہ رنگ ہو جائے تو زنگار ملا کر دس منٹ کے بعد شنگرف ملائیں اور اتار لیں۔ پھر سفیدہ اور موم ڈال کر قدرے سرد ہونے پر سفیدی بیضہ مرغ شامل کر کے آہنی دستہ سے حل کر لیں۔ بس مرہم اکسیر تیار ہے۔

ترکیب استعمال: روزانہ کاربالک یا نیم کے پانی سے دھو کر لگائیں۔ اگر زخم ٹھیک صاف نہ ہو۔ تو پہلے چند دن یہ پلٹس استعمال کر لیں۔

## (193) پھوڑوں کے پکانے والا عمدہ پلٹس

جو بہت جلد ہر قسم کے پھوڑے کو پکا کر، پھاڑ دیتا ہے۔ نیز زخم کو بھی اچھا کر دیتا ہے۔ کئی دفعہ تجربہ کیا

ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** آرد تخم حرمل' آرد تخم السی ہر ایک ایک تولہ' میدہ گندم 6 ماشہ' روغن [illegible] 1. تولہ' ہلدی' سہاگہ' سندھور ہر ایک 1. ماشہ' قند سیاہ 5 تولہ' پانی 7 تولہ' قند سیاہ کو پانی میں پکا کر [illegible] بناؤ۔ آرد حرمل' السی میدہ کو تیل میں بریان کرو۔ اب شربت اور آرد حرمل وغیرہ کا حلوہ بنا کر [illegible] سہاگہ' ہلدی باریک شدہ ملاؤ اور نیم گرم استعمال کرو جب درد ہونے لگے دوبارہ اسی پلٹس کو گرم کر [illegible] باندھا جائے۔ بڑے بڑے فائدے دکھانے والا نسخہ ہے۔

## (194) نسخہ برائے چوٹ وضربہ اکسیر

**اجزاو ترکیب:** ہالیہ' میدہ سک' اجوائن خراسانی' چونہ' بجی' وج ہلدی' تج' لودھ پٹھانی' موچرس [illegible] دیسی ہر ایک 6 ماشہ' قند سیاہ کہنہ 5 تولہ' قند سیاہ کا قوام کر کے تمام ادویات (جو پہلے کوٹ چھان لی گئی [illegible] ملا کر غلولے بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** وقت ضرورت پانی میں رگڑ کر نیم گرم ضماد کریں۔ اور خشک ہونے کے بعد [illegible] سے ٹکور کریں۔ .غفلہ دو دن میں درد اور ورم کو آرام ہو گا۔

## (195) ضماد اکسیر چنبل

جو ایک سیاح سے بصد مشکل حاصل ہوا۔ اور دارالصحت سلطانیہ کی مشہور دوا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مغز جمال گوٹہ 4 ماشہ' دار چکنا 2 ماشہ دو عدد لیموں کے پانی یا سرکہ 5 تولہ میں [illegible] کے ضماد کریں۔

**نوٹ:** اس سے کچھ تکلیف ضرور ہوتی ہے۔ مگر ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے۔

## (196) عرق مصفی خون اکسیر خارش وغیرہ

اگر خارش کو مسہل' فصد' مالش وغیرہ تمام حیلوں سے فائدہ نہ ہو۔ تو یہ عرق استعمال کرا کر [illegible] کرشمے دیکھیں۔ علاوہ اس کے آتشک' پھوڑہ پھنسی' وجع المفاصل' ضعف معدہ کے لئے نہایت [illegible] ہے۔ اور لطف یہ کہ بالکل آسان ہے۔ ہمارا ہر وقت کا معمول اور بے خطا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** چرائتہ 10 تولہ باریک کر کے تین پاؤ پانی میں آٹھ پہر تک بھگو رکھیں پھر مل چھان [illegible] بوتل میں ڈال کر پوٹاسی آیوڈائیڈ 4 ماشہ ملا کر خوب ہلائیں تاکہ مل جائے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ تولہ صرف ایک وقت دودھ گھی بکثرت استعمال کرائیں۔

## (197) گولیاں برائے آتشک

آتشک کی جامع الاوصاف گولیاں جو ایک ہفتہ عشرہ میں ہی آتشک کو نیست و نابود کر دیتی ہیں۔ [illegible] شخص انہی گولیوں سے آتشک کا علاج کرتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مغز جمالگوٹہ مدبر تولہ، رسکپور، پارہ، آملہ سار، لونگ ہر ایک 6 ماشہ، کافور 3 ماشہ، کتھ، مرچ سیاہ ہر ایک 9 ماشہ، مغز جمالگوٹہ، کتھ، مرچ سیاہ۔ لونگ کو چار پہر تک کھرل کریں۔ پارہ اور آملہ سار کو الگ آدھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ پھر سب کو آپس میں ملا کر ایک گھنٹہ تک آب گھیکوار سے کھرل کریں اور حب بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی ہمراہ آب سرد استعمال کرائیں۔ غذا چوری یا دال مونگ، کدو، توری، ٹنڈے وغیرہ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

## (198) گولیاں قرحہ باطنی

یہ گولیاں بھگندر، ناسور، خنازیر، سلعہ، رسولی وغیرہ کے لئے نہایت عمدہ ہیں۔ جس پرانے پھوڑے سے پیپ بہت خارج ہو رہی ہو اور کسی مرہم سے فائدہ نہ ہو تو ان گولیوں کے ایک ماہ تک کھلانے سے بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ ناسور کے لئے اکیس یوم کھلانا کافی ہوتا ہے۔ اور آتشک کو بھی مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب:** رسکپور، لونگ ہر ایک ایک تولہ، چہار اجوائن 4 تولہ قند سیاہ کہنہ (گڑ پرانا) 5 تولہ، قند سیاہ کے سوائے باقی دوائیں الگ الگ باریک کھرل کریں۔ پھر قند سیاہ ملا کر حمام دستہ میں خوب کوٹیں۔ اگر قند سیاہ خشک ہو تو قدرے پانی ملا لیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح اور ایک شام کو ہمراہ گھی ایک گھونٹ استعمال کرائیں۔ غذا خالی روٹی ہمراہ روغن زرد، گوشت مرغن جس میں نمک کم ہو۔ نمک مرچ اور میٹھی نیز تیل والی غذاؤں سے پرہیز کرائیں۔

**فوائد:** بھگندر، ناسور، خنازیر، رسولی، آتشک کے لئے کامیاب علاج ہیں۔ تمام باطنی زخموں اور پھوڑے پھنسیوں کو خشک اور مندمل کرتی ہیں۔

## (199) ضماد چنبل کہنہ

چنبل کے عارضہ کو مفید ہے۔ عموماً تین چار دن استعمال کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** نیلہ تھوتھہ، لوٹہ کھار، ہریاول ہر ایک ایک تولہ دودھ آک 12 تولہ، روغن کنجد 8 تولہ، خشک دوائیں باریک کرکے پیتل کے فراخ برتن میں ڈالیں۔ اور شیرہ و روغن تھوڑا تھوڑا ملا کر کانسی کے کٹورے سے رگڑنا شروع کریں۔ حتیٰ کہ یہ دونوں چیزیں ختم ہو کر پتلا سا ضماد تیار ہو جائے۔

**ترکیب استعمال:** چنبل پر لگا کر مریض کو تھوڑی دیر کے لئے دھوپ پر ٹھہرنے کی ہدایت کریں۔

## (200) مرہم اکسیر خنازیر یعنی کنٹھ مالا

یہ مرض جس قدر بدنما اور مشکل سے دور ہونے والا ہے۔ ویسے ہی اس کی تسلی بخش دوائیں بھی کم یاب ہیں۔

یہ نسخہ ہمیں خاص طور پر اپنے پیر خانہ عالیہ سے عطا ہوا۔ جو کسی صادق مرید نے ارادت اور محبت

سے وہاں نذر کیا تھا۔ اس نسخہ کی جس قدر کامیابی اور شہرت دربار حضرت سلطان باہو صاحبؒ پر ہو چکی
اور جو کچھ عاجز نے اس کے متعلق تجربہ کیا ہے اس کو مد نظر رکھتے ہوئے بلا مبالغہ کہنا پڑتا ہے۔ کہ
خرچ بالا نشین نسخہ (جو خنازیر جیسی شکل مرض کو شرطیہ اڑا دیتا ہے) کتابی صورت میں شائع کرنا تو کجا
دوست آشنا کو بتلانے کے قابل بھی نہیں تھا مگر الحمد للہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس نیاز مند کو بخل وحسد
معیوب مرض سے امان میں رکھا ہوا ہے لہٰذا نسخہ عجیبہ درج کتاب کر دیا جاتا ہے آگے آپ مالک ہیں
قدر کریں یا نہ کریں۔ تجربہ خود بخود بتلا دے گا۔
پس حاجت مند اصحاب اس متبرک نسخہ کی آزمائش کر کے میرے دعوے کی تصدیق فرمائیں۔
ایمان اور دھرم سے یہ اندازہ بھی لگائیں کہ علاوہ دیگر 210 نسخہ جات کے صرف یہی ایک نسخہ مجرب
سلطانی کی قیمت ادا کرتا ہے یا نہ۔ افسوس ہے ان بے انصاف ناظرین کے حال پر جو بلا سوچے سمجھے
دیتے ہیں کہ کتاب کی قیمت حجم کے لحاظ سے زیادہ ہے۔ اب نسخہ موصوفہ ملاحظہ فرمایئے۔

**اجزاو ترکیب**: مرچ سیاہ، نیلہ تھوتھہ، حنا سرخ یعنی مہندی ہر ایک ایک تولہ الگ الگ کھرل کر
وزن کرلیں اور پھر مکھن 10 تولہ میں (جو سو دفعہ پانی میں دھو لیا گیا ہو) خوب ملائیں۔ بس مرہم اکسیر
نظیر تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**: حسب ضرورت باریک کپڑا پر لگا کر زخم پر چسپاں کریں۔ اگر زخم نہ بنے ہوں
گلٹیاں ہی ہوں تو ان پر پھپے لگا کر لگائیں۔ پہلے زخموں کو کھول کر خوب صاف کر دیتی ہے اور پھر آہستہ
آہستہ زخم مندمل ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ عاجز کا تجربہ صرف زخموں پر ہوا ہے۔ بہتر ہے کہ جب
اچھے ہونے شروع ہو جائیں۔ تو خنازیر کا کھانے والا نسخہ نمبر 200 بھی تیار کر کے ساتھ ساتھ
کرائیں۔ تاکہ مادہ دوبارہ تیار نہ ہو۔ اور خون صاف ہو کر ہمیشہ کے لئے منحوس مرض سے نجات حاصل
جائے۔ یا کوئی اور مناسب عرق مصفی خون استعمال کرائیں۔

نوٹ: یہ ایک تحفہ چیز ہے۔ اس کی ضرور قدر کرنا اور سچائی اور ایثار کا انصاف کرنا۔

## (201) دوائے مار گزیدہ ①

یہ دوا نہایت سریع الاثر اور عجیب چیز ہدیہ ناظرین ہے۔ نیز بچھو کے زہر کے لئے بھی مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب**: کھوپرا (چھلکا) انڈا طاؤس (مور) (جن سے بچے نکل چکے ہوں)۔ لوٹہ کھار، نوشادر خا
ایک ایک تولہ، گیرو 2 ماشہ سب دوائیں باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال**: وقت ضرورت ایک چٹکی بھر پانی میں گھول کر پلا دیں۔ نیش (ڈنگ) کی جگہ پر پچھنے
کر تھوڑی سی دوائی لکڑی وغیرہ کے ذریعہ مل دیں۔ تاکہ زخم کے اندر سرائت کر جائے۔
اگر زہر نے پورے طور پر اثر نہ کیا ہو تو ایک ہی دفعہ کھلانا اور لگانا کافی ہو گا۔ ورنہ حسب ضرورت
دن میں دو تین بار گھول کر پلایا جائے اور زخم پر بھی دوبارہ لگایا جائے۔

نوٹ: نوشادر سے وہ سفید جوہر مراد ہے جو اینٹیں پکانے والے آوہ کے کناروں پر لگا ہوا ہوتا ہے۔

---

پکانے والے لوگ اس چیز کو جانتے ہیں۔
نوٹ: انڈے توڑ کر ان کے چھلکے استعمال
(202
یہ دوائی مار گزیدہ کے لئے کئی دفعہ عم
**اجزاو ترکیب استعمال**: کشتہ سنکھ نم
گھی استعمال کرائیں۔ حسب ضرورت
باندھیں۔ اگر صرف گھی استعمال نہ کر
جائے۔
(2
خارش تریعنی پاں کے لئے نہایت
**اجزاو ترکیب**: جوائن، تخم حرمل پ
باریک کرکے روغن میں خوب جلائیں
**ترکیب استعمال**: وقت ضرورت
کے استعمال سے شفا ہوگی۔
(2
یہ نسخہ گنٹھیہ یعنی وجع مفاصل
آٹھ دس دن سے زیادہ استعمال کرا
**اجزاو ترکیب**: سم الفار سفید 4
میں خوب کھرل کرکے دانہ باجرہ کے
**ترکیب استعمال**: ایک گولی صبح
**فوائد**: درد گنٹھیہ (وجع مفاصل)
(205)
وجع مفاصل خصوصاً بلغمی درد
مجرب اور آزمودہ ہیں۔
**اجزاو ترکیب**: کچلہ مدبر 5 تو
دوائیں کر باریک کھرل کرکے شہد کی

پکانے والے لوگ اس چیز کو جانتے ہیں۔

نوٹ: انڈے توڑ کر ان کے چھلکے استعمال کئے جائیں تو وہ بھی کام دیتے ہیں۔

## (202) دوائے مار گزیدہ ②

یہ دوائی مار گزیدہ کے لئے کئی دفعہ عمل میں آچکی ہے۔ اس سے یقیناً بہت ہی فائدہ ہوتا ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** کشتہ سنکھ نمبر 63 ایک تولہ سہاگہ تین تولہ باریک کر کے ملا لیں۔ 1. ماشہ ہمراہ گھی استعمال کرائیں۔ حسب ضرورت و موقعہ دن میں دو یا تین خوراک دیں۔ اور زخم پر بھی یہی باندھیں۔ اگر صرف گھی استعمال نہ کر سکے۔ تو اس میں دودھ ملا کر اور مصری سے میٹھا کر کے دے دیا جائے۔

## (203) دوائے خارش تر

خارش تر یعنی پاں کے لئے نہایت مجرب ہے اور تیار بھی آسانی سے ہو جاتی ہے۔

**اجزاو ترکیب:** جوائن، تخم حرمل ہر ایک 1. تولہ، پیاز 2 تولہ، روغن سرسوں 10 تولہ، پہلی تینوں دوائیں باریک کر کے روغن میں خوب جلائیں۔ اور دستہ آہنی سے رگڑ کر حل کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** وقت ضرورت دن میں ایک یا دو بار پھنسیوں پر مل دیا کریں۔ بفضلہ تین چار دن کے استعمال سے شفا ہو گی۔

## (204) گولیاں برائے گنٹھیہ

(صندوقچہ کا اطمینانی نسخہ)

یہ نسخہ گنٹھیہ یعنی وجع مفاصل کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ جو میرے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ آٹھ دس دن سے زیادہ استعمال کرانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ نیز قوت و امساک کے لئے بھی مفید ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** سم الفار سفید 4 ماشہ، پھل کتائی خورد یعنی موکڑی پختہ تین عدد، دو دن تک آب لیموں میں خوب کھرل کر کے دانہ باجرہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح 5 تولہ گھی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** درد گنٹھیہ (وجع مفاصل) کے لئے اکسیر بے نظیر ہیں۔ نیز قوت باہ و امساک پیدا کرتی ہیں۔

## (205) حبوب کچلہ برائے وجع المفاصل

وجع مفاصل خصوصاً بلغمی درد اور ریحی درد، درد معدہ، درد اعصاب کے لئے کئی دفعہ تیار کی ہیں۔ مجرب اور آزمودہ ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** کچلہ مدبر 5 تولہ، سونٹھ، مرچ سیاہ، فلفل دراز ہر ایک 2. تولہ، مصبر ایک تولہ، سب دوائیں باریک کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال**: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گائے استعمال کرائیں۔ گھی زیادہ کھلائیں۔ کپڑ بدر کرنے کی ترکیب صفحہ نمبر122 پر درج ہے۔

**فوائد**: وجع مفاصل بلغمی درد' ریحی درد' درد معدہ' درد اعصاب کے لئے نہایت مفید ہیں۔

## (206) روغن اوجاع

وجع مفاصل' ذات الجنب' ریحی درد وغیرہ بدن کے جس حصہ میں درد ہو۔ اس تیل کی مالش سے نفع ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال**: روغن ارنڈ یعنی ہرنولی' روغن السی' روغن تارا میرا' عقر قرحہ' جوائن' مال کنگنی' تخم حرمل ہر ایک پانچ تولہ' خشک دوائیں جوکوب کر کے آب خالص 1. سیر میں چار پہر تک بھگو رکھیں پھر نرم آگ پر جوش دیں۔ حتیٰ کہ پانی چھٹا حصہ باقی رہ جائے۔ پھر مل چھان کر ہرسہ روغن مذکور ملا کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پانی جل جائے۔ تو اتار کر دوبارہ کپڑے میں چھان لیں۔ وقت ضرورت جس جگہ درد ہو مالش کر کے روئی گرم باندھ دیں۔ اور اسے محفوظ رکھیں۔

**فوائد**: وجع مفاصل' ذات الجنب' ریحی درد وغیرہ اور بدن کے جس حصہ میں درد ہو نہایت ہی مفید ہیں۔

# متفرقات

## (207) تریاق زہر پارہ' رسکپور وغیرہ

اگر رسکپور' سنکھیا' پارہ' دار چکنا کا خام کشتہ استعمال کیا جائے یا دشمنی سے کوئی شخص کھلا دے تو بعض اوقات جان تو بچ جاتی ہے مگر یہ زہر تمام جسم میں پھیل کر درد اعضاء خصوصاً جوڑوں کا درد' تپ خفیف دائمی' ورم عام بدن وغیرہ وغیرہ تکلیفیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اور آدمی اٹھنے بیٹھنے تک سے لاچار ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے یہ معمولی سا نسخہ کئی بار تجربہ کرنے پر بے خطا ثابت ہوا ہے۔ اس سے روزانہ ایک دو اسہال ہو جاتے ہیں۔ اور مریض کو پہلے دوسرے دن ہی تندرستی ہونی شروع ہو جاتی ہے۔ آدمی دن بدن طاقتور ہوتا جاتا ہے۔ پندرہ بیس دن استعمال کرنی پڑتی ہے۔ اس سے متعدد ردی مریض شفایاب ہوئے۔ نہایت بے خطا نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب**: لیموں پختہ دو عدد لے کر ان کے چار ٹکڑے بنا لیں اور گائے کا ایک سیر تازہ دودھ چار پیالیوں میں ڈال لیں پس لیموں کے ایک ٹکڑا کو دودھ کی ایک پیالی میں نچوڑ کر مریض فی الفور پلا دیں۔ تاکہ دودھ پھٹنے نہ پائے۔ پھر دوسرے ٹکڑے کو دودھ کی ایک پیالی میں نچوڑ کر پلائیں۔ علی ہذا القیاس چاروں حصے یک لخت ختم کریں۔ اسی طریق پر ہر صبح دو لیموں اور ایک سیر دودھ استعمال کریں۔

## (208) بال اڑانے کا بے ضرر عرق

**اجزاو ترکیب**: بیرم سلفائیڈ 2. تولہ' کافور باریک کیا ہوا 2 ماشہ' پانی سخت گرم 12 تولہ' سب کو آتشی

شیشی یا کھلے منہ والی بوتل میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ اور مضبوط کارک لگا کر رکھ دیں ایک گھنٹہ کے بعد زرد شدہ صاف پانی اوپر سے نتھار کر دوسری شیشی میں ڈالیں۔ خوشنما عرق تیار ہو جائے گا۔

**ترکیب استعمال:** وقت ضرورت روئی وغیرہ کے ذریعہ بالوں پر خوب لگا کر پانچ چھ منٹ کے بعد پانی سے دھو ڈالیں۔ بال صاف ہو کر جلد مثل ریشم کے نکل آئے گی۔

## (209) نیلہ تھوتھہ سے تانبہ نکالنے کا سہل طریق

**اجزا و ترکیب:** نیلہ تھوتھہ عمدہ ایک پاؤ، تر بحلہ باریک شدہ تین پاؤ، نیلہ تھوتھہ باریک پیس کر کڑاہی آہنی میں (جس میں ململ کا باریک کپڑا بچھایا گیا ہو) پھیلا کر رکھ دیں۔ اور تر بحلہ ڈال کر ہاتھ سے خوب دبا دیں۔ اب اس پر پیالہ اوندھا رکھ کر اوپر ایک اینٹ پختہ رکھ دیں۔ اور کڑاہی پانی سے بھر دیں۔ دس بارہ دن با حفاظت پڑا رہنے کے بعد پانی گرا کر دیکھیں۔ تر بحلہ کے نیچے تانبہ کی نرم سی ٹکیہ موجود ہو گی۔ یہ نسخہ فن کیمیا کے متعلق ہے۔ مہوسی لوگ اس تانبہ سے ہملان سرخ تیار کرتے ہیں۔ چونکہ عاجز کا اس طرف خیال نہیں۔ اس لئے آگے کا عمل دریافت نہیں کیا گیا۔ نیلہ تھوتھہ کا تانبہ خالص اور صاف ہوتا ہے۔ اسی لئے نیز آسان دیکھ کر یہ نسخہ سیکھ لیا گیا۔ کہ کشتہ جات وغیرہ میں کام دے گا۔

## (210) سفوف حابس خون ہر قسم

استاذ الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کا معمول ہے۔

**اجزا و ترکیب:** دم الاخوین، کہربا، نشاستہ، صمغ عربی، کتیرا، تخم خرفہ، طباشیر ہر ایک ایک تولہ، سنگ جراحت، گل ملتانی ہر ایک 2 تولہ، بسد تین تولہ۔ سب دوائیں باریک کر کے ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:** تین ماشہ ہمراہ شیر بز استعمال کرائیں۔

## (211) گولیاں درد اعصابی و عرق النساء

پٹھوں کی دردوں کے لئے اکسیر ہے۔ اور عرق النساء کے لئے نہایت مفید ہے۔

**اجزا و ترکیب:** پوست بیخ حنظل یعنی اندرائن، شنگرف مدبر، مرچ سیاہ، کچلہ مدبر ہر ایک ایک تولہ۔ سب دوائیں کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ گھی استعمال کرائیں۔

**تمت**

LIKE US ON
facebook
Tibbi Books for
Atiba Karam

# سندات

مجربات سلطانی حصہ اول کے متعلق جس قدر تعریفات، سندات اور ریویو ہمیں موصول ہوئے ہیں۔ ان میں چند بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں۔

## طبی اور غیر طبی اخبارات کے ریویو

**رسالہ مشیر الاطباء لاہور:** مجربات سلطانی مرتبہ جناب حکیم محمد یار خان صاحب مجربات کا ایک قابل قدر ذخیرہ ہے۔ اس کے اکثر نسخے جناب رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب اور حکیم ڈاکٹر محمد بخش صاحب مرحوم طبیب خاص نواب صاحب بہاولپور کے معمولات مطب ہیں۔ امراض صعب و عسرالبرء کے مجربات کی طرف خصوصاً توجہ کی گئی ہے۔ مجربات کے متعلق یہ کہنا کافی ہو گا۔ کہ ان میں سے بعض نسخے خود ہمارے معمولات میں شامل ہیں۔ اور ہمیں یہ دیکھ کر مسرت ہوئی ہے کہ حکیم صاحب نے بغیر کسی گونہ بخل و امساک کے اپنے نسخوں کے اصلی اجزا لکھ دیے ہیں۔ امراض سر، امراض چشم، امراض قلب وغیرہ کے مجربات اور کشتہ جات کے بہت مفید معلوم ہوتے ہیں۔ اور ہمیں توقع ہے کہ اگر ان کو پورے اجزا کے ساتھ بنایا جائے تو وہ بہت مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔

اطباء کرام اس نادر مجموعہ کو ضرور خرید فرمائیں اور ان مجربات کو معمول مطب بنائیں۔

**رسالہ المعالج امرتسر:** یہ بہترین کتاب جناب عمدۃ الاطباء حکیم مولوی محمد یار صاحب سند یافتہ درجہ اول مدرسہ طبیہ لاہور کی تازہ تصنیف ہے۔ اس میں آپ نے سر سے پاؤں تک کی امراض کے وہ وہ مجرب اور مفید نسخہ جات جمع کئے ہیں۔ جو کہ واقعی اکسیری درجہ رکھنے والے ہیں۔ گو آپ کا دعویٰ ہے کہ اس میں جس قدر نسخہ جات درج ہیں۔ جب تک ان کا بارہا پہلے تجربہ کر کے اطمینان نہیں کر لیا گیا درج کتاب نہیں کئے گئے۔ اور ان کی صحت کا ہر طرح سے اطمینان دلاتے ہیں مگر جہاں تک ہماری نظر نے مطالعہ کیا ہے ہم کہہ سکتے ہیں۔ کہ نسخہ جات واقعی مفید اور بے نظیر ہیں۔ بعض بعض نسخہ جات تو حکیم صاحب نے واقعی دریا دلی سے ظاہر فرما کر طبی دنیا پر نہایت احسان کیا ہے۔ وہ احباب جو خاص مجربات کے متلاشی ہیں۔ یہ کتاب منگوا کر مطالعہ فرمائیں۔ امید ہے کہ وہ اسے امید سے بڑھ کر پائیں گے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت اعلیٰ ہے۔

**رسالہ بصرۃ الاطباء شاہدرہ-لاہور:** حکیم صاحب نے اس کتاب میں مختلف قسم کے مجربات بہ ترتیب کتب قدیمہ امراض سر سے پاؤں تک لکھے ہیں۔ کتاب کا حجم 164 صفحات، سرورق رنگین کتابت، طباعت بہت عمدہ ہے۔ مجربات میں سے اکثر نسخے اچھے معلوم ہوتے ہیں۔ تجربہ نہیں ہو سکا۔

**رسالہ الحکیم لاہور:** یہ کتاب مجرب نسخہ جات کا ایک مجموعہ ہے جو حال ہی میں عمدۃ الاطباء حکیم

مولوی محمد یار صاحب سند یافتہ مدرسہ طبیہ لاہور مقیم للیانی ضلع شاہ پور نے شائع کیا ہے۔ کل نسخے 211 ہیں جن میں تقریباً ہر مرض کا نسخہ آگیا ہے۔ نسخوں کی عمدگی کے متعلق ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان میں اکثر نسخے عالی جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کے معمولہ ہیں۔ کتاب کی لکھائی چھپائی اچھی، کاغذ عمدہ، تعداد صفحات 164 قیمت ایک روپیہ۔

**اخبار المنیر لاہور**: ہم نے اس کتاب کو سرسری نظر شروع سے اخیر تک دیکھا ہے۔ اس میں عام معمول مطب نسخہ جات کے علاوہ بہت سے اچھے اچھے نسخہ جات سستی، نامردی، جریان، سرعت سوزاک، آتشک وغیرہ قریباً کل امراض کے فراخ دلی سے درج کئے گئے ہیں۔ تمام امراض کے باترتیب باب باندھے گئے ہیں۔ اور مجربات کے علاوہ اکثر جگہ امراض کی تشریح بھی کی گئی ہے۔ ہم علم طب سے واقفیت رکھنے کی بنا پر یہ بات وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ کتاب مجموعی حیثیت سے بہت اچھی ہے۔ اس کے نسخہ جات اچھے اور خاص معلوم ہوتے ہیں۔ لکھائی، چھپائی، کاغذ اعلیٰ قیمت فی جلد ایک روپیہ رکھی گئی ہے جو مجربات کے لحاظ سے زیادہ معلوم نہیں ہوتی۔

**رسالہ مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ**: اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنے تمام صدری اکسیری مفید ترین نسخہ جات کو جمع کر دیا ہے۔ اور آپ کا دعویٰ ہے کہ کوئی غیر مجرب نسخہ اس میں درج نہیں کیا گیا ہے۔ ہم نے بھی چند ایک نسخہ جات کو آزمایا اور مفید پایا ہے۔ قریباً بدن انسانی کے تمام امراض کے 211 مجربات اس میں درج ہیں۔ لکھائی چھپائی عمدہ تقطیع 18X22 ضخامت 164 صفحات۔ قیمت

# ریویو و تصدیق

فخر الحکماء استاذ الاطباء علامہ زمان افلاطون دوران حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مہتمم مدرسہ طبیہ سلیمیہ و مالک شفاخانہ عالیہ سلیمیہ لاہور۔

ہمارے شاگرد رشید حکیم مولوی محمد یار صاحب نے اپنی نو تالیف کتاب مجربات سلطانی بغرض ریویو ہمیں بھیجی ہے جسے ابتدا سے انتہا تک بغور دیکھا۔ مجربات کے متعلق یہ کہنا کافی ہو گا کہ کتاب میں تہائی سے زیادہ خود ہمارے ہر وقت کے معمول مطب اور صندوقچہ کے خاص الخاص نسخہ جات درج ہیں۔ جن میں سے کئی نسخے ہمارے دیے ہوئے اور حکیم صاحب کے اپنے حاصل کردہ ایسے ہیں جو واقعی مخفی رکھنے کے قابل تھے۔ ہمارے نسخہ جات میں سے بعض بعض کے ساتھ مصنف نے حوالہ بھی دے دیا ہے۔ مزید براں دیگر اعلیٰ اعلیٰ نسخہ جات درج کئے ہیں۔ جن کے ذریعہ پیچیدہ اور صعب امراض کا بخوبی علاج کیا جا سکتا ہے۔ کتاب دیکھ کر ہمیں نہایت مسرت حاصل ہوئی ہے کہ حکیم صاحب نے اچھے اچھے نسخہ جات حاصل کر کے شائع کر دیئے ہیں لہٰذا مجربات کے طلبگاروں کو یقین دلایا جا سکتا ہے۔ کہ وہ اس کتاب کے نسخہ

جات کو معمولی اور عام تصور نہ فرمائیں۔ جو کہ انہیں مفت میں حاصل ہو رہے ہیں۔ فقط

دستخط۔ حکیم مفتی سلیم اللہ

## عام خریداران حکماء اور غیر حکماء صاحبان کی سندات و تصدیقات

**مولوی حکیم سلطان احمد صاحب** حاذق و طبیب کامل سند یافتہ درجہ اول پنجاب یونیورسٹی لاہور مقیم گوجرہ منڈی ضلع لائل پور۔ آپ نے مجربات سلطانی لکھ کر بخل کو ہی دور نہیں کیا۔ بلکہ عام پبلک خصوصاً اردو خواندہ اصحاب پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ اور طب قدیم کے بہت سے فوائد کوڑیوں کے مول ظاہر کر دیئے گئے ہیں۔ چنانچہ سردرد، خفقان، مبارکی، جریان کے نسخہ جات اور جلاب کی ہدایات اور پیچش کی تشخیص وغیرہ بہت اعلیٰ اور کم خرچ بالا نشین کے مصداق ہیں۔ میں نے اس کتاب کے مندرجہ ذیل نسخہ جات آزمائے ہیں جو صحیح اور عمدہ ثابت ہوئے۔

① نسخہ چٹکی اطفال مندرجہ صفحہ 55 اکثر بچوں پر تجربہ کیا گیا۔ جن لوگوں کے گلے ڈاکٹروں کے جلانے سے بھی اچھے نہیں ہوئے تھے اس کے چند روزہ استعمال سے آرام ہوا۔

② نسخہ جلاب تربد اور جلاپہ والا مندرجہ صفحہ 66 خاکسار کا اکثر دستور العمل ہے۔ واقعی ہمہ صفت موصوف سب مزاجوں کے موافق اور بے ضرر جلاب ہے۔ مگر یاد رہے کہ نیاز مند پہلے منضج ضرور کرا لیں۔

③ کشتہ بارہ سنگھا دودھ آک والا مندرجہ صفحہ 36 کھانسی بلغم کے لئے اکسیر ثابت ہوا۔ الغرض اس کتاب کے جس قدر بھی نسخہ جات ہیں انہیں دیکھتے ہی کامیابی کا یقین ہو جاتا ہے۔ میری ناقص رائے میں تمام اردو خواندہ اصحاب خصوصاً اہل فن کو ضرور یہ کتاب خریدنی چاہئے۔

**حکیم لالہ وزیر چند صاحب** نندہ ریڈر مال تحصیل بسوہلی ضلع جموں۔ میں نے مجربات سلطانی کو ابتدا سے انتہا تک پڑھا۔ کتاب کی لکھائی۔ چھپائی اعلیٰ نسخہ جات واقعی سینہ کے راز اور قابل قدر و عزت ہیں۔ مالک حقیقی دیگر برادران وطن کو بھی اسی طرح بلا بخل اظہار نسخہ جات کی توفیق دے۔

**حکیم محمد عبداللہ صاحب** امام جامع مسجد خاص روڑی۔ کتاب دیکھتے ہی دل باغ باغ ہو گیا۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ بھی ماشاءاللہ نہایت عجیب ہے اور نسخہ جات کا تو کہنا ہی کیا ہے۔ جزاکم اللہ خیر الجزا۔ ایں کار از تو آئد مرداں چنیں کنند۔ گو اس سے پہلے مجربات کی بہت سی کتابیں چھپ چکی ہیں لیکن یہ اپنی صفت میں نرالی ہے۔

**علامہ پیر باوا میاں صاحب** حکیم مقام بلساڑ، لوہارواڑ مسری روڈ بی بی اینڈ سی آئی ریلوے ملک گجرات، ماشاءاللہ مجربات نادرہ پر مجربات سلطانی نے مزید اضافہ کیا۔ آپ کی ہمدردی اور فیض رسانی قابل تحسین و ستائش ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کاوش کا گوناگوں صلہ نصیب فرمائے۔ آمین۔

**حکیم منشی شیخ ٹیپو** صاحب محلہ لالہ پیٹ مقام گنتور، مجربات سلطانی موصول ہوئی۔ بہت عمدہ کتاب ہے۔ لہٰذا مہربانی فرما کر ایک جلد اور بپتہ ذیل پر بذریعہ وی پی ارسال فرمائیں۔

**رئیس الاطباء فاضل اجل حکیم غلام حیدر صاحب سیتاپور** - اس میں شک نہیں کہ یہ رسالہ قدر کی نگاہوں سے دیکھنے کے قابل ہے۔ اور میں اسے دیکھ کر بہت محظوظ ہوا۔

**حکیم مولوی عبدالحی صاحب** مقام و گھرپار ڈاکخانہ بازید پور ضلع میمن سنگھ بعد مطالعہ کتاب معلوم ہوا۔ کہ **ھذا شی عجیب** فی الحقیقت یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ آپ کی ذات مقدس نے بخل اور ذاتی منفعت کو خیرباد کہہ کر ایسے نادر الوجود در بے بہا مجموعہ کو ایثار کر کے ناظرین کو فیض یاب کیا۔ میری نظر سے ایسا مخفی اور نادر مجربات کا بمعہ تفصیل ذخیرہ کبھی نہیں گزرا۔ شاباش حکیم صاحب شاباش۔ خداوند کریم آپ کی عمر دراز کرے۔ نیز اور ہمت و توفیق بخشے۔

**بابو رام چند صاحب** : حکیم حاذق کرنال - آپ نے یہ کتاب لکھ کر خلق خدا پر بڑا احسان کیا ہے۔ میری رائے میں ہر ایک حکیم، وید، ڈاکٹر کو اس کے زود اثر نسخوں سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ کتاب کیا ہے۔ ایک نعمت بے بہا ہے۔ گویا دریا کوزہ میں بھر دیا گیا ہے۔ اگر اس کی قیمت دس روپیہ رکھی جاتی تو بھی کم تھی۔ میں نے اس کتاب کے بہت سے نسخہ جات آزمائے ہیں جو کہ اکسیر ثابت ہوئے۔

**حکیم مولوی قاضی خان** صاحب مالک شفاخانہ فیض عام رتوچھ ضلع جہلم مجربات سلطانی کا مطالعہ کیا۔ اس کے تمام نسخہ جات اعلیٰ درجہ کے مفید معلوم ہوتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ آپ نے دریا کوزہ میں بند کر دیا ہے۔ میں نے مندرجہ ذیل نسخہ جات آزمائے ہیں۔

1 کشتہ ازاراقی نمبر16 عمدہ تیار ہوا اور درد گنٹھیہ کے لئے مفید ہے۔
2 گولیاں درد شکم گل آک اور مرچ سیاہ والی نمبر61 بہت ہی زود اثر ہیں۔
3 جلاب لاجواب نمبر93 بہت ہی اعلیٰ جلاب ہے۔ عام تپوں میں منضج، الائچی کلاں اور سونف والا استعمال کرا کر یہ جلاب دیا جائے۔ تو تپ زائل ہو جاتا ہے بلکہ معمولی تپ تو صرف منضج کے استعمال کرنے سے ہی اتر جاتے ہیں۔ خداوند کریم آپ کو اس کے بدلہ میں جزائے خیر دے۔ آمین۔

**حکیم محمد صالح** صاحب شیروانی - طبیہ کالج دہلی - جناب کی کتاب مجربات سلطانی قبلہ حکیم فرید احمد صاحب عباسی ہاؤس فزیشن طبیہ کالج دہلی کے پاس دیکھی۔ نسخہ جات دیکھنے سے واقعی اطمینان بخش معلوم ہوتے ہیں۔ مگر چونکہ کتاب نہیں۔ اس واسطے ایک جلد بھیج دیں۔

**حکیم مولوی سید فتح علی شاہ** صاحب مقام کھروٹہ سیداں ضلع سیالوٹ - آپ نے خوب دریا دلی سے پوری ترکیب کے ساتھ نسخہ جات درج کئے ہیں۔ کوئی بخل اور اخفا نہیں رکھا۔ میں نے منجن، بھنگڑی اور سوڑے والا تیار کیا مفید ثابت ہوا۔ نیز کشتہ سنگ یہود پتھری والے پر استعمال کیا۔ نہایت مفید ثابت ہوا۔

**مسٹر کے عالم خاں** صاحب مقام بڑوانی سنٹرل انڈیا براستہ مہو - درحقیقت یہ کتاب الفاظ اشتہار سے

بدرجہ غائت اعلیٰ پیمانہ کی ہے۔ اس کی خاص خوبی یہ ہے کہ مجربات سہل الحصول ہونے کے علاوہ کم قیمت اجزاء سے مرکب ہیں۔ جناب نے فی الحقیقت حدیث شریف خیر الناس من ینفع الناس پر پورا عمل کیا ہے۔ مرحبا جزاک اللہ' خداوند کریم اپنے پاک حبیب کی طفیل جناب کو اجر عظیم عطا کرے۔ آمین۔

**جناب اوصاف احمد** صاحب صدیقی سب انسپکٹر قصبہ بجز گڈھ ضلع عیسیٰ گڈھ ریاست گوالیار آپ نے در بے بہا کتاب مجربات سلطانی لکھ کر واقعی دریا دلی کا ثبوت دیا۔ اور ملک پر کمال احسان فرمایا ہے۔ نیز بخیل اور گندم نما جو فروش حکیموں کو خوب شرمندہ کیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم اور ثواب دارین عطا فرمائے۔ آمین۔

**جناب پیر بخش** صاحب بازار پیر بخاری کوئٹہ۔ مجربات سلطانی کے ایک دو نسخہ جات تیار کئے جو کہ بہت ہی اعلیٰ ثابت ہوئے ہیں۔ واقعی نایاب کتاب ہے۔

**جناب لالہ گردھاری لال** صاحب پنساری قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ۔ آپ کی تصنیف مجربات سلطانی واقعی قابل تعریف ہے۔ آپ نے ٹھیک بخل کو بالائے طاق رکھا ہے۔ میں آپ کو مبارک باد دیتا ہوں۔

**جناب منشی عبدالعزیز** صاحب پٹواری نہر موضع راجڑ تحصیل خوشاب واقعی آپ نے صدری نسخہ جات ظاہر کرنے میں کوئی بخل نہیں کیا۔ ایسے نسخہ جات ہی لوگ قبر میں لے جاتے ہیں اور بتلاتے نہیں۔

**جناب ملک رفیق احمد** صاحب لائل پور۔ کتاب مجربات سلطانی نظر سے گزری بے شک بعض قیمتی نسخوں کے ظاہر کرنے سے آپ نے دنیا پر احسان کیا ہے۔ خدا پاک جزائے خیر دے۔

**جناب بخشی دیوان چند** صاحب کلرک دفتر کیمیکل ایگزامینر صاحب بہادر جموں مجربات سلطانی موصول ہوئی۔ بندہ آپ کی دیانتداری کی داد دیتا ہے۔ مجھے ایک ہی نسخہ آزمانے کا موقعہ ملا ہے۔ جو کہ بالکل درست ہے۔ ایک تین سالہ لڑکی درد کان سے لاچار تھی۔ آپ کا تحریر کردہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے جادو اثر ثابت ہوا۔

**جناب بھوانی لال** صاحب عرائض نویس بیاور ضلع میرواڑہ۔ مجربات سلطانی کا نسخہ نمبر 169 (گولیاں قبض کشا معمول مطب سلیمی) بنایا۔ عمدہ ثابت ہوا۔

LIKE US ON
facebook
Tibbi Books for
Atiba Karam